# مذہبِ شیعہ

تصنیف

حضرت شیخ الاسلام علامہ محمد قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور - کراچی ○ پاکستان

# مذہب شیعہ

تصنیف

حضرت شیخ الاسلام علامہ محمد قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور ۔ کراچی ○ پاکستان

marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں


| | |
|---|---|
| نام کتاب | مذہب شیعہ |
| مصنف | شیخ الاسلام علامہ محمد قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ |
| بفیضان نظر | حضرت خواجہ محمد حمید الدین سیالوی برکاتہم العالیہ |
| تاریخ اشاعت | ستمبر 2004ء |
| تعداد | دو ہزار |
| ناشر | محمد حفیظ البرکات شاہ |
| کمپیوٹر کوڈ | 1Z251 |
| قیمت | -/42 روپے |

ملنے کے پتے

# ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔ فون: 7221953 فیکس:۔ 042-7238010

9۔ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ فون: 7225085-7247350

14۔ انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون: 021-2212011-2630411۔ فیکس:۔ 021-2210212

e-mail:- zquran@brain.net.pk


marfat.com

# فہرست مضامین

| | |
|---|---|
| حضور شیخ الاسلام خواجہ محمد قمرالدین سیالوی رحمتہ اللہ علیہ | 7 |
| نادر اساس | 19 |
| ایمان کی بنیاد، تقیہ | 20 |
| عمدہ استدلال | 23 |
| قرآن کے متعلق عقیدہ | 24 |
| شاید کے اتر جائے...... | 25 |
| مذہب شیعہ کی اساس | 26 |
| نکتہ | 28 |
| شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ممدوح | 30 |
| کشف الغمہ کا تعارف | 32 |
| کشف الغمہ کی گواہی | 35 |
| ایک اور معتبر گواہ | 37 |
| رافضی کون ہیں | 38 |
| رافضیوں کو قتل کردو | 41 |
| ہاں وہ صدیق ہیں (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) | 42 |
| ہے کوئی ذی شعور؟ | 43 |
| صاحب کشف الغمہ | 44 |
| معصوم ائمہ پر اعتراض | 45 |
| تو فتنہ باز ہے | 47 |
| عمر بزبان علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) | 48 |
| خلفاء ثلاثہ بزبان ابن عباس (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) | 49 |

marfat.com

| | |
|---|---|
| ذرا غور فرمائیں | 51 |
| شہید کربلا کی بے خبری | 53 |
| نصیب اپنا اپنا | 53 |
| شیر خدا بیعت کرتے ہیں | 54 |
| الٹی منطق | 55 |
| سوچیں ذرا | 57 |
| حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام خطوط | 59 |
| اخلاق کا نادر نمونہ | 62 |
| ایک اور مثال | 64 |
| تو پھر شور کیسا؟ | 66 |
| خلافت فاروق بزبان علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) | 68 |
| غصب یا رضا | 69 |
| خلافت علی کی وصیت (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) | 71 |
| حضرت علی کا جواب (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) | 73 |
| بیعت صدیق کا وعدہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) | 76 |
| خلفاء ثلاثہ بزبان حضرت حسن (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) | 78 |
| واقعہ ہجرت | 79 |
| تحریف کا نادر نمونہ | 83 |
| فضیلت والا کون | 84 |
| عمر، داماد علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) | 85 |
| نیاز مندانہ مشورہ | 86 |
| انتظار کس بات کا | 88 |


marfat.com

| | |
|---|---|
| حدیث قرطاس | 89 |
| خم غدیر | 90 |
| ناطقہ سر بگریباں ہے | 92 |
| لطیفہ | 94 |
| یہ استدلال اور طرز استدلال | 95 |
| قرآن کا انکار | 98 |
| اپنوں کی مخالفت کیوں | 101 |
| مذہب شیعہ کا بانی | 102 |
| ذکر پدید آمدن مذہب رجعت در سال سی و پنجم ہجری | 103 |
| ۳۵ ہجری میں رجعی مذہب پیدا ہونے کا ذکر | 104 |
| بہت بڑا افتراء پرداز | 107 |
| شیعہ منافق ہیں | 109 |
| قاتلین امام حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) | 110 |
| تقیہ کی ضرورت | 112 |
| باغ فدک | 113 |
| راویوں کا تجزیہ | 116 |
| حدیث کو پرکھنے کی کسوٹی | 117 |
| نمازِ جنازہ میں تکبیریں | 119 |
| برے نام سے اجتناب | 123 |
| عجیب لطیفہ | 123 |
| وائے افسوس! | 124 |


marfat.com

بندہ پروردگارم امتِ احمد نبی
دوستدارم چاریار تابع اولادِ علیؓ
مذہب حنفیہ دارم ملتِ حضرت خلیلؑ
خاکِ پائے غوثِ اعظم زیرِ سایہ ہر ولی

marfat.com

## حضور شیخ الاسلام

## حضرت خواجہ محمد قمر الدین سیالوی رحمتہ اللہ علیہ

برصغیر پاک و ہند میں بسنے والے فرزندان اسلام کے لئے انیسویں صدی بڑے درد و کرب کی صدی تھی۔ ہندوستان کی وسیع و عریض مسلم مملکت بیسیوں چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں بٹ چکی تھی۔ ہر ریاست کا حکمران اپنی ذاتی وجاہت کے لئے یوں از خود رفتہ ہو چکا تھا کہ اسے نہ ملت کا غم تھا۔ نہ ہی قوم کے آفتاب اقبال کے غروب ہونے کا کوئی دکھ تھا۔ مسلمان اب آپس میں دست و گریبان تھے۔ دہلی شہر جو صدیوں سے ہندوستان میں اسلامی سلطنت کا مرکز رہا تھا، اپنے فرمانرواؤں کی نااہلی کے باعث اپنا اثر و رسوخ کھوتا جا رہا تھا، اس سے بھی زیادہ المناک بات یہ تھی کہ بندہ مومن کا رشتہ اپنے کریم رب اور اپنے رؤف و رحیم مرشد سے کمزور ہوتا جا رہا تھا عقیدے اور عمل کی مختلف بدعتوں نے اسلامی معاشرہ کو نڈھال کر دیا تھا۔ مسجدیں ویران تھیں، مدرسے بے چراغ تھے۔ خانقاہیں جہاں کبھی اللہ تعالیٰ کے شیر تشریف فرما ہوا کرتے تھے، اب روباہ کیش اور حقیقت اسلام سے بالکل بے بہرہ ملنگوں اور قلندروں کے تصرف میں تھیں۔

نور معرفت سے منور چہرے اور سجدوں کے نشانوں سے تابندہ پیشانیاں خال خال نظر آجاتی تھیں۔ وہ چشمے خشک ہوتے جا رہے تھے جو قوموں کی کشت حیات کو سیراب کرتے ہیں۔ وہ تارے یکے بعد دیگرے ڈوبتے چلے جا رہے تھے جو زندگی کے صحراؤں میں بھٹکنے والے راہروؤں کو اپنی منزل کا نشان بتاتے تھے۔

آپ خود سوچئے جہاں امراء ایک دوسرے کو پچھاڑنے کی سازشوں میں رات دن سرگرم ہوں، جہاں عوام اپنے منبع حیات سے روز بروز دور ہوتے جا رہے ہوں،

marfat.com

وہاں عوام کی ذلت ونکبت، زوال وادبار کے علاوہ اور کس چیز کی توقع کی جا سکتی ہے وہ قوم جو اپنی تعداد کی قلت کے باوجود محض اپنے حسن عمل کے بل بوتے پر اتنے بڑے ملک پر صدیوں سے حکمرانی کرتی رہی تھی آج اس قوم میں وہ خوبیاں قصہ ماضی بن چکی تھیں جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسلامی حکومت کا آفتاب 1857ء کی ایک شام کو غروب ہو گیا، ان محلات کی اینٹ سے اینٹ بجادی گئی جن میں بسنے والے اپنے خالق کو بھول چکے تھے۔ جن کے رات دن عیش و عشرت میں بسر ہوتے تھے ۔ جن کے ایوانوں میں ہر لمحہ ناؤ ونوش اور رقص و موسیقی کی محفلیں بپا رہتی تھیں۔ چھ ہزار میل دور سے آئے ہوئے انگریز نے اپنے خالق کے باغیوں کو بھیڑ بکری کی طرح ذبح کر دیا۔ علماء کرام کو تختہ دار پر لٹکا دیا۔ مدرسوں کو مقفل کر دیا گیا۔ علم و حکمت کے قیمتی نوادرات کو نذر آتش کر دیا گیا اور عام مسلمان، انگریز اور ہندو کی دوہری غلامی کی زنجیروں میں جکڑ دیا گیا۔

ہر طرف مایوسی کا اندھیرا چھایا ہوا تھا امید کی کوئی کرن کسی گوشہ سے بھی جھانکتی نظر نہیں آتی تھی لوگوں نے یہ سمجھ لیا تھا کہ اب اسلام کا چراغ اس ملک میں دوبارہ روشن نہیں ہو گا مسلمان کا وجود حرف غلط کی طرح اس ملک کی تاریخ سے محو کر دیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت کے انداز بھی بڑے نرالے ہیں۔ جب مایوسیاں چاروں طرف سے گھیرا تنگ کر لیتی ہیں، جب محرومیاں زندہ رہنے کی حسرت بھی دل سے چھین لیتی ہیں۔ عین اس وقت رحمت الٰہی ایک ایسے آفتاب کے طلوع ہونے کا اہتمام فرماتی ہے جو اس شب دیجور کو صبح سعید سے بہرہ ور کرنے کا باعث بن جاتی ہے۔ اس کی شعاعوں کو وہ تابشیں مرحمت فرماتا ہے جس کی شوخیوں کو دیکھ کر سارا عالم تصویر حیرت بن کر رہ جاتا ہے۔

پنجاب کے ضلع شاہ پور کے ایک گاؤں کو جس کا نام بھی کسی کو معلوم نہ تھا

marfat.com

قدرت نے اپنے ایک مقبول بندے کی پیدائش کے لئے پسند فرمایا۔ "سیال" کی چھوٹی سی بستی میں حضرت میاں محمد یار رحمتہ اللہ علیہ کے گھر میں ایک ایسا چراغ معرفت روشن ہوا۔ جس نے غم و حرماں کی اس تاریک رات میں چراغاں کر دیا۔ گھنے درختوں کے جھرمٹ میں چند کچے کوٹھے تھے۔ اس میں ایک ایسا مرد سعید پیدا ہوا۔ جس نے ایک عالم کے سوئے ہوئے بخت کو بیدار کر دیا اور لاکھوں کی بگڑی ہوئی تقدیروں کو سنوار دیا۔ ماں باپ نے اس فرزند ارجمند کا نام شمس الدین تجویز کیا۔ رحمت خداوندی نے اس کو شمس العارفین کے منصب جلیل پر فائز کیا۔ اس کے آستانہ عالیہ پر حاضر ہونے والے ذکر الٰہی اور سنت نبوی ﷺ کی پیروی کا ذوق فراواں اور اسلام کے پرچم کو پھر اونچا لہرانے کا عزم جواں لے کر واپس لوٹتے۔ چند سالوں میں ملک کے طول و عرض میں ایسی خانقاہوں کا ایک جال بچھ گیا جہاں خود فراموش انسانوں کو خود شناسی اور خداشناسی کی منزل تک پہنچانے کا اہتمام کیا جاتا۔ اللہ تعالیٰ نے اس پاک ہستی سے احیائے دین اور ملت کی شیرازہ بندی کا جو کام لیا تو اس کو دیکھ کر زمانہ ماضی کے اولوالعزم اولیاء کرام کے کارناموں کی یاد تازہ ہو گئی۔

حضرت خواجہ شمس العارفین قدس سرہٗ کے بعد آپ کے فرزند جلیل حضرت خواجہ محمد دین اپنے والد بزرگ کی خوبیوں کا پیکر جمیل بن کر زینت بخش سجادۂ فقر ہوئے آپ نے اپنے پدر بزرگوار کی اس تحریک کو مزید پختگی اور توانائی بخشی یہ سلسلہ فقر و درویشی رفتہ رفتہ بڑے بڑے شہروں سے گزر کر ان دور افتادہ دیہات تک پھیل گیا جو پہاڑوں اور صحراؤں میں گھرے ہوئے تھے۔

حضرت ثانی غریب نواز علیہ الرحمۃ کے بعد آپ کے فرزند ارجمند حضرت خواجہ ضیاء الملت والدین قدس سرہٗ نے صرف آستانہ عالیہ سیال شریف کو ہی نہیں صرف سلسلہ چشتیہ نظامیہ کو نہیں بلکہ جملہ سلاسل فقر و درویشی کو چار چاند لگا دیئے اور انگریز کے تسلط اور کفر کے تغلب کے خلاف اجتماعی جدوجہد کا آغاز ہوا۔ اسلام کا

marfat.com

یہ شیر دل مجاہد جس نے تمام عمر انگریز کے اقتدار کو ہر میدان میں للکارا تھا صرف پینتالیس سال کی عمر میں فردوس بریں کو سدھارا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے خلوص کو اس طرح نوازا کہ حضرت شیخ الاسلام خواجہ محمد قمر الدین سیالوی قدس سرہٗ جیسا فرزند عظیم مرحمت فرمایا۔ پون صدی تک آپ زندگی کے افق پر چودھویں کا چاند بن کر چمکتے رہے، نور بکھیرتے رہے، ہر قسم کی ظلمتوں کو شکست پر شکست دیتے رہے اور آپ کے وصال پر ساری ملت اشکبار ہے آپ کے نیاز مند مختلف انداز سے اپنی نیاز مندیوں کا اظہار کر رہے ہیں۔

آپ کی ہمہ صفت موصوف شخصیت کے کس پہلو کا ذکر کیا جائے اور کس کا ذکر نہ کرنے پر قناعت کی جائے، اس گلستان جمال و کمال کے گل چینوں کے لئے یہ مرحلہ بڑا صبر آزما ہے۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو ظاہری حسن عطا فرمایا تھا اس کی ہمیں تو کہیں نظیر نہیں ملتی، روشن چہرہ، اونچی بنی، چمکتی ہوئی غزالی آنکھیں، جبین سعادت کی کشادگی، داڑھی مبارک کا بانکپن قلب و نظر کو اسیر کر لینے والی تابدار زلفیں، جمال کی رعنائیوں کے باوجود جلال الٰہی کا ایسا پرتو چہرے پر ضو فگن رہتا تھا کہ بارگاہ اقدس میں لب کشائی کی ہمت نہ ہوتی تھی۔

جذبہ جہاد رگ و پے میں ہر لحظہ موجزن رہتا تھا جہاد کی تیاری کے لئے جسمانی ورزش اور شکار آپ کا محبوب مشغلہ تھا۔ آپ کو قیمتی اور خوب صورت گھوڑوں سے بڑی محبت تھی۔ انمول نسل کی اپنی پسندیدہ گھوڑی کی پشت پر بیٹھ کر صبح سے شام تک ہرنوں کے تعاقب میں صحرا نوردی آپ کی بہترین تفریح تھی۔ کچھ عرصہ بازوں کے شکار کا بڑا شوق رہا۔ ان تمام مشاغل کے پیچھے حظ نفس نام کی کوئی چیز نہ تھی محض جہاد کی تیاری کے لئے جسمانی ریاضت مقصد اولین تھا۔ گھوڑوں سے محبت بھی صرف اس لئے تھی کہ یہ جہاد فی سبیل اللہ کا ذریعہ ہے۔ بہترین بندوق بہترین

marfat.com

را ئفل اور بہترین ریوالور سے آپ کا شوق دیدنی تھا۔ بھاگتے ہوئے ہرنوں کو، اڑتے پرندوں کو گولی کا نشانہ بنانا۔ آپ کے نزدیک ایک معمولی بات تھی۔ آپ کا نشانہ خطا ہو جائے یہ ممکن ہی نہ تھا۔

میں یقین سے یہ کہہ سکتا ہوں کہ ان تمام سرگرمیوں کی روح کفار اور انگریز کے خلاف جذبہ جہاد تھا جو آخر وقت تک آپ کے دل میں چٹکیاں لیتا رہا۔ اپنے رب کریم کی بارگاہ میں آپ شہادت کے لئے ہمیشہ دست بدعا رہا کرتے۔ جب کشمیر کو آزاد کرانے کے لئے جہاد شروع ہوا تو آپ نے اپنے عقیدت مندوں کو اس جہاد میں حصہ لینے کی ترغیب دی۔ جو سینکڑوں کی تعداد میں سب سے اگلے مورچوں پر بھارت کی فوجوں سے برسر پیکار رہے، اور ان کے چھکے چھڑا دیئے۔ مجاہدین کشمیر کی مالی خدمت کرنے کے علاوہ آپ نے بے شمار سپاہیوں کو اسلحہ اور بارود اپنی گرہ سے خرید کر مہیا کیا اور اس کی کبھی نمائش نہ کی۔ جب 1965ء کی جنگ شروع ہوئی تو آپ نے اپنے کاشانہ اقدس کی تمام خواتین کے تمام زیورات افواج پاکستان کی خدمت میں پیش کر دیئے اور اس بے مثال قربانی کا کبھی اظہار نہ ہونے دیا۔

لنگر شریف میں اللہ تعالیٰ کی بڑی برکت تھی روز و شب سینکڑوں مہمانوں کو کھانا دیا جاتا۔ رقم جمع کرنے کا آپ کو قطعاً شوق نہ تھا جو آیا، خرچ ہو گیا۔ یحییٰ خاں دور میں جب کالے دھن پر قابو پانے کے لئے حکومت نے اعلان کیا کہ فلاں تاریخ تک پانچ پانچ سو اور سو سو کے نوٹ واپس کر دیئے جائیں تو لوگ اپنے نوٹوں کو تبدیل کرنے کے چکر میں رات دن سرگرداں اور پریشان تھے۔ قبلہ حضرت خواجہ صاحب نے خود مجھے بتایا کہ میری جیب میں اس وقت صرف آٹھ آنے تھے اس لئے مجھے قطعاً کوئی فکر نہ تھی۔ اللہ تعالیٰ کے بندے صرف اپنے دلوں کو ہی نہیں اپنی جیبوں کو بھی دولت سے پاک رکھتے ہیں۔

ملک میں جب کوئی دینی یا ملی تحریک اٹھی اور اس کے لئے جانی مالی قربانی کی

marfat.com

ضرورت محسوس ہوئی تو اللہ تعالیٰ کا یہ بندہ اپنی ساری بے نیازیوں کے باوصف
السابقون الاولون کے زمرہ میں ہمیشہ پیش پیش نظر آتا ہے آپ کا جہاد صرف سیف
وسنان کے جہاد تک محدود نہ تھا، بلکہ قلم وزبان سے بھی آپ حق کی سربلندی کے
لئے ساری عمر مصروف عمل رہے باطل کسی روپ میں اور ملک کے کسی کونہ میں اگر
سر اٹھاتا تو حضرت خواجہ محمد قمر الدین کا ڈنڈا اس کی کھوپڑی پر پٹاخ پٹاخ برسنے لگتا۔

انگریزی دور میں فتنوں کا سیلاب اُمڈ کر آ گیا کہیں عیسائیت کے نام نہاد مبلغ
اسلام کی حقانیت پر اپنے طعن و تشنیع کے تیر برساتے، کہیں ختم نبوت کے انکار کا
فتنہ، کہیں شان رسالت میں گستاخی کرنے والوں کی ہرزہ سرائیاں، کہیں صحابہ کرام
کی بارگاہ اقدس میں گستاخی کرنے کے لئے منظم سازشیں، کہیں اہل بیت کرام کی
عظمت وناموس پر زباں درازیاں الغرض اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ رسول ﷺ کا
محبوب مجاہد سب سے لڑا۔ سب کے سامنے سینہ سپر ہوا اور سب کو بتائید الٰہی
شکست فاش سے دوچار کیا۔

ہندوستان کی آزادی کے لئے جب تحریک چلی تو کانگریس پیش پیش تھی جس
کی قیادت متعصب اور تنگ نظر ہندوؤں کے ہاتھ میں تھی۔ لیکن ہندو مہاشوں کی
مکاری نے بہت سے مسلمانوں کو اپنا ہمنوا بنالیا تھا۔ بڑے بڑے علماء، زعماء، فضلاء بھی
ہندوستانی قومیت کے پرستار اور ہندو لیڈروں کے ہمنوا تھے اس وقت اللہ تعالیٰ نے
ملت مصطفویہ کو انگریز اور ہندو کی غلامی کے شکنجے سے بچانے کے لئے انتظام فرمایا۔

قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ نے پاکستان کا مطالبہ کیا تو حضور خواجہ صاحب نے
اپنے نور فراست سے قائداعظم کے مؤقف کی حقانیت کو بھانپ لیا اور ملک کے
بڑے بڑے دانشور یہ فیصلہ نہیں کر پائے تھے کہ قائداعظم کے دعویٰ میں کوئی
مقبولیت ہے یا نہیں، یا یہ قابل عمل بھی ہے یا نہیں۔ آپ نے ڈنکے کی چوٹ
پورے عزم ویقین کے ساتھ پاکستان کے حصول کے لئے جہاد میں قائداعظم کا

marfat.com

اقت اور اعانت کا اعلان کر دیا اور تاریخ کے صفحات اس بات کے گواہ ہیں کہ اس
د حق نے جو قدم اٹھایا وہ اس وقت تک نہیں رکا جب تک منزل نے بڑھ کر قدم
ہیں چومے۔

صوبہ سرحد میں ریفرنڈم کی مہم از بس خطرناک تھی۔ خان برادران کا یہاں
طی بول رہا تھا وہ گاندھی کے اندھے پرستار تھے اور سرخ پوش تحریک کی مقبولیت
یہ عالم تھا کہ صوبہ سرحد کے ہر شہر اور ہر گاؤں میں اس کے سرخ پرچم لہرا رہے
ے اگر اس ریفرنڈم میں مسلم لیگ شکست کھا جاتی تو پاکستان کا خواب تعبیر سے پہلے
منتشر ہو جاتا۔ جن لوگوں کی جوانمردی نے ملت مسلمہ کے لئے سرحد میں
میابی کے راستے ہموار کئے بلا شبہ ان مجاہدین کی صف اول میں حضرت خواجہ محمد قمر
دین کا چمکتا ہوا چہرہ آپ کو نمایاں نظر آئے گا۔

پاکستان معرض وجود میں آنے کے بعد اگرچہ عرصہ دراز تک موت وحیات کی
شمکش میں رہا۔ جن لوگوں کو اس کی زمام اقتدار سونپی گئی انہوں نے اپنی نااہلی یا خیانت
رمانہ کے باعث اس نوزائیدہ مملکت کی مشکلات میں اضافہ ہی کیا، لیکن 1970ء کا
دور ساری ملت کے لئے بے حد تشویشناک تھا۔ اس وقت یہاں ایسی تحریک
روع ہوئی جو اسلام کے بجائے سوشلزم کو ملک کا دستور حیات بنانے کا عزم کر کے
ٹھی تھی اس سے قبل جو حکمران آئے انہوں نے بھی اگرچہ نظام مصطفیٰ کے نفاذ
کے لئے کوئی قابل ذکر خدمت انجام نہیں دی تھی۔ اور اگر کوئی قدم اس سمت میں
ٹھایا بھی تو بڑی بے دلی سے، لیکن یہ دور تو اپنے دامن میں ہنگامہ رستاخیز سمیٹ کر
یا تھا۔

بھٹو کی عیاریوں نے قوم کے ذہنوں میں اشتراکیت کا نقش اس طرح ثبت کر دیا
اب عام شاہراہوں پر اسلام مردہ باد کے نعرے سنائی دینے لگے۔ اب خوف آنے
تھا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ جو ملک لاکھوں شہیدوں نے اپنا خون بہا کر اور اپنی رنگ

marfat.com

رنگیلی جوانیاں لٹا کر اسلام کی خاطر حاصل کیا تھا۔ اس میں کہیں مارکس اور لینن وغیرہ یہودیوں کا ابلیسی نظام نہ نافذ ہو جائے۔

بھٹو کے ساتھیوں کے نعرے بڑے گرجدار تھے ساری فضا سہمی سہمی تھی بڑے بڑے سیاستدان منقار زیر پر تھے۔ کئی علماء بھی بایں جبہ و دستار اسلام کے (کے نام پہ حاصل کردہ) اس وطن میں سوشلزم کے کانٹے بونے کے لئے بھٹو کا ساتھ دے رہے تھے خوف وہراس، دہشت ویاس کے اس ماحول میں ایک آواز بلند ہوئی کہ "پاکستان سوشلزم کا قبرستان بنے گا۔" ساری قوم چونک اٹھی اور بیگانے اس نعرہ لگانے والے کی جرأت وبسالت پر انگشت بدنداں رہ گئے وہ آنکھیں مل مل کر اس جوانمرد کا چہرہ دیکھنے کے لئے بے تاب تھے جس نے اپنی صدائے دلنواز سے ملک بھر میں ہلچل پیدا کر دی تھی۔

وہ نعرہ لگانے والا کون تھا؟

وہ ہم سنیوں کا آقا، ہم چشتیوں کا مرشد، حضرت خواجہ محمد قمرالدین سیالوی تھے اس نعرہ نے صور اسرافیل کا کام کیا۔ اور سوئی ہوئی ملت بیدار ہو گئی اور اس کے بیدار ہونے کی دیر تھی کہ باطل کے نعروں کی وہ کڑک ختم ہو گئی وہ طلسم ٹوٹ گیا، جس نے ساری قوم خصوصاً نوجوان نسل کو بری طرح اپنی گرفت میں لے لیا تھا۔ ایسے نازک دور میں کالعدم جمعیت علماء پاکستان کی قیادت اور اسلام کی عظمت کا جھنڈا جب حضرت شمس العارفین کے خانوادے کے اس اولوالعزم مرد حق نے اپنے ہاتھ میں اٹھالیا تو میدان جنگ (عمل) کا نقشہ پلٹ کر رکھ دیا۔ اور بھٹو اور اس کے حواریوں کے وہ ارادے خاک میں مل گئے جو اس گلشن اسلام کو ویران کر کے اسے اشتراکیت کا مرکز بنانا چاہتے تھے۔

غلامان مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء پہلے انگریز کے خلاف برسرپیکار تھے۔ پھر ہندو سے جنگ آزما ہوئے۔ پھر داخلی فتنوں نے ان کی ساری توجہ اپنی طرف مبذول

marfat.com

رکھی۔ اس عرصہ میں فتنہ مرزائیت ہر قسم کی مزاحمت سے بے خوف ہو کر اپنے پاؤں پھیلاتا رہا، اپنی بنیادیں مضبوط کرتا رہا۔ انہیں اپنے وسائل کو منظم کرنے، اپنی سازشوں کو مرتب کرنے کے لئے طویل فرصت مل گئی۔ سول کے محکموں میں پہلے ہی ان کے لوگ کلیدی آسامیوں پر قابض تھے اس عرصہ میں انہوں نے بری، بحری اور ہوائی افواج میں بھی اپنی پوزیشن مستحکم کرلی۔ یہاں تک کہ پاکستانی فضائیہ کا سربراہ اعلیٰ ایک قادیانی (ظفر چوہدری) بننے میں کامیاب ہو گیا اور اس میں اتنی جرأت پیدا ہو گئی کہ ماہ دسمبر میں ربوہ میں ان کی جو سہ روزہ کانفرنس ہوئی۔ اس موقع پر اس نے پاکستانی فضائیہ کے طیاروں کو حکم دیا کہ وہ اس کے جھوٹے نبی جھوٹے خلیفہ کو سلامی دیں۔

انہیں یہ توقع تھی کہ ایک جست میں وہ پاکستان کے اقتدار پر قبضہ کرلیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم ﷺ کی امت کو انگریزوں کے ان پٹھوؤں، اسلام اور ملت اسلامیہ کے دشمنوں کی خطرناک سازشوں سے بچانے کے لئے ربوہ کے ریلوے سٹیشن پر رونما ہونے والے ایک معمولی سے واقعہ کو اس کا ذریعہ بنا دیا۔ پھر ختم نبوت کی تحریک ملک کے کونہ کونہ میں پھیل گئی۔ یہاں تک کہ حکومت مجبور ہو گئی کہ وہ مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے۔ اس وقت بھی حضرت شیخ الاسلام نے جو قائدانہ اور مجاہدانہ کردار انجام دیا وہ محتاج بیان نہیں۔

تحریک نظام مصطفیٰ ﷺ میں بھی آپ کی خدمات تا ابد تابندہ و درخشندہ رہیں گی۔

رمضان المبارک کی چودہ تاریخ تھی جمعہ کا دن تھا زائرین کے ہجوم سے آستانہ عالیہ کا کونہ کونہ بھرا ہوا تھا۔ یہ جمعہ حضرت غریب نواز رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی مسجد میں ادا فرمایا اور اپنے خدام کو اور اپنے پروانوں کو دعاؤں کے ساتھ الوداع کیا۔ اس دن خلاف معمول روزہ گھر میں اپنے اہل و عیال کے ساتھ افطار فرمایا۔ رات سیال

marfat.com

شریف میں بسر کی۔ حضرت صاجبزادہ غلام نصیر الدین صاحب کے صاجبزادے علاج کے لئے لاہور گئے ہوئے تھے ان کی مزاج پرسی کے لئے لاہور جانے کا پروگرام بنایا۔ سحری تناول فرمانے کے بعد حضرت غریب نواز نے، حضرت شمس العارفین کے روضہ مقدسہ پر حاضری دی اور دعائے خیر کے بعد اپنی زندگی کے آخری سفر پر روانہ ہوئے۔

سرگودھا لاہور سڑک پر (سرگودھا سے چند میل کے فاصلے پر) چک نمبر 11 کا پل ہے۔ آپ کا عمر بھر کا ڈرائیور غلام حیدر جو پینتالیس سال سے آپ کا ڈرائیور تھا، کار چلا رہا تھا، صبح کے سات بج رہے تھے۔ سورج طلوع ہو چکا تھا ہر طرف روشنی ہی روشنی تھی کہ چک نمبر 11 کے پل کے قریب غلام حیدر نے سامنے سے ایک ٹرک آتا ہوا دیکھا وہ غلط سمت سے آ رہا تھا محتاط ڈرائیور نے اپنی سابقہ روایات کے مطابق گاڑی کو اور بائیں جانب کر لیا، لیکن ٹرک نے اپنی سمت درست نہ کی تو غلام حیدر نے حضرت کی گاڑی کو کچے راستے پر اتار لیا لیکن ٹرک کا ڈرائیور معلوم نہیں نشہ میں دھت تھا یا سو رہا تھا اپنے ٹرک کو کنٹرول نہ کر سکا۔ اچانک ایک دھماکہ ہوا۔ قیامت خیز دھماکہ، جس نے گاڑی کا کچومر نکال دیا ڈرائیور غلام حیدر اپنے آقا کے قدموں میں نذرانہ جان پیش کر کے وہیں سرخرو ہوا۔

ایک دوسرا خادم اللہ بخش، جس کی چند روز بعد شادی ہونے والی تھی، وہ پچھلی سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا۔ اس کو شہادت کا تاج پہنا دیا گیا۔ شاید ایسے جان نثار اور جان باز خدام کے لئے ہی حضرت مرزا مظہر جان جاناں رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا۔

بنا کردند خوش رسمے بہ خون و خاک غلطیدن
خدا رحمت کند این عاشقان پاک طینت را

باقی دو ساتھی حاجی محمد نواز جو حضرت کا دیرینہ اور رازدار خادم ہے اس کا بازو کئی جگہ سے ٹوٹ گیا۔ چوتھا ساتھی محمد اسلم بری طرح زخمی ہوا۔

marfat.com

حضرت قبلہ غریب نواز ڈرائیور کے ساتھ پہلی نشست پر تشریف فرما تھے۔
دھماکہ سن کر ارد گرد سے لوگ دوڑے ہوئے آئے حضرت کو باہر نکالا گیا آپ کی دائیں ٹانگ کی پنڈلی کی ہڈی کریک ہوئی تھی۔ چہرہ مبارک اور جسم کے دوسرے حصے بالکل صحیح سلامت تھے آپ کو کار سے نکال کر جب باہر چارپائی پر ڈالا گیا تو ایک آدمی نے پانی پیش کیا۔ آپ نے پینے سے انکار کر دیا۔ فرمایا: میں روزہ سے ہوں۔ پھر ٹرک میں چارپائی بچھا کر لٹا دیا گیا اور ڈسٹرکٹ ہسپتال سرگودھا لایا گیا۔

اس المناک حادثہ کی خبر، جنگل کی آگ کی طرح آناً فاناً پھیل گئی۔ لوگوں کے ٹھٹ کے ٹھٹ ہسپتال میں جمع ہو گئے۔

بھیرہ میں ہمیں شام کے بعد اس حادثہ کی اطلاع ملی، لیکن اطلاع دینے والے نے ساتھ یہ بھی بتایا: حضور بخیر وعافیت ہیں۔ دوسری صبح سویرے عیادت اور زیارت کے لئے میں مع اپنے عزیزوں کے سرگودھا پہنچا۔ اس وقت ڈاکٹر صاحبان مرہم پٹی کر رہے تھے۔ ہسپتال کا سارا کھلا میدان نیاز مندوں اور عقیدت مندوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ سب کی زبان پر کلمات شکر تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے کریم آقا کو اس جانکاہ حادثہ سے بچالیا ہے۔

ہم لوگ خوش تھے کہ تقدیر کی کمان کا تیر خطا ہوا، لیکن تقدیر ہماری کم نگاہی پر مسکرا رہی تھی۔

دو روز تک آپ ڈسٹرکٹ ہسپتال سرگودھا میں زیر علاج رہے۔ صدر محترم جنرل محمد ضیاء الحق کو جب اس سانحہ کا علم ہوا تو بے چین ہو گئے، ہر دس پندرہ منٹ کے بعد حضرت کی خبر گیری کے لئے فون کرتے رہے اور ڈاکٹروں کو تاکید کرتے رہے کہ علاج معالجہ میں کسی قسم کی کوتاہی نہ ہو۔

سترہ رمضان المبارک کو ڈاکٹروں نے مشورہ دیا کہ آپ کو علاج کے لئے سی ایم ایچ لاہور لے جایا جائے۔ چنانچہ آپ کو وہاں لے جایا گیا وہاں کے ڈاکٹروں نے جب

marfat.com

انگلیوں کے ناخنوں کی رنگت دیکھی تو سراپا یاس بن گئے اور کہا کہ بہت لیٹ آئے ہو۔ سی ایم ایچ کے قابل ڈاکٹروں کی جملہ مساعی کے باوجود حکم الٰہی پورا ہوا اور وہ عظیم ہستی جو پون صدی تک چودھویں کا چاند بن کر زندگی کے افق پر نور افشانیاں کرتی رہی تھی۔ ہماری آنکھوں سے اوجھل ہو گئی اور دار فانی سے رخت سفر باندھ کر اپنے محبوب حقیقی کی بارگاہ صمدیت میں نعمت حضوری سے شرفیاب ہو گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

زمانہ اپنی شب غم کو منور کرنے کے لئے ایسے قائد کی تلاش میں سرگرداں رہا، لیکن صد حیف کہ اس کی یہ سعی بار آور نہ ہوئی۔ امت مسلمہ اپنے اس قائد کی یاد کو ہمیشہ سینوں سے لگائے رکھے گی جس نے ہر مشکل مرحلہ پر بڑی جرأت کے ساتھ اس کی راہنمائی فرمائی۔

حلقہ مریدین اپنے شیخ کے نورانی چہرہ کی زیارت کے لئے تڑپتے ہی رہیں گے۔ طالب علموں کے ساتھ محبت کرنے والے، علماء کی قدر و منزلت کو پہچاننے والے، اہل بیت نبوت کے ادب و احترام کا حق ادا کرنے والے، صحابہ کرام کی ناموس کے پاسبان اور شمع جمال محمدی ﷺ کے ایسے دلسوختہ پروانہ، اور ذکر الٰہی سے ایک لمحہ کے لئے بھی غافل نہ ہونے والے، اہل دل کی آنکھوں کے نور، اہل خرد کے پیشوا اور کاروان عشق و مستی کے قافلہ سالار، شیخ الاسلام والمسلمین حضرت خواجہ محمد قمر الدین رضی اللہ عنہ وارضاہ۔ بظاہر ہماری آنکھوں سے نہاں ہو گئے، لیکن ان کی عقیدت و محبت کے چراغ ہمیشہ جگمگاتے رہیں گے۔

ماخوذ مقالات

از

ضیاء الامت حضرت پیر محمد کرم شاہ رحمۃ اللہ علیہ

آستانہ عالیہ بھیرہ شریف

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہٖ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ وَاَصْحٰبِہٖ اَجْمَعِیْنَ، اَمَّا بَعْدُ!

آج کل خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی خلافت راشدہ کے انکار میں جس شور و شر کے مظاہرے کئے جا رہے ہیں اور امت مرحومہ کی آخرت تباہ کرنے اور اس دنیا میں افتراق و انشقاق اور فتنہ و فساد کی آگ مشتعل کرنے میں جو ہنگامے بپا کئے جا رہے ہیں اور اس تمام فتنہ پردازی اور شر انگیزی پر پردہ ڈالنے کے لئے محبت و تولی اہلِ بیت (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) کا دعویٰ کیا جاتا ہے اور ائمہ معصومین و صادقین (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) کی اقتداء اور پیروی کا دم بھرا جاتا ہے۔ اگر اہل بصیرت فرقہ اہل تشیع کے نظریات کا بغور مطالعہ کریں اور دوسری طرف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے ارشادات گرامی اور سلف صالحین کے ایمانی جذبات اور ان کی محیر العقول اسلامی خدمات کی انجام دہی اور ان کی عقل و ادراک سے بالاتر قربانیاں بھی مطالعہ کریں تو وہ حضرات نہایت آسانی کے ساتھ یہ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اہل تشیع کے نظریہ اور شریعت اسلامیہ کے درمیان مکمل مخالفت اور مناقضت کی نسبت ہے اور ان کا دعویٰ محبت اہل بیت کرام سراسر بلا دلیل ہے۔

## نادر اساس

مذہب شیعہ کی ابتداء کیسے اور کب ہوئی اس کے متعلق انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ صفحات میں عرض کیا جائے گا۔ سردست یہ گذارش کرنا ہے کہ اہل تشیع نے اپنے مخصوص مذہب کی بنیاد ایسی روایات پر رکھی ہے، جو انتہائی محدود ہیں کیونکہ احادیث کے عینی شاہد یعنی صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین جن کی تعداد تاریخ کی رو

marfat.com

سے ڈیڑھ لاکھ کے قریب ہے اور بجز اہل تشیع کے باقی تمام اقوامِ عالم، پیغمبر اسلام ﷺ کے ساتھ ایمان لانے والوں کی تعداد اس سے کم نہیں بتاتے تو اس قدر تعداد میں سے صرف چار یا پانچ آدمیوں کی روایات قابل تسلیم اور باقی تمام کے تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی روایات نا قابل تسلیم کرتے ہیں۔ دوسرا جن اصحاب اور اماموں سے روایتیں لینا جائز بتاتے ہیں۔ ان کے متعلق اس ضروری عقیدہ کا دعویٰ کرتے ہیں کہ تقیہ اور کذب بیانی ان کا دین اور ایمان تھا (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ)

## ایمان کی بنیاد۔ تقیہ

اہل تشیع کی انتہائی معتبر کتاب کافی، مصنفہ (اہل تشیع کے مجتہد اعظم) ابو جعفر یعقوب کلینی، میں مستقل باب تقیہ کے لئے مخصوص ہے اور اس کو اصول دین میں شمار کیا ہے۔ نمونہ کے طور پر ایک دو روایتیں جو امام ابو عبد اللہ جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب ہیں پیش کرتا ہوں۔

عَنْ اِبْنِ اَبِیْ عُمَیْرِ الْاَعْجَمِیّ قَالَ قَالَ لِیْ اَبُوْ عَبْدِاللّٰهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ یَا اَبَا عُمَیْرٍ اِنَّ تِسْعَةَ اَعْشَارِ الدِّیْنِ فِی التَّقِیَّةِ وَلَا دِیْنَ لِمَنْ لَا تَقِیَّةَ لَهٗ۔

یعنی حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ایک شیعہ ابن ابی عمیر الاعجمی سے فرمایا کہ ...... دین میں نوے فیصد تقیہ اور جھوٹ بولنا ضروری ہے اور فرمایا کہ جو تقیہ (جھوٹ) نہیں کرتا وہ بے دین ہے (باقی دس کی کسر بھی نہ رہی)

اصولِ کافی ص ۴۸۲ اور ص ۴۸۳ پر بھی کثرت کے ساتھ روایات ہیں جن میں سے دو تین نمونہ کے طور پر پیش کرتا ہوں۔

عَنْ اَبِیْ بَصِیْرٍ قَالَ قَالَ اَبُوْ عَبْدِاللّٰهِ علیه السلام اَلتَّقِیَّةُ مِنْ دِیْنِ اللّٰهِ قُلْتُ مِنْ دِیْنِ اللّٰهِ؟ قَالَ اِیْ وَاللّٰهِ مِنْ دِیْنِ اللّٰهِ

یعنی ابو بصیر جو امام عالی مقام امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وزیرد

marfat.com

مشیر تھااور روایت میں اہل تشیع کا مرکز ہے کہتا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایاکہ تقیہ کرنا اللہ کا دین ہے۔ میں نے عرض کیاکہ اللہ کا دین ہے؟ توامام صاحب نے فرمایا۔ اللہ کی قسم ہاں تقیہ (جھوٹ) اللہ کا دین ہے۔

عن عَبْدِاللّٰہِ ابنِ اَبِیْ یَعْفُورِ عن عبداللّٰہ علیہ السلام قَالَ اِتَّقُوْا عَلٰی دِیْنِکُمْ وَاحْجَبُوْہُ بِالتَّقِیَّۃِ فَاِنَّہٗ لاَ اِیْمَانَ لِمَنْ لاَّ تَقِیَّۃَ لَہٗ۔

یعنی ابن ابی یعفور جو امام عالی مقام صادق علیہ السلام کا ہر وقت حاضر باش خادم تھا۔ وہ کہتا ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایاکہ تم اپنے مذہب پر خوف رکھو اور اس کو ہمیشہ جھوٹ اور تقیہ کے ساتھ چھپائے رکھو۔ کیونکہ جو تقیہ نہیں کرتا اس کا کوئی ایمان نہیں۔

اور صفحہ ۴۸۴ کی روایات میں سے بھی ایک دو روایتیں پیش کرتا ہوں۔

عن معمر ابن خلاد قَالَ سَأَلْتُ اَبَا الْحَسَنِ علیہ السَّلام عَنِ الْقِیَامَ لِلْوُلاَۃِ فَقَالَ قَالَ اَبُوْ جَعْفَرَ عَلَیْہِ السَّلام اَلتَّقِیَّۃُ مِنْ دِیْنِیْ وَدِیْنِ آبَائِیْ وَلاَ اِیْمَانَ لِمَنْ لاَّ تَقِیَّۃَ لَہٗ۔

یعنی حضرت امام موسیٰ کاظم کا خاص شیعہ معمر بن خلاد کہتا ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ مسئلہ دریافت کیاکہ ان امیروں اور حاکموں کے استقبال کے لئے کھڑا ہونا جائز ہے یا نہیں؟ تو آپ نے فرمایاکہ امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے کہ تقیہ کرنا میرا مذہب ہے اور میرے آباؤ اجداد کا دین ہے (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ) اور جو تقیہ نہیں کرتا ہے وہ بے دین ہے۔

اسی طرح اسی صفحہ پر محمد بن مروان اور ابن شہاب زہری کی روایتیں بھی قابل دید ہیں۔ علی ہذا القیاس صفحہ ۴۸۵، ۴۸۶ اور ۴۸۷ تمام کے تمام یہ صفحات تقیہ، مکرو

marfat.com

فریب اور کذب بیانی پر مشتمل روایات سے بھرے ہوئے ہیں۔

صفحہ ۴۸۶ پر معلیٰ بن الخنیس کی ایک روایت بھی یاد رکھیں۔ کہتے ہیں۔

عن معلّی بن خنیس قال قال ابو عبدالله علیه السلام یَا مُعَلّٰی اُکْتُمْ اَمْرَنَا وَلاَ تُذِعْهُ فَاِنَّهٗ مَنْ كَتَمَ اَمْرَنَا وَلَمْ يُذِعْهُ اَعَزَّهُ اللّٰهُ بِهٖ فِی الدُّنْيَا وَجَعَلَهٗ نُوْراً بَيْنَ عَيْنَيْهِ فِی الْاٰخِرَةِ تَقُوْدُهٗ اِلَی الْجَنَّةِ يَا مُعَلّٰی وَمَنْ اَذَاعَ اَمْرَنَا وَلَمْ يَكْتُمْهُ اَذَلَّهُ اللّٰهُ بِهٖ فِی الدُّنْيَا وَ نَزَعَ نُوْراً مِّنْ بَيْنِ عَيْنَيْهِ فِی الْاٰخِرَةِ وَجَعَلَهٗ ظُلْمَةً تَقُوْدُهٗ اِلَی النَّارِ يَا مُعَلّٰی اِنَّ التَّقِيَّةَ مِنْ دِيْنِیْ وَ دِيْنِ آبَائِیْ - وَلاَ دِيْنَ لِمَنْ لاَّ تَقِيَّةَ لَهٗ۔

یعنی امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خاص شیعہ اور امام صاحب موصوف سے کثرت سے روایت کرنے والا معلیٰ بن خنیس کہتا ہے کہ امام صاحب نے مجھے فرمایا کہ ہماری باتوں کو چھپاؤ ان کو ظاہر مت کرو کیونکہ جو شخص ہمارے دین کو چھپاتا ہے اور اس کو ظاہر نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ چھپانے کے سبب سے اس کو دنیا میں عزت دے گا اور قیامت کے دن اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ایک نور پیدا کرے گا۔ جو سیدھا جنت کی طرف اس کو لے جائے گا۔ اے معلیٰ! جو شخص بھی ہماری باتوں کو ظاہر کرے گا اور ان کو نہ چھپائے گا تو دنیا میں اللہ تعالیٰ اس سبب سے اس کو ذلیل کرے گا اور آخرت میں اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان میں سے نور سلب کرلے گا اور اس کی بجائے ظلمت اور اندھیرا بھر دے گا جو اس کو جہنم کی طرف لے جائے گا۔ اے معلیٰ تقیہ کرنا میرا دین ہے اور میرے آباؤ اجداد کا دین ہے اور جو تقیہ نہیں کرتا وہ بے دین ہے۔

غرضیکہ ایک سے ایک بڑھ چڑھ کر روایتیں ہیں۔ کس کس کو لکھیں۔ اہل تشیع کی تو جس کتاب کو بھی دیکھیں تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ ائمہ صادقین معصومین کی طرف

marfat.com

حق کو چھپانے اور تقیہ اور کذب بیانی پر مشتمل روایات منسوب کرنے کی غرض سے یہ کتاب تصنیف فرمائی گئی ہے۔ چونکہ کتاب "کافی کلینی" اہل تشیع کی تمام کتابوں کا منبع اور ماخذ ہے اور تمام کتابوں کی نسبت ان کے نزدیک زیادہ معتبر ہے۔ حتی کہ اس کتاب کے شروع میں اس کی وجہ تسمیہ میں جلی قلم سے یہ لکھا ہوا ہے۔ "قَالَ اِمَامُ الْعَصْرِ وَحُجَّةُ اللّٰهِ الْمُنْتَظَرُ عَلَيْهِ سَلَامُ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْاَكْبَرِ فِيْ حَقِّهٖ هٰذَا كَافٍ لِشِيْعَتِنَا" یعنی اس کتاب کے متعلق امام حجۃ اللہ المنتظر مہدی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ہمارے شیعوں کے لئے یہی کتاب کافی ہے۔

تو اسی لئے اس ضروری مسئلہ تقیہ و کتمانِ حق کے ثبوت میں اسی کافی کی روایات کو کافی سمجھتا ہوں۔ دل تو یہی چاہتا ہے کہ ہر ایک کتاب سے بطور نمونہ ایک ایک روایت پیش کرتا مگر طوالت کے خوف سے اسی پر اکتفا کرتا ہوں۔

## عمدہ استدلال

میں یہ کہہ رہا تھا کہ جن اصحاب سے یہ روایتیں کرنا اہل تشیع جائز سمجھتے ہیں یا مانتے ہیں۔ ان کے متعلق کہتے ہیں کہ تقیہ اور کتمانِ حق ان کا عقیدہ تھا۔ اب اس کا نتیجہ ظاہر ہے کہ ایک انتہا درجہ محب اور علمبردار تشیع جونہی ان حضرات سے کوئی حدیث سنے گا اور کسی امر کا اظہار معلوم کرے گا تو اس کے لئے یہ یقین کرنا ضروری ہے کہ صحیح اور حق بات تو قطعاً انہوں نے فرمائی ہی نہیں۔ جو بھی ان سے روایت کی گئی ہے سراسر بے حقیقت اور واقعات کے خلاف ہے اور نفس الامر کے عکس ہے وہ بھلا نانا اور اپنے آباؤ اجداد کا دین کیسے چھوڑ سکتے ہیں یا ان کے وہ حاضر باش اور رات دن ان کے خدمت گزار جنت کو چھوڑ کر جہنم کا راستہ کیسے اختیار کر سکتے ہیں تو لہٰذا جو روایات کی اہل تشیع کی کتابوں میں لکھی گئی ہیں اور جلسوں اور محفلوں میں بلکہ آج کل تو لاؤڈ سپیکروں کے ذریعہ بلند آہنگی کے ساتھ بیان کی جاتی ہیں سراسر کذب اور واقعات کے خلاف ہیں کون محب اہل بیت اور کون شیعہ ائمہ طاہرین کے صریح اور واضح وغیر مبہم

marfat.com

تاکیدی حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بے دین وایمان و جہنمی اور ذلیل ہونا پسند کرے گا۔ اس مقدمہ کو اہل فکر کے غور وخوض کے سپرد کرتا ہوں اور گذارش یہ کرتا ہوں کہ بانیان مذہب تشیع نے اصل اور حقیقت پر مبنی دین اسلام کو ختم کر دینے اور شریعت مقدسہ کو کلیۃً فنا کر دینے کے لئے یہ سیاسی چال چلی۔ کون شخص یہ نہیں سمجھ سکتا کہ حضور اقدس ﷺ ہی اللہ تعالیٰ اور اس کی مخلوق کے مابین جس طرح واسطہ ہیں اسی طرح رسول اللہ ﷺ اور حضور ﷺ کی قیامت تک آنے والی ساری امت کے درمیان حضور ﷺ کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ہی واسطہ ہیں۔ انہی مقدس لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی کلام کی تفسیر اللہ کے رسول ﷺ سے پڑھی اور انہی مقدس لوگوں نے صاحب اسوۂ حسنہ ﷺ کے ارشاداتِ گرامیہ اور اعمال عالیہ اور سیرت مقدسہ کی دولت کو براہ راست حضور کی ذات سے حاصل کیا۔ جس کو ان کے شاگردوں یعنی تابعین نے ان سے حاصل کیا علیٰ ہذا القیاس وہ مقدس شریعت ہم تک پہنچی۔ اب جبکہ ابتدائی واسطہ یعنی صحابہ کرام ہی کی ذات قدسی صفات کو قابل اعتماد تسلیم نہ کیا جائے یعنی تین چار کے بغیر باقی ظاہری مخالفت کی بناء پر قابل اعتبار نہ رہیں اور یہ تین چار باوجود انتہائی دعویٰ محبت و تولی کے سخت ناقابل اعتماد ثابت کئے جائیں کہ جو بھی ان کی روایات ہوں گی یقیناً غلط اور خلاف واقعہ امر کی طرف راہنمائی کریں گی۔ یا تو خود ان ہستیوں نے ہی تقیۃً و کتماناً للحق غلط اور خلاف واقعہ فرمایا اور یا ان کے محبان خدمت گاران شیعوں نے بہ تعمیل ائمہ کذب، جھوٹ اور خلاف واقعہ روایت فرمائی۔ بہر صورت ان روایات کو صحیح کہنا اپنی بے دینی اور بے ایمانی پر واضح دلیل پیش کرنا ہے۔

## قرآن کے متعلق عقیدہ

اب رہا قرآن کریم تو اس کے متعلق بانیان مذہب تشیع و رازداران فرقہ مذکورہ اس قرآن کریم کا صراحتاً انکار کرتے نظر آتے ہیں۔ نمونہ کے طور پر اسی اصول کافی

marfat.com

صفحہ ۶۷۱ پر یہ روایت دیکھیں کہ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قرآن کریم کو جمع کرنے اور اس کی کتابت سے فارغ ہوئے تو لوگوں سے کہا کہ اللہ عزوجل کی کتاب یہ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد (ﷺ) پر اس کو نازل فرمایا ہے اور میں نے ہی اس کو اکٹھا کیا ہے۔ جس پر لوگوں نے کہا کہ ہمارے پاس قرآن شریف موجود ہے ہمیں کسی نئے قرآن کی کیا ضرورت ہے۔ اس پر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی قسم آج دن کے بعد تم اس قرآن کو کبھی نہ دیکھو گے۔ اسی صفحہ پر امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منسوب ایک روایت اور بھی ملاحظہ فرمالیں کہ جو قرآن حضور ﷺ پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے جبرئیل علیہ السلام لائے تھے اس کی سترہ ہزار (17000) آیتیں تھیں اور غریب اہل السنت والجماعت کے پاس تو صرف چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ (6666) آیات والا قرآن کریم ہے۔ اسی اصول کافی کے صفحہ ۶۷۰ پر بھی نظر ڈالتے جایئے اور اگر اس قرآن کریم سے صراحتاً انکار کی شان کسی حد تک تفصیل کے ساتھ دیکھنا چاہیں تو اصول کافی صفحہ ۲۶۱ تا ۲۶۸ و ۶۷۱ اور ناسخ التواریخ جلد ۲ صفحہ ۴۹۳ و ۴۹۴ اور تفسیر صافی جلد اول ص ۱۴ مطالعہ فرمائیں اور بانیان مذہب تشیع کی سیاست کی داد دیں کہ کس طرح صراحت اور وضاحت کے ساتھ اس فرقہ نے سرے سے قرآن شریف ہی کا انکار کیا ہے۔

## شاید کہ اتر جائے ......

اے میرے محترم بھائیو! حدیث کا اس طریقے سے انکار اور قرآن کا اس طرح انکار ہو تو کوئی بتائے کہ مذہب اسلام اور شریعت مقدسہ کسی طرح بھی ممکن الوجود ہو سکتی ہے؟ ممکن ہے میری اس تحریر کا جواب یا جو آگے عرض کرنے والا ہوں اس کا رد اہل تشیع حضرات لکھنے کی زحمت کریں تو میں سفارش کرتا ہوں کہ اپنے اس رسالہ میں جتنے حوالے میں نے پیش کئے ہیں ان کا مطالعہ فرمالینے کے بعد یہ تکلیف کریں تاکہ

marfat.com

اہل علم حضرات بھی صحیح اور غلط کا اندازہ لگا سکیں اور حق و باطل میں تمیز کر سکیں اور اہل تشیع کے ذاکرین صاحبان کی زحمت بھی اکارت نہ جائے جس صاحب کو کتاب کے حوالہ دیکھنے کی ضرورت محسوس ہو تو سیال شریف آ کر کتابیں دیکھ کر اپنی تسلی کر سکتا ہے۔

اہل تشیع حضرات کی مذہبی روایات اگرچہ پیش کرنا عقل اور انصاف کے لحاظ سے بالکل بے فائدہ ہے۔ کیونکہ ان کی کسی روایت کا صحیح اور مطابق واقعہ ہونا ممکن نہیں کیونکہ میں یہ نہیں مان سکتا کہ اہل تشیع نے ائمہ کرام کی اصل اور صحیح روایت بیان کی ہو اور اپنے لئے بے ایمانی اور بے دینی منتخب کی ہو اور جہنمی ہونا اختیار کیا ہو۔ بلکہ خود ائمہ کرام نے بھی حسب تصریح اصول کافی وغیرہ کوئی سچی بات ظاہر نہیں فرمائی اور اپنے آباؤ اجداد کے مذہب کو نہیں چھوڑا تو پھر ایسی روایات لکھنے لکھانے کا کیا فائدہ؟ اور اہل تشیع کے خلاف ایسی روایات ان کے تیار کردہ مذہب کو کیا نقصان پہنچا سکتی ہیں یا ہمیں کیا فائدہ بخش سکتی ہیں مگر میں جو اہل تشیع کی کتابوں سے روایتیں پیش کر رہا ہوں تو میرا مقصد فقط یہ ہے کہ وہ سادہ لوح مسلمان جو ان کی ہنگامہ آرائی اور مجالس میں شرکت کرتے ہیں یا اہل تشیع کے مذہب کو بھی کسی طرح صحیح تصور کرتے ہیں۔ ان کو سوچنے اور غور کرنے کا موقع مل سکے تاکہ سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں اور چلنے سے پہلے منزل مقصود کا نقشہ ملاحظہ کر لیں۔ اسی غرض کے تحت یہ رسالہ لکھ رہا ہوں اور شروع سے آخر تک تمام کی تمام روایات صرف اہل تشیع کی معتبر ترین و مسلم ترین کتابوں سے لکھ رہا ہوں اور حوالہ دکھانے کا ذمہ دار ہوں۔

## مذہب شیعہ کی اساس

خلفاء راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی خلافت کا انکار اور ان مقدس ہستیوں کی شان میں گستاخی اس تبرائی گروہ کا مابہ الامتیاز (امتیازی شان) ہے۔ اور صراحتاً خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین اور باقی صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے حق میں سب و شتم اور حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ اور ان کی

marfat.com

تمام اولاد طاہرین ائمہ معصومین کی شان میں اشارۃً و کنایۃً سب و شتم اور کذب بیانی و مکر و فریب اور کتمان حق کی نسبت کرنا اس فرقے کا خاصا لازمہ ہے جو کسی بھی عقل مند انسان سے پوشیدہ نہیں، اس مذہب کا دارومدار جن مسائل پر ہے ان میں سب سے بڑا مسئلہ خلفاء راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی خلافت راشدہ کا انکار ہے۔ ان کا مذہب ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین خلفاء برحق نہیں تھے انہوں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت غصب کر لی تھی اور حضرت علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو ڈرا دھمکا کر اپنی بیعت کرنے پر مجبور کر لیا تھا اور تمام عمر اسی خوف کی وجہ سے حضرت علی شیر خدا نے ان کے پیچھے نمازیں پڑھیں۔ ان کی مجلس شوریٰ کے ممبر بنے رہے اور مال غنیمت منظور کرتے رہے وغیرہ وغیرہ۔ قبل اس کے کہ اہل تشیع کی معتبر ترین کتابوں سے یہ ثابت کروں کہ اہل تشیع کے تمام دعوے جھوٹے اور خلاف واقعہ ہیں یہ عرض کرتا ہوں کہ خلافت راشدہ کا زمانہ اقدس آج سے تقریباً ساڑھے تیرہ سو سال پہلے گزر چکا ہے۔ اس وقت ان کی خلافت پر اعتراض یا اس کی ناپسندیدگی کا شور و غوغا اور بے فائدہ مظاہرے بجز اس کے کہ فتنہ و شرارت پیدا کر سکیں اور ملک کے امن و امان کو متزلزل کریں اور کیا نتیجہ برآمد ہو سکتا ہے؟ ہے کوئی بڑی سے بڑی حکومت یا کوئی بڑی سے بڑی عدالت جو ان کے غیر مستحق خلافت ہونے کی صورت میں کوئی تدارک کر سکے اور مستحق کو اس کا حق واپس دلا سکے۔ اگر وہ مقدس ہستیاں مستحق خلافت تھیں یا بقول اہل تشیع مستحق نہیں تھیں۔ بہر صورت وہ خلیفے بنے اور امور خلافت باحسن وجوہ سرانجام دیئے۔ اب ان کی شان اقدس میں سب و شتم گالی گلوچ کیا معنی رکھتا ہے اگر ان تمام لوگوں کو جو خلفائے راشدین کو برحق اور مستحق خلافت یقین کرتے ہیں یک قلم تختہ دار پر کھینچ دیا جائے یا قتل کر دیا جائے یا خلفائے راشدین کے ساتھ بغض و عداوت غل و غش، کینہ رکھنے والے اپنے سینوں کو پیٹ پیٹ کر اڑا دیں تو بھی ان سماء رفعت

marfat.com

کے چمکتے ہوئے تاروں کو اور ان کی خلافتِ راشدہ کو پرکاہ کے برابر بھی نقصان نہیں پہنچ سکتا تو پھر یہ منافرت و مخاصمت اور یہ سب و شتم، یہ فتنہ پردازی اور فساد انگیزی سے کیا حاصل؟ بہتر صورت یہی تھی کہ جب ایک ہی ملک میں بسیرا کرنے کا موقع ملا تھا تو باہمی منافرت و مناقشت کو کنارے رکھ کر گزارہ کرتے اور کسی قسم کا مذہبی تخالف تھا بھی تو فریضہ تقیہ کی ادائیگی کے ساتھ ملکی امن وامان کا بھی لحاظ رہتا آخر ائمہ کرام کی تقلید بھی ضروری امر تھا جو کس طرح تصریح فرماتے ہیں کہ "اَلتَّقِیَّةُ مِنْ دِیْنِیْ وَ دِیْنِ آبَائِیْ" یعنی امام عالی مقام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب روایت کہ تقیہ کرنا میرا اور میرے آباؤاجداد کا مذہب ہے۔ "اور لَا دِیْنَ لِمَنْ لَا تَقِیَّةَ لَهٗ وَلَا اِیْمَانَ لِمَنْ لَا تَقِیَّةَ لَهٗ۔ یعنی جو تقیہ نہیں کرتا نہ اس کا دین ہے نہ اس کا ایمان ہے۔ایسی صورت میں تقیہ سے کام لینا ایک تو اہل تشیع کو بے ایمانی و بے دینی سے بچاتا دوسرا بلاوجہ و بلا فائدہ شرارت و فتنہ پردازی سے دور رکھتا اور باقی مسلمان غریب بھی سکھ و آرام کا منہ دیکھتے مگر وائے بر حال پاکستان کہ آئے دن نئے نئے اڈے اکابر امت کی شان اقدس میں بکواس و سب و شتم بکنے کے لئے مقرر کئے جارہے ہیں اور ملکی تعمیری اسباب ان کو یقین کیا جارہا ہے۔اب فقیر چاہتا ہے کہ اہل تشیع کی خدمت میں ان مقدس ہستیوں کی تصریحات پیش کرے جو اہل تشیع کے دعویٰ کے مطابق بھی پیشوا اور امام ہیں جن تصریحات کے ملاحظہ کرنے کے بعد اہل فکر و ہوش حضرات خود ہی فیصلہ فرما سکیں کہ ائمہ اور پیشوایان امت کے بالمقابل موجودہ ذاکروں ماکروں کی کچھ وقعت نہیں۔اور ائمہ کرام کی تصریحات کے مقابلہ میں ان ذاکروں کے تخمینے اور ٹوٹل سخت خو اور بیہودہ ہیں۔

**نکتہ:۔** یہ بات بھی قابل گزارش ہے کہ جن مقدس ہستیوں نے اللہ اور اس کے سچے رسول ﷺ کی خوشنودی اور رضا کیلئے اپنا تن، من، دھن قربان کیا اور ایسے مین محبوب کبریا ﷺ کے ساتھ ایمان لائے کہ جب حضور ﷺ کے ساتھ ایمان لانا اور

marfat.com

کائنات عالم کی دشمنی مول لینا ایک معنی رکھتا تھا اور ایسے وقت میں حضور کا ساتھ دیا جس وقت حضور کا ساتھ دینے میں مستقبل کی تمام دنیوی منزلوں میں غربت اور مصائب و آلام و تکالیف کے سوا عالم اسباب میں اور کچھ نظر نہ آتا تھا تو ایسے حالات میں ان مقدس ہستیوں نے تمام دنیوی تکالیف کو بطیب خاطر برداشت کیا اور اللہ کے سچے رسول ﷺ کے نام پر گھر بار، مال و عیال عزت و ناموس قربان کئے اور حضور ﷺ کا ساتھ نہ چھوڑا تو ایسی مقدس ہستیوں کے خلوص، ان کے صدق و صفا ان کے ایمان و تصدیق کے متعلق کیا شبہ ہو سکتا ہے۔ ایسے حالات میں دوسرا کون سا داعیہ ہو سکتا تھا جس کے زیر نظر ان لوگوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ اس قدر دکھ برداشت کئے؟ پھر ایسے جان نثاروں اور وفاداروں کی جان نثاری اور قربانی کا بدلہ جو اللہ ارحم الراحمین کی جناب سے ضروری اور لازمی ہے اس کی کیفیت اور کمیت کو بھی مد نظر رکھنا چاہئے۔ قرآن کریم کی بیسیوں آیات اللہ کے رسول ﷺ کے ساتھ ہجرت کرنے والوں اور انصار و مہاجرین کے حق میں نازل ہوئی ہیں کہ اللہ ان سے راضی ہو گیا اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے ان کے لئے جنت کے اعلیٰ و ارفع مراتب اور نعمتیں مہیا ہیں۔ ان کو بھی سامنے رکھنا چاہئے اور اس بات کو بھی پورے نظر و فکر کے ساتھ دیکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول ﷺ کو فرماتا ہے۔ "یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ جَاھِدِ الْکُفَّارَ وَالْمُنَافِقِیْنَ وَاغْلُظْ عَلَیْھِمْ، یعنی اے اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی آپ کافروں اور منافقوں کے خلاف جہاد فرماؤ اور ان پر سختی کرو۔ اس حکم کے بعد جن مقدس ہستیوں کو اللہ کے پیارے نبی ﷺ نے اپنا ہمراز و دمساز قرار دیا سفر و حضر، ہجرت و جہاد، ہر معاملہ میں اور ہر حالت میں اپنا وزیر و مشیر مقرر فرمایا اور اپنا ساتھی و رفیق قرار دیا۔ ان ہستیوں کی شان میں گستاخی کرنا (معاذ اللہ) اور ان ہستیوں کی طرف کفر و نفاق کی نسبت کرنا کون سی دیانت ہے اور کون سا ایمان ہے۔ ذرا سوچو تو ان مقدس ہستیوں کے صدق و صفا کا انکار براہ راست مہبط وحی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان اقدس میں

marfat.com

گستاخی کو مستلزم نہیں؟ یقیناً ہے۔ محبوب رب العالمین علیہ و آلہ واصحبہ الصلوٰۃ والسلام کے تمام صحابہ مہاجرین وانصار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے فضائل ومناقب میں آیات کلام اللہ اور احادیث صحیحہ اس کثرت کے ساتھ وارد ہیں کہ جنہیں لکھا جائے تو ایک بہت بڑی مستقل کتاب بن جائے گی۔

## شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ممدوح

اہل تشیع حضرات کی معتبر ترین تصانیف بھی اگر غور سے مطالعہ کی جائیں تو جھگڑا ختم ہو جاتا ہے۔ بطور نمونہ چند روایات اہل بصیرت کی خدمت میں پیش کرتا ہوں اور بغور مطالعہ کرنے کی درخواست کرتا ہوں۔

(۱) حضرت سیدنا امیر المومنین علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی خلافت کے زمانہ میں خطبہ میں فرماتے ہیں۔

لَقَدْ رَاَیْتُ اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فَمَا اَرٰی اَحَدًا مِنْکُمْ یَشْبَھُھُمْ لَقَدْ کَانُوْا یُصْبِحُوْنَ شُعْثاً غُبراً قَدْ بَاتُوْا سُجَّداً وَّقِیَامًا یُرَاوِحُوْنَ بَیْنَ جِبَاھِھِمْ وَخُدُوْدِھِمْ وَیَقِفُوْنَ عَلٰی مِثْلِ الْجَمْرِ مِنْ ذِکْرِ مَعَادِھِمْ کَاَنَّ بَیْنَ اَعْیُنِھِمْ رُکَبُ الْمَعْزِ مِنْ طُوْلِ سُجُوْدِھِمْ اِذَا ذُکِرَ اللّٰہُ ھَمَلَتْ اَعْیُنُھُمْ حَتّٰی تَبُلَّ جُیُوْبُھُمْ وَمَادُوْا کَمَا یَمِیْدُ الشَّجَرُ یَوْمَ الرِّیْحِ الْعَاصِفِ خَوْفًا مِّنَ الْعِقَابِ وَرِجَاءً لِلثَّوَابِ ۔

"حضور اقدس ﷺ کے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو میں نے دیکھا ہے میں تم میں سے کسی کو بھی ان کے مشابہ نہیں دیکھتا۔ وہ تمام رات سجدوں اور نماز میں گذارتے صبح کو اس حالت میں ہوتے کہ ان کے بال پریشان اور غبار آلودہ ہوتے تھے، (شب کو) ان کا آرام جبینوں اور رخساروں میں (طویل سجدوں کی وجہ سے) ہوتا تھا۔ اپنی عاقبت کی یاد سے دہکتے ہوئے

marfat.com

کوئلے کی طرح (بھڑک) اٹھتے تھے زیادہ اور لمبے لمبے سجدوں کی وجہ سے ان کے ماتھے دنبوں کے گھٹنوں کی طرح ہو گئے تھے۔ اللہ کا نام جب (ان کے سامنے) لیا جاتا تو ان کی آنکھیں بہہ پڑتیں یہاں تک کہ ان کے گریبان بھیگ جاتے اور اللہ کے عذاب کے خوف اور ثواب کی امید میں اس طرح کانپتے جیسے آندھی میں درخت کانپتا ہے۔"

(نہج البلاغۃ خطبہ ۹۶ مطبوعہ ایران، تہران)

(۲) حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ اپنے زمانہ خلافت میں فرماتے ہیں:۔

وَاعْلَمُوْا عِبَادَاللّٰهِ اَنَّ الْمُتَّقِيْنَ ذَهَبُوْا بِعَاجِلِ الدُّنْيَا وَآجِلِ الْآخِرَةِ فَشَارَكُوْا اَهْلَ الدُّنْيَا فِيْ دُنْيَاهُمْ وَلَمْ يُشَارِكْهُمْ اَهْلُ الدُّنْيَا فِيْ اٰخِرَتِهِمْ سَكَنُوا الدُّنْيَا بِاَفْضَلِ مَاسُكِنَتْ وَاَكَلُوْهَا بِاَفْضَلِ مَا اُكِلَتْ فَحَظُوْا مِنَ الدُّنْيَا بِمَا حَظٰى بِهِ الْمُتْرَفُوْنَ وَاَخَذُوْا مِنْهَا مَا اَخَذَهُ الْجَبَابِرَةُ الْمُتَكَبِّرُوْنَ ثُمَّ انْقَلَبُوْا عَنْهَا بِالزَّادِ الْمُبَلِّغِ وَالْمَتْجَرِ الرَّابِحِ اَصَابُوْا لَذَّةَ زُهْدِ الدُّنْيَا فِيْ دُنْيَاهُمْ وَتَيَقَّنُوْا اَنَّهُمْ جِيْرَانُ اللّٰهِ غَداً فِيْ اٰخِرَتِهِمْ لاَ تُرَدُّلَهُمْ دَعْوَةٌ وَلاَ يَنْقُصُ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِنْ لَذَّةٍ ۱۲

"اللہ کے بندو! جان لو کہ متقی پرہیزگار لوگ (وہی تھے جو) دنیا و آخرت کی نعمتیں حاصل کر کے گزر چکے ہیں، وہ ہستیاں اہل دنیا کے ساتھ ان کی دنیا میں شریک ہوئیں لیکن اہل دنیا ان کی آخرت میں ان کے ساتھ شریک نہ ہو سکے وہ مقدس ہستیاں دنیا میں سکونت پذیر اس طرح ہوئیں جیسا کہ سکونت اختیار کرنے کا حق تھا اور دنیا کی نعمتوں سے کھایا جیسا کہ حق تھا اور دنیا کی ہر اس نعمت سے ان ہستیوں نے حصہ پایا جس سے بڑے بڑے متکبرین اہل دنیا نے حصہ پایا۔ اور دنیوی مال و دولت جاہ و حشمت جس قدر

marfat.com

بھی بڑے بڑے جابرین متکبرین نے حاصل کی ہے اتنی ہی انہوں نے حاصل کی، پھر یہ ہستیاں صرف زاد آخرت لے کر اور آخرت میں نفع دینے والی تجارت کو ساتھ رکھ کر دنیا سے بے رغبت ہوئے۔ یہ لوگ دنیا کی بے رغبتی کی لذت کو اپنی دنیا میں حاصل کر چکے اور یقین کر چکے تھے کہ کل اللہ سے ملنے والے ہیں۔ اپنی آخرت میں یہ وہ لوگ تھے جن کی کوئی دعا نا منظور نہیں ہوتی تھی۔ اور ان کی آخرت کا حصہ دنیاوی لذات کی وجہ سے کم نہیں ہو گا۔ (نہج البلاغہ خطبہ ۲۷)

(۳) حضرت سیدنا و مولانا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ اپنے زمانہ خلافت میں فرماتے ہیں:۔

فَاِنَّ اَهْلَ السَّبْقِ بِسَبْقِهِمْ وَ ذَهَبَ الْمُهَاجِرُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ بِفَضْلِهِمْ۔

(اسلام اور اعمال صالحہ کے ساتھ) سبقت لینے والے اپنی سبقت کے ساتھ فائز المرام ہو چکے اور مہاجرین اولین گذر چکے۔ (نہج البلاغہ خطبہ ۱۷)

صَدَقَ اللّٰهُ مَوْلَانَا الْعَظِیْمُ. وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِیْنَ اتَّبَعُوْ هُمْ بِاِحْسَانٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ

اگرچہ اجماعی طور پر مہاجرین اولین اور انصار رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی مدح و ثنا اور منقبت کے بارے میں اہل تشیع کی تقریباً ہر کتاب میں ائمہ معصومین طاہرین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے خطبات اور ملفوظات موجود ہیں لیکن خصوصیت کے ساتھ خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے مناقب اور رفعت شان کے متعلق اہل تشیع کی مسلم اور معتبر کتابوں کی عبارات بھی بطور نمونہ ملاحظہ فرمادیں۔

### کشف الغمہ کا تعارف

کتاب کشف الغمہ فی مناقب الائمہ مصنفہ عیسیٰ ابن ابی الفتح الاربلی جو اہل تشیع کی مستند اور معتبر ترین کتاب ہے اور مصنف مذکور غالی شیعہ ہے جس کے غلو فی التشیع کا

marfat.com

نمونہ ہدیہ قارئین کرتا ہوں:۔

وَمِنْ اَغْرَبِ الْاَشْيَاءِ وَاَعْجَبِهَا اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ قَوْلَهُ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِيْ مَرَضِهِ مُرُوْا اَبَابَكْرٍ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ نَصٌّ خَفِيٌّ فِيْ تَوْلِيَةِ الْاَمْرِ وَتَقْلِيْدِهِ اَمْرَ الْاَئِمَّةِ وَهُوَ عَلٰى تَقْدِيْرِ صِحَّةٍ لاَ يَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ وَمَتٰى سَمِعُوْا حَدِيْثًا فِيْ اَمْرِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ نَقَلُوْهُ عَنْ وَجْهِهٖ وَصَرَفُوْهُ عَنْ مَدْلُوْلِهٖ وَاَخَذُوْا فِيْ تَاْوِيْلِهٖ بِاَ بْعَدِ مُتَحَمَّلاَتِهٖ مُنَكِّبِيْنَ عَنِ الْمَفْهُوْمِ مِنْ صَرِيْحَةٍ اَوْ طَعَنُوْا فِيْ رَاوِيْهِ وَضَعَّفُوْهُ وَاِنْ كَانَ مِنْ اَعْيَانِ رِجَالِهِمْ وَذَوِي الْاَمَانَةِ فِيْ غَيْرِ ذٰلِكَ عِنْدَهُمْ هٰذَا مَعَ كَوْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ وَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَالْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ وَعِمْرَانَ بْنِ حَطَّانَ الْخَارِجِيْ وَغَيْرِهِمْ مِنْ اَمْثَالِهِمْ مِنْ رِجَالِ الْحَدِيْثِ عِنْدَهُمْ وَ رِوَايَاتُهُمْ فِيْ كُتُبِ الصِّحَاحِ عِنْدَ هُمْ ثَابِتَةٌ عَالِيَةٌ يُقْطَعُ بِهَا وَ يُعْمَلُ عَلَيْهَا فِيْ اَحْكَامِ الشَّرْعِ وَقَوَاعِدِ الدِّيْنِ وَمَتٰى رَوٰي اَحَدٌ عَنْ زَيْنِ الْعَابِدِيْنَ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَعَنِ ابْنِهٖ الْبَاقِرِ وَابْنِهٖ الصَّادِقِ وَغَيْرِهِمْ مِنَ الْاَئِمَّةِ عَلَيْهِمُ السَّلاَمُ نَبَذُوْا رِوَايَتَهٗ وَاَطْرَحُوْهَا وَاَعْرَضُوْا عَنْهَا فَلَمْ يَسْمَعُوْهَا وَقَالُوْا رَافِضِيٌّ لاَ اعْتِمَادَ عَلٰى مِثْلِهٖ وَاِنْ تَلَطَّفُوْا قَالُوْا شِيْعَةٌ مَا لَنَا وَلِنَقْلِهٖ مُكَابَرَةً لِلْحَقِّ وَعُدُوْلاً عَنْهُ وَرَغْبَةً فِي الْبَاطِلِ وَ مَيْلاً اِلَيْهِ وَاتِّبَاعاً لِقَوْلِ مَنْ قَالَ اِنَّا وَجَدْنَا آبَائَنَا عَلٰى اُمَّةٍ اَوْ لِعِلْمِ رَاَوْمَا جَرَتِ الْحَالُ عَلَيْهِ اَوَّلاً مِنَ الْاِسْتِبْدَادِ بِمَنْصَبِ الْاِمَامَةِ فَقَامُوْا بِنَصْرِ ذٰلِكَ مُحَامِيْنَ عَنْهُ غَيْرَ مُظْهِرِيْنَ لِبُطْلاَنِهٖ وَلاَ مُعْتَرِفِيْنَ بِهٖ اِسْتِنَانًا بِحَمِيَّةِ الْجَاهِلِيَّةِ الخ

"سب سے زیادہ عجیب و غریب یہ بات ہے کہ یہ لوگ (اہل السنۃ والجماعۃ) کہتے ہیں کہ حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اپنی حالت بیماری میں فرمانا

marfat.com

کہ ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ ان کی امر خلافت کے لئے اور حضور علیہ السلام کی امت کی امامت و امارت کے لئے نص خفی ہے اس روایت کو اگر سچا بھی مان لیا جائے تو بھی یہ روایت خلافت پر دلالت نہیں کرتی۔ اور یہ لوگ جب علی علیہ السلام کی خلافت کے بارے میں کوئی حدیث سنتے ہیں تو اس حدیث کو صحیح توجیہ سے ہٹا دیتے ہیں اور اس کے اصل معنے سے اس کو پھیر دیتے ہیں اور اس میں تاویلیں کرنا شروع کر دیتے ہیں اور اس کے بعید تر احتمالات کی وجہ سے اس کو صریح مفہوم سے پھیر دیتے ہیں یا اس حدیث کے راویوں پر اعتراض کرتے ہیں اگرچہ وہ راوی ان کے مشہور رواۃ میں سے ہوں اور باقی روایتوں میں ان کے نزدیک ثقہ اور امانت دار ہی کیوں نہ ہوں باوجود اس کے کہ معاویہ ابن ابی سفیان اور عمرو بن عاص و مغیرہ بن شعبہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) اور عمران بن حطان ان کے نزدیک حدیث کے راوی ہیں اور ان کی روایتیں ان کے نزدیک جو صحیح کتابیں ہیں ان میں درج ہیں۔ جن کے ساتھ استدلال کیا جاتا ہے اور شرعی احکام اور قواعد دین میں ان پر عمل کیا جاتا ہے اور جب کوئی امام زین العابدین علی بن حسین اور ان کے صاحبزادے امام محمد باقر اور ان کے صاحبزادے امام جعفر صادق علیہم السلام سے روایت کرتا ہے تو اس کو پھینک دیتے ہیں اور اس سے روگردانی کرتے ہیں پس وہ نہیں سنتے اور کہتے ہیں کہ یہ راوی رافضی ہے۔ اس قسم کے راوی پر بھروسہ نہیں اور اگر مہربانی سے کام لیں تو کہہ دیتے ہیں کہ یہ راوی شیعہ ہے اس کی روایت نقل کرنے سے ہمیں کیا واسطہ۔ یہ جو کرتے ہیں تو حق سے مقابلہ کرنے اور حق سے روگردانی کرنے اور باطل کی طرف میل و رغبت کرنے کی وجہ سے اور ان لوگوں کی اتباع کرتے ہوئے جنہوں نے

marfat.com

کہا کہ ہم نے اپنے آبا کو ایک طریقے پر دیکھا ہے اور ہم انہی کی پیروی کریں گے یا شاید ان لوگوں نے منصب امامت کے ساتھ ابتداء ہی میں ظلم شروع ہو جانے کو دیکھا تو اسی ظلم کی اعانت کے لئے کھڑے ہو گئے ایسی حالت میں اس سے الگ رہنے والے نہیں تھے اور اس کے بطلان کو ظاہر نہیں کرتے تھے اور نہ اس کو تسلیم کرتے تھے۔ (کشف الغمۃ فی مناقب الائمۃ ص ۸۵ مطبوع دار الطباعۃ کولائی محمد حسین تہرانی سنۃ ۱۲۹۴ ہجری)

## کشف الغمہ کی گواہی

اس عبارت کے بعد کتاب کشف الغمہ کے متعلق مزید تحقیق کی ضرورت نہیں رہتی کہ اس کا مصنف سخت غالی شیعہ خلافت راشدہ کا منکر ہے اور اہل السنۃ والجماعۃ اس کے نزدیک گمراہ ہیں اور اس کا ایک ایک لفظ اہل السنۃ والجماعۃ پر آتشبازی کی مثال ہے اس دعویٰ کی صداقت یا کذب کے متعلق تو اہل فکر و ہوش خود ہی فیصلہ کریں گے۔ اس موقع پر اسی کتاب کے چند حوالے جو حضرت امام عالی مقام زین العابدین علی بن الحسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور ان کے صاحبزادے امام عالی مقام سیدنا محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے مروی ہیں۔ اس توقع کے ساتھ پیش کرتا ہوں کہ مدعیان محبت وولا تو کسی صورت میں بھی ان کی روایات کو رد نہ فرمائیں گے اور نہ پھینکیں گے اور نہ ہی ان سے روگردانی فرمائیں گے بلکہ سنیں گے اور سن کر ایمان لائیں گے۔ ذرا باادب ہو کر سنئے!!

وَقَدِمَ عَلَیْهِ نَفَرٌ مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ فَقَالُوْا فِیْ اَبِیْ بَکْرٍ وَ عُمَرَ وَ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰه تعالیٰ عنهم فَلَمَّا فَرِغُوْا مِنْ کَلَامِهِمْ قَالَ لَهُمْ اَلَاتُخْبِرُوْنِیْ اَنْتُمُ الْمُهَاجِرُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ الَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ یَبْتَغُوْنَ فَضْلاً مِنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا وَّیَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُوْلٰٓئِكَ هُمُ الصَّادِقُوْنَ قَالُوْا لَا قَالَ فَاَنْتُمُ الَّذِیْنَ تَبَوَّؤُا الدَّارَ

marfat.com

وَالْاِیْمَانَ مِنْ قَبْلِھِمْ یُحِبُّوْنَ مَنْ ھَاجَرَ اِلَیْھِمْ وَلاَ یَجِدُوْنَ فِیْ صُدُوْرِھِمْ حَاجَۃً مِّمَّا اُوْتُوْا وَیُؤْثِرُوْنَ عَلٰی اَنْفُسِھِمْ وَلَوْ کَانَ بِھِمْ خَصَاصَۃٌ قَالُوْا لاَ قَالَ اَمَّا اَنْتُمْ قَدْ تَبَرَّأْتُمْ اَنْ تَکُوْنُوْا مِنْ اَحَدِھٰذَیْنِ الْفَرِیْقَیْنِ وَاَنَا اَشْھَدُ اَنَّکُمْ لَسْتُمْ مِّنَ الَّذِیْنَ قَالَ اللّٰہُ فِیْھِمْ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلاَ تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلاًّ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اُخْرُجُوْا عَنِّیْ فَعَلَ اللّٰہُ بِکُمْ ۱۲

اور امام زین العابدین کی خدمت اقدس میں عراقیوں کا ایک گروہ حاضر ہوا۔ آتے ہی (حضرت) ابو بکر (حضرت) عمر (حضرت) عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی شان میں بکواس بکنا شروع کر دیا۔ جب چپ ہوئے تو امام عالی مقام نے ان سے فرمایا کہ کیا تم یہ بتا سکتے ہو کہ تم وہ مہاجرین اولین ہو جو اپنے گھروں اور مالوں سے ایسی حالت میں نکالے گئے تھے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رضا چاہنے والے تھے۔ اور اللہ اور اس کے رسول کی مدد و اعانت کرتے تھے اور وہی سچے تھے تو عراقی کہنے لگا کہ ہم وہ نہیں، امام عالی مقام نے فرمایا کہ پھر تم وہ لوگ ہو گے جنہوں نے اپنے گھر بار اور ایمان ان مہاجروں کے آنے سے پہلے تیار کیا ہوا تھا ایسی حالت میں کہ وہ اپنی طرف ہجرت کرنے والوں کو دل سے چاہتے تھے اور جو کچھ مال و متاع مہاجرین کو دیا گیا تھا اس کے متعلق اپنے دلوں میں کسی قسم کا حسد یا بغض اور کینہ محسوس نہ کرتے تھے اگرچہ وہ خود حاجت مند تھے مگر (پھر بھی) مہاجرین کو اپنے پر ترجیح دیتے تھے؟ تو اہل عراق کہنے لگے کہ ہم وہ بھی نہیں ہیں۔ امام عالی مقام نے فرمایا کہ تم اپنے اقرار سے ان دونوں جماعتوں (مہاجرین و انصار) میں سے ہونے کی براءۃ کر چکے ہو اور میں اس امر کی شہادت دیتا ہوں کہ تم ان مسلمانوں میں سے بھی نہیں جن کے

marfat.com

بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ "اور وہ مسلمان لوگ جو مہاجرین وانصار کے بعد آئیں گے وہ یہ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہمیں بخش اور ہمارے ان بھائیوں کو بخش جو ہم سے پہلے ایمان کے ساتھ سبقت لے چکے ہیں اور ایمان والوں کے متعلق ہمارے دلوں میں کسی قسم کا کھوٹ، بغض اور کینہ حسد یا عداوت نہ ڈال۔" (یہ فرما کر امام عالی مقام نے فرمایا) میرے یہاں سے نکل جاؤ۔ اللہ تمہیں ہلاک کرے۔ (آمین ثم آمین)

(کشف الغمۃ ص ۱۹۹ مطبوعہ ایران)

## ایک اور معتبر گواہ

کتاب ناسخ التواریخ جلد ۲۔ کتاب احوال امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ صفحہ ۵۹۰ سطر نمبر ۱۳، پر امام الساجدین زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاحبزادے حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد گرامی بھی ملاحظہ فرمالیں اور اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیْهِ (الحدیث) پر حق الیقین کریں۔

طائفہ از حد معارف کوفہ بازید بیعت کردہ بودند در خدمتش حضور یافتہ گفتند رحمک اللہ در حق ابی بکر (الصدیق) و عمر چہ گوئی؟ فرمودہ دربارۂ ایشاں جز بخیر سخن نکنم وز اہل خود نیز در حق ایشاں جز سخن خیر نشنیدہ ام وایں سخناں منافی آں روایتے است کہ از عبد اللہ بن العلا مسطور افتاد بالجملہ زید فرمود ایشاں بر کسے ظلم و ستم نراندند و بکتاب خدا و سنت رسول کار کردند۔

"یعنی کوفہ کے مشہور ترین لوگوں کے ایک گروہ نے جس نے حضرت زید ابن زین العابدین (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) سے بیعت کی ہوئی تھی ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ اللہ آپ پر رحمت کرے۔ ابو بکر صدیق اور عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کے حق میں آپ کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے جواب دیا کہ میں ان کے حق میں سوائے کلمہ خیر کے اور

marfat.com

کچھ کہنے کے لئے تیار نہیں اور اپنے خاندان سے بھی ان کے حق میں سوائے خیر کے میں نے کچھ نہیں سنا۔ (صاحب ناسخ التواریخ کہتے ہیں) عبداللہ بن علا سے جو روایت کی جاتی ہے۔ امام کا یہ فرمان اس روایت کے سراسر خلاف ہے حاصل یہ ہے کہ حضرت زید بن علی نے فرمایا کہ ابو بکر اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کسی پر بھی ظلم و ستم نہیں کیا اور اللہ کی کتاب اور سنت رسول ﷺ پر کاربند رہے۔

## رافضی کون ہیں

کتاب ناسخ التواریخ جلد ۲۔ احوال زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ صفحہ ۵۹۱ سطر ۱۱ تا ۱۷ کا بھی مطالعہ فرمالیں۔ اور الولد سر لابیہ کی تصدیق فرمادیں:۔

بالجملہ چوں مردماں در حق عمر و ابو بکر (صدیق) (رضی اللہ عنہما) آں کلمات را از زید بشنید ند گفتند ہمانا تو صاحب نیستی، امام از دست برفت و مقصود ایشاں امام محمد باقر علیہ السلام بود۔ آنگہ از اطراف زید متفرق شدند زید فرمود "رَفَضُوْنَا الْیَوْمَ۔" یعنی ما را امروز گذاشتند و گزشتند و ازاں ہنگام ایں جماعت را رافضیہ گفتند رفض بتحریک و تسکین ماندن چیزے را و بجبر گذاشتن ستور است و رفیض و مرفوض بمعنی متروک است۔ روافض گروہے را گو ئند کہ رہبر خود را راندند، واز وے باز گشتند و جماعت از شیعاں باشند۔ در مجمع البحرین مذکور است کہ رافضہ و روافض کہ در حدیث وارد است۔ فرقہ از شیعہ ہستند کہ رفضوا یعنی ترکوا زید ابن علی ابن الحسین علیہم السلام راہر گاہے کہ ایشاں را از طعن در حق صحابہ منع فرمود وچوں مقالہ او را بدانستند معلوم ساختند کہ از شیخین تبری نجست او را بگذ اشتند و بگذ شتند وازیں پس ایں لفظ در حق کسے استعمال میشود کہ دریں مذہب غلو نماید و طعن درباره صحابہ را نیز جائز بشمارد

marfat.com

(حاصل یہ کہ) جب ان عراقیوں نے حضرت امام زین العابدین کے صاجزادے حضرت زید کی زبان فیض ترجمان سے حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی تعریف سنی تو کہنے لگے کہ یقیناً آپ ہمارے امام نہیں ہیں اور امام (بھی آج کے دن سے) ہمارے ہاتھ سے گیا ان کا مقصود تھا۔ امام محمد باقر علیہ السلام۔ اس وقت زید کی طرف داری سے اور ان کی حاضری سے الگ ہو گئے جس پر حضرت زید نے فرمایا کہ آج سے یہ لوگ رافضی بن گئے ہیں یعنی ہمیں آج کے دن سے ان لوگوں نے چھوڑ دیا اور چلے گئے اس وقت سے اس جماعت کو رافضی کہتے ہیں۔ رَفض اور رَفض کا معنی ہے کسی چیز کا رہ جانا اور رِفض کا معنی ہے سواری کو واگزار کرنا۔ اور رفیض اور مرفوض کا معنی ہے متروک ہونا۔ روافض اس گروہ کو کہتے ہیں جس نے اپنے امام اور رہبر کو چھوڑ دیا اور اس سے منہ پھیر لیا اور شیعوں کی جماعت سے ہو گیا۔ اور مجمع البحرین میں ہے کہ رافضہ اور روافض جو حدیث شریف میں آیا ہے اس سے مراد شیعوں کا فرقہ ہے کیونکہ یہ رافضی بن گئے اور انہوں نے امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاجزادے حضرت زید کا انکار کر دیا اور ان کو چھوڑ دیا کیونکہ آپ نے ان کو صحابہ کرام کی شان میں طعن کرنے سے منع فرمایا تھا۔ جب ان لوگوں نے اپنے امام کا ارشاد سمجھ لیا اور معلوم کر لیا کہ وہ حضرت ابو بکر اور حضرت عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کے بارے میں تبرا برداشت نہیں کرتے تو ان لوگوں نے ان کو چھوڑ دیا اور نکل گئے اس کے بعد لفظ رافضی اس شخص کے حق میں استعمال ہونے لگا کہ جو اس مذہب میں غلو کرتا ہے اور صحابہ کرام کے حق میں طعن کرنا جائز سمجھتا ہے۔

بھائیو! جب حضرت امام عالی مقام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صحابہ کرام

marfat.com

کے حق میں طعن کرنے والوں کو اپنی مجلس سے نکال دیا اور دفعہ کیا اور فرمایا کہ نکل جاؤ اللہ تعالیٰ تمہیں ہلاک کرے تو ان کے صاحبزادے اپنے والد ماجد کی سنت کو کیوں نہ اپناتے اور کیوں نہ سختی کے ساتھ اس پر عمل فرماتے الولد سر لابیہ کا یہی معنی ہے۔ یوں رفض اور تشیع کا ہم معنی ہونا، مصداقاً متحد ہونا تو اہل تشیع کی اس معتبر ترین کتاب نے پوری اور مکمل تفصیل کے ساتھ بیان کر دیا جو کسی تبصرہ کا محتاج نہیں۔

رہا یہ امر کہ جس حدیث کی طرف اہل تشیع کی معتبر کتاب مجمع البحرین نے اشارہ کیا اور صاحب ناسخ التواریخ نے اس کا ذکر کیا وہ کون سی حدیث ہے تو یہ وہی حدیث ہے جس حدیث کے متعلق کافی (کتاب الروضہ) ص ۱۶ میں حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم ان لوگوں نے تو تمہارا نام رافضی نہیں رکھا بلکہ تمہارا نام اللہ تعالیٰ نے رافضی رکھا ہے۔ کافی کی بعینہٖ عبارت پیش کرتا ہوں۔ (کافی شیعہ کی معتبر ترین کتاب ہے جس کے متعلق کئی دفعہ حوالے گزر چکے ہیں)

**قَالَ قُلْتُ جَعَلْتُ فِدَاكَ فَاِنَّا قَدْ نَبَذْنَا نَبزاً انْكَسَرَتْ لَهُ ظُهُوْرُنَا وَمَاتَتْهُ اَفْئِدَتُنَا وَاسْتَحَلَّتْ لَهُ الْوُلَاةُ دِمَاءَ نَا فِيْ حَدِيْثٍ رَوَاهُ لَهُمْ فُقَهَاءُ هُمْ قَالَ فَقَالَ اَبُوْ عَبْدِاللّٰهِ عليه السّلام اَلرَّافِضَةُ؟**

**قَالَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ لَا وَاللّٰهِ مَاهُمْ سَمَّاكُمْ بَلِ اللّٰهُ سَمَّاكُمْ ط**

یعنی ابو بصیر نے (جو حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خاص الخاص شیعہ ہے) حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں عرض کیا کہ میں آپ پر قربان جاؤں ہمیں ایک ایسا لقب دیا گیا ہے جس لقب کی وجہ سے ہماری ریڑھ کی ہڈی ٹوٹ چکی ہے اور جس لقب کی وجہ سے ہمارے دل مردہ ہو چکے ہیں اور اس کی وجہ سے حاکموں نے ہمیں قتل کرنا مباح اور جائز قرار دیا ہے وہ لقب ایک حدیث میں ہے جس حدیث کو ان کے فقہاء نے روایت کیا ہے ابو بصیر کہتے ہیں کہ امام جعفر

marfat.com

صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رافضہ کے متعلق حدیث؟ ابو بصیر کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ امام صاحب نے فرمایا کہ خدا کی قسم ان لوگوں نے تمہارا نام رافضی نہیں رکھا بلکہ اللہ تعالیٰ نے تمہارا نام رافضی رکھا ہے۔

## رافضیوں کو قتل کر دو

یہی رافضیوں والی حدیث احتجاج طبرسی مطبوعہ ایران میں بھی موجود ہے۔ اگرچہ اہل تشیع کی کتاب کافی کی روایت کے بعد اہل تشیع کی خدمت میں اس حدیث کی توثیق کے متعلق مزید شہادت کی ضرورت نہیں علی الخصوص ایسی حالت میں کہ جب امام صاحب اس حدیث کی تفسیر میں اور اس کی توثیق میں یہ فرمادیں کہ اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ نے تمہارا نام رافضی رکھا ہے مگر ہم چاہتے ہیں کہ مومنین کو خوش کرنے کے لئے بطور استشہاد ایک حدیث پیش کر ہی دیں:۔

**عَنْ عَلِيٍّ قَالَ يَخْرُجُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ لَهُمْ نَبْزٌ يُقَالُ لَهُمُ الرَّافِضَةُ يُعْرَفُوْنَ بِهٖ يَنْتَحِلُوْنَ شِيْعَتَنَا وَلَيْسُوْا مِنْ شِيْعَتِنَا وَآيَةُ ذٰلِكَ اَنَّهُمْ يَشْتِمُوْنَ اَبَابَكْرٍ وَّ عُمَرَ اَيْنَمَا اَدْرَكْتُمُوْهُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ فَاِنَّهُمْ مُشْرِكُوْنَ ۔**

”حضرت سیدنا علی المرتضیٰ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) فرماتے ہیں کہ آخری زمانہ میں ایک فرقہ نکلے گا جس کا خاص لقب ہوگا جس کو لوگ رافضی کہیں گے۔ اسی لقب کے ساتھ ان کی پہچان ہوگی۔ وہ لوگ ہمارے شیعہ ہونے کا دعویٰ کریں گے در حقیقت وہ ہماری جماعت سے نہیں ہوں گے اور ہماری جماعت سے نہ ہونے کی دلیل یہ ہے کہ وہ لوگ ابو بکر (صدیق) اور عمر (فاروق اعظم) (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کے حق میں سب بکیں گے تو ان کو قتل کر دینا کیونکہ وہ مشرک ہوں گے۔

marfat.com

اس حدیث کی صحت کے متعلق صرف اس قدر گزارش کافی ہے کہ بعینہ وہی الفاظ اور وہی مضمون جو حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں پیش ہو اور جس کی تصدیق حضرت امام جعفر صادق نے فرمادی۔ اس حدیث میں موجود ہے۔ اس لئے اگرچہ یہ حدیث ہم کتاب کنزالعمال سے پیش کر رہے ہیں اور یہ کتاب اہل تشیع کے نزدیک معتبر نہیں مگر اس حدیث کا ان کے نزدیک بھی صحیح ہونا کسی مزید دلیل کی طرف محتاج نہیں۔ جیسا کہ عرض کر چکا ہوں۔ کنزالعمال میں یہ حدیث اور اس کے ہم معنی باقی احادیث ملاحظہ فرمانا ہو تو جلد ۶ صفحہ ۸۱ پر دیکھیں۔

اب مسلمانوں کے کسی گروہ سے بھی امام صاحب نے جن کو شمار نہیں کیا وہ کون ہیں؟ جن کو امام عالی مقام نے اپنی مجلس سے دفع فرمایا اور ان کے ساتھ وہی سلوک فرمایا جو کفار کے ساتھ کرنا واجب ہے (واغلظ علیھم) ان کا عقیدہ اور مذہب کیا تھا؟ ان کے حق میں یہ فرمانا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں ہلاک کرے کس نظریہ کے تحت ہے؟ مدعیان محبت و تولی تو امام عالی مقام سیدنا زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نہ جھٹلائیں گے بلکہ ان پر ایمان لائیں گے اور ان کے مذہب اور عقیدہ کی تقلید کریں گے اور ان کے صاحبزادے امام عالی مقام سیدنا محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت زید بن امام زین العابدین کا ارشاد اقدس بھی مشعل راہ بنائیں گے۔

## ہاں! وہ صدیق (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ہیں

امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب اقدس اور آپ کا نظریہ بھی اسی کتاب (کشف الغمہ) کے صفحہ ۲۲۰ میں ملاحظہ فرمادیں۔

وعن عروة عن عبدالله قَالَ سَأَلْتُ اَبَا جَعْفَرَ مُحمد بن علی علیہما السّلام عَنْ حِلْيَةِ السُّيُوْفِ فَقَالَ لَا بَاسَ بِهٖ قَدْ حَلّٰى اَبُوْبَكْرِ الصِّدِّيْقُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْه سَيْفَهٗ قُلْتُ فَتَقُوْلُ الصِّدِّيْقُ؟ قَالَ فَوَثَبَ وَثْبَةً وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَقَالَ نَعَمْ الصِّدِّيْقُ نَعَمْ الصِّدِّيْقُ نَعَمْ

marfat.com

الصِّدِّیْقُ فَمَنْ لَمْ یَقُلْ لَهُ الصِّدِّیْقُ فَلاَ صَدَقَ اللّٰهُ لَهُ قَوْلاً فِی الدُّنْیَا وَلاَ فِی الْاٰخِرَةِ۔ ۱۲

"امام عالی مقام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک شیعہ صاحب نے مسئلہ دریافت کیا کہ یا حضرت تلواروں کو زیور لگانا جائز ہے یا نہیں؟ امام صاحب نے فرمایا اس میں کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی تلوار کو زیور لگایا ہوا تھا۔ شیعہ صاحب نے عرض کیا کہ آپ بھی ان کو صدیق کہتے ہیں۔ اس پر امام عالی مقام اچھل پڑے اور قبلہ شریف کی طرف رخ انور کر کے فرمایا کہ ہاں وہ صدیق ہیں۔ ہاں وہ صدیق ہیں۔ ہاں وہ صدیق ہیں جو ان کو صدیق نہیں کہتا اللہ اس کے کسی قول کو نہ دنیا میں سچا کرے نہ آخرت میں۔ ۱۲ (کشف الغمہ ص ۲۲۰)

ہے کوئی ذی شعور؟

اب ذرا ٹھنڈے دل سے سوچیں کہ امام عالی مقام کے ارشاد گرامی پر کس کا ایمان ہے اور کون ان کے ارشاد کو نہیں مانتا؟ اہل السنۃ والجماعت غریب تو امام عالی مقام کے یک دفعہ فرمانے پر آمنا و صدقنا کا نعرہ لگاتے ہیں۔ مدعیان محبت و تولی کے انتظار میں ہیں کہ پانچ دفعہ فرمانے کے باوجود بھی ایمان لاتے ہیں یا نہیں؟

کیوں جناب امام عالی مقام کا نظریہ کیا تھا؟ اور ان کے سچے غلام اور سچے حلقہ بگوش ون ہیں؟ اب رہا یہ امر کہ جو شخص صدیق اکبر ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مدیق نہیں کہتا اس کے متعلق امام عالی مقام کی یہ بد دعا کہ "اللہ تعالیٰ اس کے کسی قول و دنیا و آخرت میں سچا نہ کرے۔" خطا تو جا نہیں سکتی۔ غالباً بلکہ یقیناً یہی تقیہ کی لعنت ی ہو سکتی ہے جس سے کوئی شخص ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صدیق نہ کہنے والا مالی نہیں۔ غرضیکہ تمام ائمہ معصومین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے نزدیک ابو بکر مدیق ہیں۔

marfat.com

بہت ممکن ہے کہ مدعیان محبت اہل بیت اپنے عقیدے پر امام عالی مقام کے مذہب اور ان کے عقیدے کو قربان کرتے ہوئے یہ کہنا شروع کر دیں کہ امام صاحب نے قبلہ رو ہو کر عمداً جان بوجھ کر خلاف واقعہ فرمایا۔ مگر کوئی مسلمان ان علمبر داران صدق و صفا کی شان اقدس میں اس قسم کی گستاخی کی جرأت نہیں کر سکتا۔

سب سے بڑی بات یہ ہے کہ کذب بیانی اور خلاف واقعہ امر کا اظہار ان کی شان ارفع سے بہت دور ہے بلکہ مناقض ہے۔

دوسرا نقل کفر کفر نباشد۔ اگر کذب بیانی یا تقیہ جائز سمجھتے تو کسی مخالف کے سامنے نہ کہ اپنے شیعہ کے سامنے جو منکر خلفائے راشدین تھا۔ بلکہ اہل تشیع کے نظریہ کے تحت تو برعکس تقیہ کرتے کیونکہ ایک ہمراز و دمساز کے سامنے تقیہ کرنا سخت بے محل بات ہوتی ہے اور یہاں الٹا معاملہ تھا۔ شاید شیعہ مذہب میں قسم اٹھا کر ہمیشہ اور ہر بات میں ہر جگہ جھوٹ بولنا عبادت ہو؟

## صاحب کشف الغمہ

یہ بات بھی عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ اس کتاب کا مصنف کوئی معمولی ذاکر ماکر نہیں بلکہ اہل تشیع میں ساتویں صدی کا مجتہد اعظم گزرا ہے۔ مجتہدین ایران نے ان کی منقبت میں جو الفاظ لکھے ہیں ان میں سے چند بطور نمونہ پیش کرتا ہوں۔

شیعوں کے ایک مجتہد اعظم مجد الدین الفضل جو ۶۹۲ ہجری میں مصنف سے ملے بھی ہیں ان کے حق میں لکھتے ہیں۔ "ملک الفضلاء غرۃ العلماء قدوۃ الادباء نادرۃ عصر نسیج وحدہ المولیٰ الصاحب المعظم فی الدنیا والدین فخر الاسلام والمسلمین جامع شتات الفضائل المبرز فی حلبات السبق علی الآواخر والاوائل ابی الحسن علی بن السعید فخر الدین بن عیسیٰ ابی الفتح الاربلی امد اللہ الکریم فی شریف عمرہ"، اسی طرح مجتہد ایران محمد باقر بن محمد ابراہیم خونسازی اور کربلائی محمد حسین طہرانی وغیرہ نے ان کو مجتہد اعظم بلکہ ملک الفضلاء و غرۃ العلماء کے القاب کے ساتھ لکھا ہے۔

marfat.com

زیادہ غور طلب بات یہ ہے کہ یہ روایات جو آئمہ صادقین سے اس مصنف نے اپنی کتاب میں لکھی ہیں ان کے متعلق کسی قسم کا تبصرہ یا رائے زنی کی جرأت نہیں کی۔ اس زمانہ کے مدعیان محبت و تولے کو اپنے دعویٰ محبت و تولی پر بطور دلیل ائمہ طاہرین معصومین صادقین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے مذہب کی تقلید اور ان کے فرمان کی تعمیل ضروری ہے ورنہ دعوے بلا دلیل کی زندہ مثال اہل تشیع کا ایک ایک فرد ثابت ہو گا۔ جب کتاب کا مصنف مسلم شیعہ ان کا ملک الفضلاء غرۃ العلماء نادرۃ العصر ان کا مولی معظم ان کا فخر الاسلام والمسلمین جامع شتات الفضائل اور جانے کیا کیا ہے اور کتاب بھی ان کی مسلم حدیث کی ہے جو شروع سے آخر تک آئمہ طاہرین کی روایتیں لاتا ہے اور جہاں کہیں بھی ذرہ برابر گنجائش دیکھتا ہے، تشیع پروری و رفض نوازی سے نہیں چوکتا۔ تو ایسی کتاب کی روایت اور وہ بھی ائمہ طاہرین سے اور پھر ذرہ برابر گنجائش نہ ملنے کے باعث ذرہ برابر اپنی طرف سے کوئی تبصرہ اور کوئی جواب یا کسی قسم کی رائے زنی نہیں کرتا تو برادران وطن بھی ان احادیث کو صحیح توجیہہ سے ہٹانے کی زحمت گوارا نہ فرمائیں اور اس کے واضح غیر مبہم معنی سے اس کو نہ پھیریں اور بعید از قیاس احتمالات کے ساتھ اس کی تاویلیں کرنے کی بے فائدہ تکلیف نہ فرماتے ہوئے امام کے ارشاد کو بگاڑنے کی ناکام کوشش نہ کریں نہ ہی اس کے راویوں کو ناصبی یا ازراہ رفتہ کہیں۔

## معصوم ائمہ پر اعتراض

علم الصدق والصفی سیدنا امیر المومنین علی المرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صریح اور واضح و غیر مبہم ارشاد کی شان دیکھئے اور روایت بھی تمام تر ائمہ صادقین طاہرین معصومین سے ہے۔ میں انتظار میں ہوں کہ محبت و تولے کے دم بھرنے والے اس فرمان پر کہاں تک ایمان لانے کے لئے تیار ہوتے ہیں؟ ایک عجیب و غریب اعتراض بھی اس روایت پر سن لیں جو شیعوں کے محقق طوسی نے یہ روایت اپنی کتاب تلخیص

marfat.com

الشافی میں لکھ کر کیا ہے۔ کہتا ہے کہ روایت بیشک ائمہ کرام سے ہے مگر اس کے راوی
ایک ایک ہیں۔ اس لئے اس پر اعتبار نہیں کرتا۔ یعنی امام جعفر صادق صاحب اکیلے
اپنے والد امام محمد باقر سے روایت کرتے ہیں اور صرف امام محمد باقر صاحب اپنے والد
امام زین العابدین سے روایت فرماتے ہیں اور صرف امام زین العابدین اس روایت کو
حضرت علی سے بیان فرماتے ہیں لہٰذا یہ خبر احاد اور ناقابل اعتماد الشیعہ ہے مگر غالبًا یہ
کہنا بھول گیا کہ صرف حضرت علی خلفائے راشدین کو امام الہدیٰ اور شیخ اسلام اور
مقتدیٰ و پیشوا کہہ رہے ہیں اور صرف وہی ان کو اپنے پیارے فرما رہے ہیں لہٰذا اس پر
کیا اعتبار؟

مگر ہم شیعوں کی تسلی کے لئے چودہ آدمیوں سے بیک وقت روایت پیش کرتے
ہیں جو کتاب الشافی جلد ۲ صفحہ ۴۲۸ مطبوعہ نجف اشرف میں موجود ہے۔

اِنَّ عَلِیًّا علیه السّلام قَالَ فِیْ خُطْبَتِهٖ خَیْرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِیِّهَا اَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ وَ فِیْ بَعْضِ الْاَخْبَارِ اَنَّهٗ عَلَیْهِ السَّلَامُ خَطَبَ بِذٰلِكَ بَعْدَ مَا اُنْهِیَ اِلَیْهِ اَنَّ رَجُلًا تَنَاوَلَ اَبَابَکْرٍ وَ عُمَرَ بِالشَّتِیْمَةِ فَدَعٰی بِهٖ وَتَقَدَّمَ بِعُقُوْبَتِهٖ بَعْدَ اَنْ شَهِدُوْا عَلَیْهِ بِذٰلِكَ۔ ۱۲

"یعنی حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے خطبے میں فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کے بعد حضور کی تمام امت میں سے افضل ابو بکر اور عمر ہیں بعض رواتیوں میں واقعہ تفصیل کے ساتھ بیان ہوا ہے کہ حضرت شیر خدا حیدر کرار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں اطلاع پہنچی کہ ایک شخص نے (غالبًا کسی شیعہ نے) حضرت ابو بکر (صدیق) اور حضرت عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کی شان میں سب بکا ہے جس پر امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس شخص کو بلایا اور اس کے سب بکنے پر شہادت طلب فرمائی (یعنی باقاعدہ مقدمہ چلایا) اور شہادت گزرنے کے بعد اپنے دست حیدری کے ساتھ اس کو واصل جہنم فرمایا اور مبتلاء عقوبات گرداتا۔

marfat.com

(شافی و تلخیص الشافی جلد ۲ صفحہ ۴۲۸۔ مطبوعہ نجف اشرف)

تو فتنہ باز ہے

اسی کتاب کے اسی صفحہ پر ایک اور روایت بھی ملاحظہ فرمادیں۔

وَرَوٰی جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَلَیْهِم السَّلام قَالَ لَمَّا اسْتُخْلِفَ اَبُوْبَکْرٍ جَاءَ اَبُوْ سُفْیَانَ فَاسْتَاذَنَ عَلٰی عَلِیٍّ علیه السَّلام قَالَ اُبْسُطْ یَدَكَ اُبَا یِعْكَ فَوَاللّٰهِ لَاَمْلَاَنَّهَا عَلٰی اَبِیْ فَیْصَلٍ خَیلاً وَّ رِجْلاً فَانْزَوٰی عَنْهُ علیه السَّلام وَقَالَ وَیْحَكَ یَا اَبَا سُفْیَانَ هٰذِهٖ مِنْ دَوَاهِیْكَ وَقَدِ اجْتَمَعَ النَّاسُ عَلٰی اَبِیْ بَکْرٍ مَا زِلْتَ تَبْغِی الْاِسْلَامَ عِوَجًا فِی الْجَاهِلِیَّةِ وَالْاِسْلَامِ وَوَاللّٰهِ مَاضَرَّ الْاِسْلَامَ ذٰلِكَ شَیْئًا مَازِلْتَ صَاحِبَ فِتْنَةٍ۔ ۱۲

"امام جعفر صادق اپنے والد سے روایت فرماتے ہیں اور وہ اپنے والد سے روایت فرماتے ہیں اور وہ اپنے والد (امام زین العابدین) سے روایت فرماتے ہیں کہ جب (حضرت) ابو بکر (صدیق) خلیفہ بنے تو ابو سفیان نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضری کی اجازت چاہی (اور حاضر ہوا) اور عرض کی کہ آپ ہاتھ بڑھائیں میں آپ سے بیعت کرتا ہوں۔ خدا کی قسم اس علاقہ کو سواروں اور پیدلوں سے بھر دوں گا۔ (اگر حضور خوف کی وجہ سے خلافت کا اعلان نہیں فرمارہے اور تقیۃً خاموش ہیں) یہ سن کر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس سے روگردانی فرمائی اور فرمایا کہ ابو سفیان تیرے لئے سخت افسوس ہے یہ خیالات تیری تباہ کاریوں کی دلیل ہیں حالانکہ ابو بکر (صدیق) کی خلافت پر صحابہ کا متفقہ اور اجماعی فیصلہ ہو چکا ہے تو تو ہمیشہ کفر اور اسلام کی حالت میں فتنہ اور کجروی ہی تلاش کرتا رہا ہے۔ خدا کی قسم (صدیق اکبر) ابو بکر

marfat.com

کی خلافت کسی طرح بھی اسلام کے لئے غیر مفید نہیں ہو سکتی اور تو تو
ہمیشہ فتنہ باز ہی رہے گا۔ ۱۲

لیجئے جناب! یہ حدیث بھی امام عن امام عن امام عن امام غرضیکہ اس حدیث کی سند بھی تمام تر ائمہ معصومین صادقین پر مشتمل ہے ہاں یہ ضرور ہے کہ ان کے ساتھ دوسرا شاہد موجود نہیں۔ ورنہ شیعوں کے محقق طوسی ان پر ایمان لا چکے ہوتے کاش شیعوں کا پیشوا اس بات پر ایمان رکھتا کہ ائمہ ہدیٰ کے ارشاد سے زیادہ اور کوئی چیز قابل یقین اور لائق اعتبار نہیں ہو سکتی۔ اور ان کے ارشاد پر یقین کرنے کے لئے کسی دوسری شہادت کی ضرورت نہیں ہوتی۔

عمر بزبان علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما

ایک روایت اور بھی ملاحظہ فرماتے جایئے۔ کتاب الشافی لعلم الہدیٰ جلد ۲ صفحہ ۴۲۸ مطبوعہ نجف اشرف۔

وروی جعفر بن محمد عن ابیه عن جابر بن عبداللّٰه لَمَّا غُسِلَ عُمَرُوَ كُفِنَ دَخَلَ عَلِيٌّ عَليه السلام فقال صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ مَا عَلَى الْاَرْضِ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَلْقَى اللّٰهَ بِصَحِيْفَةِ هَذَا الْمُسْتَجَى بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ۔ ۱۲

امام جعفر صادق، امام محمد باقر سے روایت کرتے ہیں کہ جب (امیر المومنین) عمر شہید ہوئے اور ان کو کفن پہنایا گیا۔ تو حضرت علی المرتضیٰ تشریف لائے اور فرمایا اس پر اللہ تعالیٰ کی صلوٰۃ (رحمتیں و برکتیں) ہوں۔ تمام روئے زمین پر میرے نزدیک کوئی چیز اس سے زیادہ پسندیدہ نہیں کہ میں اللہ سے ملوں اور میرا اعمال نامہ بھی اس کفن پوش کے اعمال نامہ کی طرح ہو جو اس وقت تمہارے سامنے موجود ہے۔ ۱۲

سبحان اللہ! مولیٰ مرتضیٰ تو ان کے اعمال نامہ کے ساتھ رشک فرمارہے ہیں او

marfat.com

مدعیان تولی ان کو غاصب اور ظالم کہہ رہے ہیں۔اب سوال یہ ہے کہ کس کی سنیں اور کس کی نہ سنیں؟ مولیٰ مشکل کشاء کو سچا مانیں یا ان مدعیان محبت و تولے کو؟اس سے زیادہ بھی کوئی تعجب انگیز صورت پیدا ہو سکتی ہے۔کہ کتابیں بھی اہل تشیع کی نہایت معتبر اور روایات بھی شروع سے آخر تک ائمہ صادقین طاہرین معصومین کی اور ان کتابوں کی کتابت بھی تہران یا نجف اشرف میں مشہور غالی شیعوں کی زیر نگرانی اور پھر روایات پر اہل تشیع ایمان نہ لائیں تو کہنا پڑتا ہے کہ فَبِاَیِّ حَدِیْثٍ بَعْدَهٗ یُؤْمِنُوْنَ۔یہ بھی یاد رکھئے کہ سید مرتضٰی مصنف کتاب شافی کے متعلق ملا مجلسی نے اپنی کتاب حق الیقین صفحہ ۱۵۰ مطبوعہ ایران میں لکھا ہے کہ "از اکابر علمائے امامیہ است" (یعنی شیعوں کے بہت بڑے علماء میں سے ہے) اور ابو جعفر طوسی کے متعلق بھی تمام مجتہدین شیعہ امام الطائفہ لکھتے ہیں۔اس کی اپنی کتاب بھی اس کے غالی شیعہ ہونے کی تصدیق کرتی ہیں۔

خلفاء ثلاثہ بزبان ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم

اہل تشیع کی معتبر ترین کتاب ناسخ التواریخ جلد ۵ کتاب ۲ صفحہ ۱۴۳، ۱۴۴ (قال ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما)

فِیْ اَبِیْ بَکْرٍ (اَلصِّدِّیْقِ) رَحِمَ اللّٰهُ اَبَابَکْرٍ کَانَ وَاللّٰهِ لِلْفُقَرَآءِ رَحِیْمًا وَّلِلْقُرْآنِ تَالِیًا وَعَنِ الْمُنْکَرِ نَاهِیًا وَبِدِیْنِهٖ عَارِفًا وَّمِنَ اللّٰهِ خَائِفًا وَّعَنِ الْمَنْهِیَّاتِ زَاجِراً وَّبِالْمَعْرُوْفِ آمِرًا وَّبِالَّیْلِ قَائِمًا وَّبِالنَّهَارِ صَائِمًا فَاقَ اَصْحَابَهٗ وَرْعًا وَکَفَافًا وَسَادَهُمْ زُهْداً وَّعَفَافًا فَغَضِبَ اللّٰهُ عَلٰی مَنْ یَّنْقِصُهٗ وَیَطْعَنُ عَلَیْهِ

اللہ تعالیٰ رحمت فرمائے ابو بکر (صدیق) پر کہ اللہ کی قسم وہ فقیروں کے لئے رحیم اور قرآن کریم کی ہمیشہ تلاوت کرنے والے، بری باتوں سے منع کرنے والے، اپنے دین کے عالم، اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے،

marfat.com

ناپسندیدہ اعمال سے ہٹانے والے، اچھی چیزوں کا حکم دینے والے، رات کو خدا سے لو لگانے والے، اور دن کو روزہ رکھنے والے تھے تمام صحابہ پر پرہیزگاری اور تقویٰ میں فوقیت حاصل کر چکے تھے دنیا سے بے رغبتی اور پاکدامنی میں سب سے زیادہ تھے پس جو شخص ان کی شان میں تنقیص کرے یا ان پر طعن کرے تو ان کی شان میں تنقیص کرنے والے پر خدا کا غضب۔ ۱۲

شان فاروقی میں بھی ایک تصریح ملاحظہ ہو (ناسخ التواریخ جلد ۵ کتاب ۲ صفحہ ۱۴۴)

رَحِمَ اللّٰهُ اَبَاحَفْصٍ كَانَ وَاللّٰهِ حَلِيْفَ الْاِسْلَامِ وَمَاوٰى الْاَيْتَامِ وَمُنْتَهَى الْاِحْسَانِ مَحَلُّ الْاِيْمَانِ وَكَهْفَ الضُّعَفَاءِ وَمَعْقِلَ الْحُنَفَاءِ وَقَامَ بِحَقِّ اللّٰهِ صَابِراً مُحْتَسِباً حَتّٰى اَوْضَحَ الدِّيْنَ وَفَتَحَ الْبِلَادَ وَآمَنَ الْعِبَادَ اَعْقَبَ اللّٰهُ مَنْ يُنْقِصُهُ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

یعنی اللہ تعالیٰ رحمتیں نازل فرمائے ابا حفص عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر خدا کی قسم کہ وہ اسلام کے سچے ہمدرد تھے۔ یتیموں کے آسرا تھے۔ احسان کے اعلیٰ مرتبہ پر متمکن تھے۔ ایمان کا مرکز تھے۔ ضعیفوں کی جائے پناہ تھے۔ متقی اور پرہیزگاروں کے ملجاء و ماویٰ تھے اللہ تعالیٰ کے حقوق کی حفاظت فرمائی۔ جس میں تکلیفوں اور مصیبتوں پر صبر کرنے والے تھے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی چاہنے والے تھے یہاں تک کہ دین روشن کیا۔ ملکوں کو فتح کیا اور اللہ تعالیٰ کے بندوں کو خوف سے بچا کر امن میں رکھا۔ جو شخص بھی ان کی شان کو گھٹائے وہ قیامت تک اللہ تعالیٰ کی لعنت کا مستحق ہے۔ ۱۲

اسی طرح شان ذی النورین سیدنا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق ملاحظہ فرماویں۔ (ناسخ التواریخ جلد ۵ کتاب ۲ صفحہ ۱۴۴)

رَحِمَ اللّٰهُ عُثْمَانَ كَانَ وَاللّٰهِ اَكْرَمَ الْهَفَدَةِ وَاَفْضَلَ الْبَرَرَةِ هَجَّاداً

marfat.com

بِالْاَسْحَارِ كَثِيْرَ الدُّمُوْعِ عِنْدَ ذِكْرِ النَّارِ نَهَّاضًا عِنْدَ كُلِّ مَكْرُمَةٍ سَبَّاقًا اِلٰی کُلِّ مُنْجِیَةٍ حَبِیبًا وَّفِیًّا صَاحِبَ جَیْشِ الْعُسْرَةِ وَحِمْوًا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَاَعْقَبَ اللّٰهُ مَنْ یَّلْعَنُهٗ لَعْنَةَ اللَّاعِنِیْنَ

اللہ تعالیٰ کی رحمتیں ہوں عثمان (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) پر اللہ کی قسم وہ رسول اللہ ﷺ کے شریف ترین داماد تھے۔ اور مقدس لوگوں سے افضل تھے۔ بہت تہجد پڑھنے (نماز) والے تھے۔ نار جہنم کی یاد کرتے وقت بہت رونے والے تھے۔ ہر بہترین کام میں، ہر نجات دینے والے پہلو کی طرف سب سے زیادہ سبقت کرنے والے تھے۔ غزوۂ تبوک میں اسلامی لشکر کی اعانت کرنے والوں کے سردار تھے اور رسول اللہ ﷺ کے قریبی رشتہ دار تھے جو ان کی شان میں سب کرتا ہے اس پر اللہ کی لعنت ہے اور ان لوگوں کی لعنت ہے جو لعنت کرنے والے ہیں۔

## ذرا غور فرمائیں

محترم بھائیو! میں خدا کو حاضر و ناظر یقین کرتے ہوئے مذہبی تعصب کو درکنار رکھ کر محض حق پسندی اور انصاف سے عرض کرتا ہوں کہ ائمہ طاہرین کی اس قدر واضح اور غیر مبہم تصریحات سے انکار کرنا اور ان کی بعید از قیاس تاویلیں کرنا ان کے اصل مفہوم اور معنی سے انحراف کر کے عقل اور صحیح نظر و فکر کے خلاف توجیہیں کرنا صرف اس شخص سے ممکن ہے جو دل سے ان کے ساتھ ایک رائی کے برابر بھی الفت نہیں رکھتا اور اس کے دل میں ان مقربین بارگاہ صمدی کی ذرہ بھر وقعت نہیں۔ صرف زبانی دعویٰ یا محرم کے چند دنوں میں ہنگامہ آرائی ائمہ صادقین کے صریح ارشادات کی خلاف ورزی کا تدارک نہیں کر سکتی۔ اور ان ائمہ ہدیٰ کے واضح تر احکامات اور ان کے حلفیہ بیانات اور قسمیہ تصریحات کو خلاف واقعہ اور جھوٹ یقین کرنے والا محب اور مومن نہیں ہو سکتا۔

marfat.com

کافی کتاب الروضہ مطبوعہ لکھنو صفحہ ۹۹ بھی مطالعہ فرماتے جایئے۔

يُنَادِی مُنَادٍ فِیْ اَوَّلِ النَّهَارِ اَلاَ اِنَّ فُلاَنَ بْنَ فُلاَنٍ شِيْعَتُهُمْ هُمُ الْفَائِزُوْنَ وَيُنَادِی اٰخِرَ النَّهَارِ اَلاَ اِنَّ عُثْمَانَ وَشِيْعَتَهُمْ هُمُ الْفَائِزُوْنَ

یعنی صبح کو ندا دینے والا ندا دیتا ہے کہ ہوش سے خبردار ہو کر سنو کہ فلاں ابن فلاں اور ان کا گروہ وہی ہیں۔ جو فائز المرام ہیں اور شام کو ایک ندا دینے والا یہ ندا دیتا ہے۔ ہوش سے خبردار ہو کر سنو کہ عثمان اور ان کا گروہ وہی ہیں جو فائز المرام ہیں۔

"فلاں" سے کون مراد ہیں؟ تو اہل تشیع کی عادت ہے کہ امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام نامی اگر ناچار لکھنا پڑ جائے تو "فلاں" لکھ کر سبکدوش ہو جاتے ہیں کیونکہ ان کے سائے سے بھی اس طرح بھاگتے ہیں کہ ھوسر اراستہ اختیار کرتے ہوئے فلاں کہہ دیتے ہیں۔ اہل تشیع نے اپنی کتابوں میں کئی جگہ یہ طرز اختیار کیا ہے۔ مثلاً کتاب نہج البلاغۃ مطبوعہ ایران۔

جَزَی اللّٰهُ فُلاَنًا فَلَقَدْ قَوَّمَ الْاَعْوِجَاجَ وَدَاوَی الْجَهْلَ اَقَامَ السُّنَّةَ وَخَلَّفَ الْفِتْنَةَ وَذَهَبَ نَقِیَّ الثَّوْبِ قَلِيْلَ الْعَيْبِ اَصَابَ خَيْرَهَا وَسَبَقَ شَرَّهَا اَدّٰی اِلَی اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ طَاعَتَهٗ وَ تَقْوٰهُ بِحَقِّهٖ رَجُلٍ وَتَرَكَهُمْ فِیْ طُرُقٍ مُتَشَعِّبَةٍ لاَيَهْتَدِیْ فِيْهَا الضَّالُّ وَلاَ يَسْتَيْقِنُ الْمُهْتَدِیْ۔ ۱۲

یعنی اللہ تعالیٰ ہی جزائے خیر عطا فرمائے "فلانے" کو جس نے کجروی کو قطعی طور پر درست کیا اور جہالت کی مرض کی دوا کی جس نے سنت کو قائم کیا اور فتنہ کو پیچھے دھکیلا۔ دنیا سے پاکدامن اور بے عیب ہو کر گیا۔ بھلائی اور خیر کو حاصل کیا اور فتنہ و شر سے پہلے چلا گیا۔ اللہ تعالیٰ کا خوف اور اس کی عبادت کماحقہٗ ادا کی۔ وہ رخصت ہو گیا اور لوگوں کو اس طرح

marfat.com

پریشان حالت میں چھوڑ گیا کہ گمراہ ہدایت نہیں پا سکتا اور ہدایت یافتہ یقین نہیں کر سکتا۔

حضرت امام الائمہ سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس خطبے کی شرح میں صاحب بحتہ الحدائق اور ابن ابی الحدید اور منہاج البراعتہ اور لاہجی اور ابن میثم تصریح کرتے ہیں کہ "فلاں" سے مراد عمر ہیں البتہ ابن میثم ابو بکر (الصدیق) رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق بھی کہتے ہیں۔ الدرۃ النجفیہ میں ہے کہ ابو بکر صدیق مراد ہیں۔

## شہید کربلا کی بے خبری؟

نہج البلاغۃ کی یہ شروح متعصب اور غالی اہل تشیع نے کی ہیں۔ یہ ضرور ہے کہ صاحب بحتہ الحدائق اس خطبے کی شرح میں آخر میں کہتے ہیں شیر خدا نے بطور "تقیہ" امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اس قدر تعریف فرمائی ہے۔ بہرحال ہم نے مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی کلام پاک اور ان کا ارشاد گرامی پیش کرنا ہے۔ ان کے مافی الضمیر المنیر کے متعلق خدا جانے اور وہ جانیں شاید امام عالی مقام علیم الصدق والصفا شہید کربلا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تقیہ کرنے کا مسئلہ معلوم نہ ہو گا ورنہ جب گھر میں تقیہ ضروری امر تھا تو غربت وسفر میں علی الخصوص عترت معصومین کے ساتھ تو ضرور وہ بھی تقیہ کرتے اور خانوادۂ نبوت کو شہید نہ کراتے اور با امن وامان مدینہ طیبہ تشریف لے جاتے۔ اہل تشیع کو یہ لدنی اور صدری علوم زندہ جاوید ہستیوں کا ماتم منانے اور مقتدیانِ امت کے حق میں سب وشتم بکنے سے حاصل ہو گئے۔

## نصیب اپنا اپنا

بھائی یہ تو اپنی اپنی قسمت کی بات ہے۔ اگر باب مدینۃ العلم کا نظریہ، ان کا مذہب، ان کا عقیدہ، ان کی رازداری کا شرف اور ان کے باطنی علوم نہ معلوم ہو سکے تو مظلومِ کربلا کو اور ان کے افکار واسرار مافی الضمیر کا علم حاصل ہو گیا تو شیعہ کو مگر ؎

سر داد نداد دست در دست یزید　　حقا کہ بنائے لاالٰہ است حسین

marfat.com

تقیہ نہ کرنے والے پر جو بے پناہ فتوے اور ان کی تکفیر اہل تشیع کی ام الکتب یعنی کافی کلینی میں موجود ہیں کہ اس کا مستقل باب باندھا ہے جس کو دیکھ کر الامان والحفیظ بے ساختہ منہ سے نکل جاتا ہے اور اہل تشیع کے صدق و صفا اور ان کی صاف باطنی کی داد دینی ضروری ہو جاتی ہے جس کا نمونہ عرض کر چکا ہوں۔

حضرت امام حسین حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے فرزند، ان کے شاگرد، ان کے خلیفہ، ان کے فیض یافتہ اور یہ شیعہ حضرات ان تمام نعمتوں سے محروم تو پھر یہ نعمت عظمیٰ ان کو نصیب ہو گئی کہ باطنی علوم سے صرف اور صرف یہی فیض حاصل کر سکے اور امام (معاذ اللہ) محروم رہ گئے تلک اذاً قسمۃ ضیزیٰ۔

بہر حال ہم ظاہر بینوں کو مدعیان محبت و تولی کی انتہائی معتبر کتابوں میں ائمہ طاہرین معصومین صادقین کی سند سے جو روایات پہنچی ہیں۔ ہم تو انہی پر اکتفا کرتے ہوئے گزارش کرنے کے اہل ہیں اور امام عالی مقام شہید کربلا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ظاہری طرز عمل اور ان کی ظاہری تعلیم کو اہل بیت کرام کے صدق و صفا کا علم سمجھتے ہیں اور اسی پر قناعت کر سکتے ہیں۔ میدان کربلا کا ذرہ ذرہ ہمیں جس صاف باطنی اور غیر خدا کے خوف سے بے دھڑک ہو کر صدق بیانی کی طرف بلاتا رہے گا۔ ہم تو بھائی اسی کو شیر خدا کا نظریہ یقین کرتے رہیں گے اور جب تک روضہ اطہر کو میدان کربلا میں دیکھتے رہیں گے ہماری آنکھیں تو کسی دوسرے صدری علم کو دیکھ نہیں سکتیں۔ اپنی اپنی استعداد ہے۔

## شیر خدا بیعت کرتے ہیں

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ارشادات اور وہ بھی ائمہ معصومین کی سند کے ساتھ۔ آپ ان کا نمونہ تو دیکھ ہی چکے۔ اب ہم آپ کو شیر خدا کا طرز عمل بھی پیش کرتے ہیں۔ ناسخ التواریخ جلد ۲۔ صفحہ ۴۳ مطبوعہ ایران۔

"پس از ہفتاد شب با ابو بکر بیعت کرد و بروایتے پس از شش ماہ با ابو بکر بیعت کرد۔"

marfat.com

یعنی ستر دنوں کے بعد حضرت علی المرتضٰی نے حضرت ابو بکر کے ساتھ بیعت کی (رضی اللہ عنہما) اور ایک روایت میں ہے کہ چھ ماہ کے بعد بیعت کی۔

ہاں جی ضرور کی، اگرچہ چھ سال کے بعد ہی بیعت کرتے تو بھی اس کو بیعت کرنا ہی کہا جاتا۔ اب اس تاخیر کے اسباب تو اس واقعہ کو تیرہ سو سڑسٹھ سال ہو گئے ہیں۔ جو راوی دو ماہ دس دن سے کھینچ تان کر چھ ماہ تک لے جا سکتے ہیں۔ وہ ایک آدھ دن سے دو ماہ تک بھی لے جا سکتے ہیں۔ دوسرا چھ ماہ کے عرصہ تک جس نے کربلا کا سامان مہیا نہیں فرمایا اور آخر پورے غور و خوض کے بعد بیعت ہی کو اختیار فرمایا۔ انہی کی رائے عالی صائب تھی۔

## الٹی منطق

تیسرا کتاب شافی لعلم الہدیٰ جو غالی ترین شیعہ کی تصنیف ہے اور کتاب تلخیص جو شیعوں کے محقق طوسی کی تصنیف ہے جن کا حوالہ گزر چکا ہے ان میں صاف صاف روایت امام جعفر صادق، امام محمد باقر سے اور وہ امام زین العابدین سے فرماتے ہیں کہ جب ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ ہوئے تو ابو سفیان نے ان کی خلافت کو ناپسند کر کے حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خلیفہ مقرر کرنے کی انتہائی کوشش کی۔ جس پر شیر خدا نے ان کو وہ ڈانٹ دی کہ تاقیامت عبرت رہے گی۔ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کو سراہا۔ اور اس کو برحق تسلیم فرمایا۔ اس واقعہ سے تقیہ یا جبراً بیعت کا سوال ہی اٹھ جاتا ہے۔ جب اس قدر فوج مہیا تھی تو پھر خوف کاہے کا تھا؟ نیز جبراً بیعت کا فائدہ ہی کیا تھا۔ جب جبراً ووٹ کی پرچی بھی حاصل نہیں کی جا سکتی تو وعدۂ اطاعت و وفا جبراً حاصل کرنا کیا معنی رکھتا ہے؟ اور پھر تقیہ اور جبراً بیعت کرنا بھی انوکھی منطق کا قضیہ ہے۔

بھائی تقیہ کا تو معنی ہی یہی ہے کہ ظاہر میں طرفدار اور دل سے بیزار۔ تو پھر مجبور ہونا اور نقل کفر کفر نباشد، گھسیٹنے کی نوبت آنا اور (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ) گلے میں رسا ڈلوا

marfat.com

کر گھسیٹنے کی حالت میں مسجد میں جانا بھی عجیب رضامندی اور طرف داری کا اظہار ہے۔
دراصل اہل تشیع بیعت نہ کرنے اور ناخوشنودی کے جتنے احتمالات ہو سکتے ہیں بیک وقت پیش کر کے محبوب خدا ﷺ کے صحابہ میں باہمی اختلافات ثابت کرتے وقت عقل سے بھی تقیہ کر جاتے ہیں اور یہی ایک تقیہ تمامتر شیعہ مذہب کے درد کی دوا ہے شیعوں کی کتاب کافی میں کئی جگہ شیر خدا کا خلفائے راشدین سابقین کے ساتھ بیعت کرنے کا ذکر ہے۔ مگر اکثر مقامات پر یہی لکھا ہوا ہے کہ مجبور ہو کر اور (معاذ اللہ العظیم) گلے میں رساڈلوا کر کشاں کشاں وعدۂ اطاعت کیلئے بیعت کرنے کی خاطر شیر خدا تشریف لے گئے اور شیر خدا نے تقیہ کیا ہوا تھا۔ یعنی ظاہر میں ان کے ساتھ تھے اور اندرونی طور پر بیعت کرنا نہیں چاہتے اہل تشیع کے فضلا سے کوئی پوچھے کہ ظاہراً طرفداری اور جبر واکراہ کی باہمی آمیزش وامتزاج تو سمجھاؤ کہیں آپ اجتماع نقیضین کی مثال تو نہیں دے رہے؟ یا مانعۃ الجمع کو محقق الوجود تو نہیں بتا رہے؟ اس جبر واکراہ اور تقیہ کی باہمی امتزاج اور آمیزش کی شان دیکھنی ہو تو ناسخ التواریخ جلد ۲ صفحہ ۶۲، ۴۹۴ اور کتاب حملہ حیدری مصنفہ علامہ باذل کا مطالعہ فرماویں۔ کافی کتاب الروضہ مطبوعہ لکھنؤ صفحہ ۱۳۹ کی عبارت بھی دلچسپی سے خالی نہیں۔

عن ابی جعفر علیه السلام قَالَ اِنَّ النَّاسَ لَمَّا صَنَعُوْا اِذْ بَایَعُوْا اَبَابَکْرٍ لَمْ یَمْنَعْ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ علیه السّلام اَنْ یَدْعُوَ اِلٰی نَفْسِهٖ اِلاَّ نَظْراً لِلنَّاسِ وَتَخَوُّفًا عَلَیْهِمْ اَنْ یَرْتَدُّوْا عَنِ الْاِسْلَامِ فَیَعْبُدُوْا اَوْثَانًا وَلاَ یَشْهَدُوْا اَنْ لاَّاِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَکَانَ الْاَحَبُّ اِلَیْهِ اَنْ یُقِرَّهُمْ عَلٰی مَاصَنَعُوْا مِنْ اَنْ یَّرْتَدُّوْا عَنْ جَمِیْعِ الْاِسْلَامِ وَاِنَّمَا هَلَكَ الَّذِیْنَ رَکِبُوْا فَاَمَّا مَنْ لَمْ یَصْنَعْ ذٰلِكَ وَدَخَلَ فِیْمَا دَخَلَ فِیْهِ النَّاسُ عَلٰی غَیْرِ عِلْمٍ وَلاَ عَدَوَاةٍ لِاَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ علیه السلام فَاِنَّ ذٰلِكَ لاَیُکْفِرُهٗ وَلاَ یُخْرِجُهٗ مِنَ الْاِسْلَامِ فَلِذٰلِكَ کَتَمَ عَلِیٌّ علیه

marfat.com

السلام اَمْرَہٗ وَبَایَعَ مُکْرَھًا حَیْثُ لَمْ یَجِدْ اَعْوَانًا۔ ۱۲

یعنی حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب کرتے ہوئے روایت کرتے ہیں کہ لوگوں نے جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ بیعت کرنا شروع کیا تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ساتھ بیعت کرنے کیلئے لوگوں کو اس خوف سے نہ بلایا کہ لوگ مرتد ہو جائیں گے اور بت پرستی شروع کر دیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور رسول اللہ ﷺ کی رسالت کی شہادت دینا چھوڑ دیں گے اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لوگوں کے مرتد ہو جانے سے زیادہ پسند یہ بات تھی کہ صدیق اکبر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی بیعت کرنے پر لوگوں کو برقرار رکھیں۔ کیونکہ صدیق اکبر کے ساتھ بیعت نہ تو لوگوں کو کافر بناتی تھی اور نہ ہی اسلام سے خارج کرتی تھی اس لئے حضرت علی علیہ السلام نے اپنے امر کو چھپایا اور مجبور ہو کر بیعت کی۔

سوچیں ذرا

سب سے بڑی بات تو شان حیدری کا لحاظ رکھنا ہے کہ وہ شیر خدا کسی خوف یا ڈر کی بنا پر بیعت کرنے والے تھے یا نہ؟ دوسرا امام حسین کا اسی بیعت کے سوال میں سر دے دینا اور بیعت کیلئے ہاتھ نہ دینا نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اور ان باپ بیٹے کے نظریات میں خلاف و تضاد تصور نہیں کیا جا سکتا۔ تیسرا شان حیدری کے برعکس اگر تقیہ و مجبوراً بیعت کا انعقاد فرض بھی کر لیا جاوے تو حسب ارشاد مرتضوی (نہج البلاغۃ خطبہ نمبر ۸ و ناسخ التواریخ جلد ۳ حصہ ۲ صفحہ ۳۲، ۴۸ پر جو آگے مذکور ہو گا) کہ زبیر یہ خیال کرتا ہے کہ اس نے صرف ہاتھ سے بیعت کی ہے اور دل سے نہیں کی تو بیعت کرنے کا اس نے یقیناً اقرار کیا اور بیعت کرنے والے زمرہ میں داخل ہو گیا! الخ۔ چوتھا حضرت زبیر نے جو بیعت کی تھی جس کو حضرت علی صحیح بیعت قرار دے رہے ہیں وہ بھی حسب

marfat.com

تصریح ناسخ التواریخ جلد ۳، حصہ نمبر ۲ صفحہ ۷ انتہائی جبر واکراہ کی بنا پر تھی دیکھو اصل عبارت ناسخ التواریخ۔

از پس او اشتر روئے باز بیر کرد فقال قم یا زبیر واللہ لا ینازع احد الا وضربت قرطہ بھذا السیف، گفت اے زبیر برخیز و بیعت کن۔ سوگند باخدائے ہیچکس از منازعت بیروں نشود الا آنکہ سرش برگیرم پس زبیر برخواست و بیعت کرد۔ الخ

یعنی حضرت علی کے خادم خاص اشتر نے حضرت زبیر کی طرف منہ کر کے کہا کہ اٹھ اور بیعت کر خدا کی قسم جو شخص بھی بیعت کرنے سے انکار کرے گا تو میں اس کا سر قلم کر کے رکھ دونگا۔ پس زبیر اٹھے اور حضرت علی سے بیعت کی۔

اب اس جبر واکراہ کے ساتھ بھی بیعت صحیح بیعت کی طرح ہے تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خلفائے راشدین کے ہاتھ پر بیعت کرنا اسی طرح صحیح بیعت ہی تسلیم کر لیا جائے تو کیا مضائقہ ہے۔

اہل تبصیرت کے سامنے اس پر تبصرہ تحصیل حاصل ہو گا لیکن سوال یہ ہے کہ حضرت علی کے ساتھ بیعت کرنے سے لوگ (معاذ اللہ) مرتد ہو جاتے ہیں اور صدیق اکبر کے ساتھ بیعت کرنے سے نہ اسلام سے خارج تھے اور نہ کافر بنتے تھے یہ کیوں؟

پھر حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب یہ جانتے تھے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیعت سے اگر لوگوں کو ہٹایا جائے تو مرتد ہو جائیں گے تو پھر حسب روایات ناسخ التواریخ و حملہ حیدری وغیرہ چھ ماہ تک یا (بروایت) دو ماہ تک توقف کیوں فرمایا؟ اور جب ارتداد جیسے فتنے کو روکنا تھا۔ تو (نقل کفر کفر نباشد) ریسماں اندازی (رسہ ڈالنا) اور کشاکشی کی تہمت کیوں لگائی گئی؟ اور جب (حسب روایت ناسخ التواریخ و شافی وغیرہ) ابو سفیان اور ان کے ساتھی ایک بے پناہ لشکر لے کر

marfat.com

امداد کے لئے حاضر ہوئے تو مجبوری کا کیا معنی اور بے یار و مددگار ہونے کا کیا مطلب؟

مسلمان بھائیو!! شیر خدا کی شان ہی جب ان مدعیان تولی کو معلوم نہیں تو اس قسم کی بے سر و پا روایات نہ گھڑتے تو کیا کرتے۔ شاید امام عالی مقام شہید کربلا سے زیادہ شیر خدا بیعت پر مجبور تھے۔ (نعوذ باللہ ان نکون من الجاھلین) یا یہ کہ میدان کربلا میں خانوادۂ نبوت کی شہادت اور گلستان نبوت اور چمنستان رسالت کا (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ) نذر خزاں ہونا مجاہد کربلا کی بیعت کر لینے سے روکا نہیں جا سکتا تھا اور معاندین اور شہید کنندگان سید شباب اہل الجنۃ اور حضور کے سارے خاندان عالی شان کو شہید کرنے والوں نے مرتد اور اسلام سے خارج نہیں ہونا تھا جن کو کفر اور ارتداد سے روکنا امام عالی مقام شہید کربلا کا اولین فریضہ تھا اور حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنت اقدس پر عمل کرنا اپنی جگہ پر ضروری تھا اور ہم خرما ہم ثواب فی حد ذاتہ ایک مصلحت موجود تھی۔

## حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام خطوط

اہل تشیع کے علامہ تبحر ابن میثم شرح نہج البلاغۃ میں حضرت سیدنا امیر المومنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد گرامی نقل کرتے ہیں جو بصورت کتاب حضرت معاویہ کی طرف ارسال فرمایا اور جس کو جامع نہج البلاغۃ نے بمقتضائے صداقت و دیانت قطع و برید اور تحریف سے خالی نہیں چھوڑا۔ ابن میثم وہ تمام ارشاد نقل مطابق اصل کرتے ہیں۔ جن کو جامع نہج البلاغۃ (رضی) نے قطع و برید کر دیا اور بعض کتاب سے ایمان اور بعض کے ساتھ کفر کی یاد تازہ کی۔

وَذَكَرْتَ اَنِ اجْتَبٰى لَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَعْوَانًا اَيَّدَهُمْ بِهٖ فَكَانُوْا فِيْ مَنَازِلِهِمْ عِنْدَهٗ عَلٰى قَدْرِ فَضَائِلِهِمْ فِي الْاِسْلَامِ وَكَانَ اَفْضَلَهُمْ فِي الْاِسْلَامِ كَمَا زَعَمْتَ وَاَنْصَحَهُمْ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ الْخَلِيْفَةُ الصِّدِّيْقُ وَخَلِيْفَةُ الْخَلِيْفَةِ الْفَارُوْقُ وَلَعَمْرِيْ اَنَّ مَكَانَهُمَا فِي الْاِسْلَامِ

marfat.com

لَعَظِیْمٌ وَاَنَّ الْمَصَائِبَ بِهِمَا لَجُرْحٌ فِی الْاِسْلَامِ شَدِیْدٌ یَرْحَمُهُمَا اللّٰهُ وَجَزَاهُمُ اللّٰهُ بِاَحْسَنِ مَا عَمِلَا۔

یعنی اے معاویہ تم یہ بیان کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے معاون ومددگار مسلمانوں سے منتخب فرمائے اور ان کو حضور کے ساتھ تائید بخشی تو وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اپنے مرتبوں میں وہی قدر رکھتے ہیں۔ جس قدر کہ اسلام میں ان کے فضائل ہیں۔ اور ان سب سے اسلام میں افضل اور سب سے اللہ اور اس کے رسول (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کا سچا خیر خواہ خلیفہ صدیق (ابو بکر) اور حضور کے خلیفہ کے خلیفہ فاروق (عمر) ہیں۔ جیسا کہ تو خود تسلیم کرتا ہے اور مجھے اپنی زندگی کی قسم ہے کہ ان دونوں (خلیفوں) کا رتبہ اسلام میں بہت بڑا ہے اور ان دونوں کی وفات اسلام کے لئے ایک شدید زخم ہے۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں پر رحمت فرمائے اور ان کو اچھے اعمال کی جزا بخشے۔

(ابن میثم شرح نہج البلاغۃ مطبوعہ ایران صفحہ ۴۸۸، سطر ۵)

حضرت امیر المومنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک اور ارشاد گرامی جو اپنے زمانہ خلافت میں آپ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف مکتوب گرامی میں تصریح فرماتے ہیں۔

اِنَّهُ بَایَعَنِی الْقَوْمُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا اَبَابَکْرٍ وَعُمَرَ وَ عُثْمَانَ عَلٰی مَا بَایَعُوْهُمْ عَلَیْهِ فَلَمْ یَکُنْ لِلشَّاهِدِ اَنْ یَّخْتَارَ وَلَا لِلْغَائِبِ اَنْ یَّرُدَّ وَاِنَّمَا الشُّوْرٰی لِلْمُهَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ فَاِنِ اجْتَمَعُوْا عَلٰی رَجُلٍ وَسَمَّوْهُ اِمَامًا کَانَ ذٰلِكَ لِلّٰهِ رَضِیً فَاِنْ خَرَجَ مِنْ اَمْرِهِمْ خَارِجٌ بِطَعْنٍ اَوْ بِدْعَةٍ رَدُّوْهُ اِلٰی مَاخَرَجَ مِنْهُ فَاِنْ اَبٰی قَاتِلُوْهُ عَلَی اتِّبَاعِهٖ غَیْرَ سَبِیْلِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَلَّاهُ مَاتَوَلّٰی الخ (نہج البلاغۃ کتاب ۶)

marfat.com

یعنی میرے ساتھ انہی لوگوں نے بیعت کی ہے جن لوگوں نے ابو بکر (صدیق) اور عمر (فاروق) اور (سیدنا) عثمان کے ساتھ بیعت کی تھی۔ پس کسی حاضر کو یہ حق نہیں کہ میرے بغیر کسی دوسرے شخص کو خلیفہ بنائے اور نہ ہی کسی غائب کو یہ حق پہنچتا ہے کہ (ایسی خلافت) رد کرے اور مشورہ دینے کا حق بھی صرف مہاجرین اور انصار ہی کو ہے پس جس آدمی پر ان کا اتفاق اور اجماع ہو جائے اور اس کو امام و امیر کے نام سے موسوم کرلیں تو انہی کا اجماع اور امیر بنانا اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور رضا سے ہوتا ہے پس جو شخص بھی ان کے اجماعی فیصلہ پر طعن کرتے ہوئے یا کوئی نیا راستہ اختیار کرتے ہوئے اس سے الگ ہونا چاہے تو اس کو اسی اجماعی فیصلے کی طرف لوٹانے کی کوشش کرو۔ اور اگر واپس آنے سے انکار کرے تو اس کے خلاف اس بنا پر جنگ کرو۔ کہ اس نے مسلمانوں کے راستہ کے بغیر کوئی دوسرا راستہ اختیار کر لیا ہے اور جس طرف اس کا منہ پھرا ہے اسی طرف اللہ نے اس کو جانے دیا ہے۔ (یعنی یہ نہ سمجھو کہ وہ کسی صحیح نظریہ کے تحت مسلمانوں سے الگ ہوا ہے)

اور ناسخ التواریخ جلد ۳ حصہ ۲ کی عبارت بھی ملاحظہ کریں:۔

**خَطَبَۃُ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ علیہ السلام اَنَّکُمْ بَایَعْتُمُوْنِیْ عَلٰی مَا بُوْیِعَ عَلَیْہِ مَنْ کَانَ قَبْلِیْ وَاِنَّمَا الْخِیَارُ لِلنَّاسِ قَبْلَ اَنْ یُّبَایِعُوْا فَاِذَا بَایَعُوْا فَلَاخِیَارَلَھُمْ الخ۔**

یعنی تم لوگوں نے میرے ہاتھ پر اسی بنا پر بیعت کی ہے جس بنا پر مجھ سے پہلے خلفاء کے ساتھ بیعت کی گئی تھی۔ اور جز ایں نیست کہ (یقیناً) لوگوں کو کوئی خلیفہ منتخب کرنے کا اختیار بیعت کرنے سے پہلے ہوتا ہے۔ پس جب وہ بیعت کر چکے تو پھر ان کو کوئی اختیار باقی نہیں کہ وہ کوئی دوسرا راہ اختیار

marfat.com

کریں۔

ان ارشادات گرامی پر کسی قسم کا تبصرہ اور اس کی تفسیر لکھنے پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ خلافت کا انعقاد اور خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی احقیت خلافت اور مدلل طور پر اس کا ثبوت اور مہاجرین وانصار کے متفقہ فیصلے سے خلفائے راشدین کی خلافت کا ثابت ہونا۔ اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اپنی خلافت کی احقیت پر خلفائے سابقین کی احقیت خلافت کو بطور دلیل پیش کرنا اور مہاجرین وانصار جس شخص کو امام وامیر بنائیں۔ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور رضاء کے مطابق اس کا امام اور امیر ہونا اور حضرت علی المرتضیٰ کا یہ حکم دینا کہ جو ایسے امیر کی خلافت سے انکار کرے وہ واجب القتل ہے۔ یہ سب تصریحات اظہر من الشمس ہیں۔ اب ان تصریحات اور واضح اشارات کو غلط اور غیر ناشی عن دلیل احتمال اور نامعقول توجیہوں کے ساتھ بگاڑنے کی کوشش نہ فرمائی جائے ورنہ حسب تصریح صاحب کشف الغمہ حق سے روگردانی ہی ہوگی۔ اور آفتاب کو مکڑی کے جالے سے روپوش کرنے کی مثال زندہ ہوگی۔

## اخلاق کا نادر نمونہ

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نظریہ اور عقیدہ جو خلفائے راشدین کے متعلق تھا۔ بہت کچھ واضح ہو چکا ہے۔ تاہم حضور کے ایک اور ارشاد کا بھی مطالعہ فرمالیں۔ نہج البلاغۃ خطبہ امیر علیہ السلام نمبر ۱۲۸

وَقَدْ شَاوَرَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فِي الْخُرُوْجِ عَلٰى غَزْوَةِ الرُّوْمِ بِنَفْسِهٖ (فَقَالَ) وَقَدْ تَوَكَّلَ اللّٰهُ لِاَهْلِ هٰذَا الدِّيْنِ بِاِعْزَازِ الْحَوْزَةِ وَسَتْرِ الْعَوْرَةِ وَالَّذِيْ نَصَرَهُمْ وَهُمْ قَلِيْلٌ لَا يَنْتَصِرُوْنَ وَمَنَعَهُمْ وَهُمْ قَلِيْلٌ لَا يَمْتَنِعُوْنَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ اِنَّكَ مَتٰى تَسِرْ اِلٰى هٰذَا الْعَدُوِّ بِنَفْسِكَ وَتَلْقَاهُمْ بِشَخْصِكَ فَتُنْكَبْ لَاتَكُنْ لِلْمُسْلِمِيْنَ كَانِفَةٌ

marfat.com

دُوْنَ اَقْصٰی بِلاَدِ هِمْ لَيْسَ بَعْدَكَ مَرْجِعٌ يَرْجِعُوْنَ اِلَيْهِ فَابْعَثْ اِلَيْهِمْ رَجُلاً مُجَرَّبًا وَاحْفَزْ مَعَهٗ اَهْلَ الْبَلاَءِ وَالنَّصِيْحَةِ فَاِنْ اَظْهَرَ اللّٰهُ فَذٰلِكَ مَاتُحِبُّ وَاِنْ تَكُنِ الْاُخْرٰى كُنْتَ رِدْءً لِلنَّاسِ مُثَابَةً لِلْمُسْلِمِيْنَ

یعنی امیر المومنین عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے حضرت امیر المومنین علی (کرم اللہ تعالیٰ وجہہ) سے روم کے خلاف جہاد میں خود شریک ہونے کے متعلق مشورہ طلب فرمایا۔ حضرت علی المرتضیٰ جواباً فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو غلبہ دینے اور ان کی عزت کی حفاظت فرمانے کا کفیل اور ذمہ دار ہے۔ وہ ذات (جل جلالہ) جس نے مسلمانوں کو ایسی حالت میں فتح و نصرت عطا فرمائی ہے کہ مسلمان تعداد میں کم تھے (اور کمی کی وجہ سے) فتح حاصل نہیں کر سکتے تھے اور ان کے دشمنوں کو ایسی حالت میں ان سے رد فرمایا کہ یہ تھوڑے تھے اور خود رد نہیں کر سکتے تھے۔ وہ ذات زندہ ہے فوت نہیں ہو گئی۔ آپ اگر بذات خود دشمن کی طرف جائیں اور بذات خود اس کے خلاف جنگ میں شرکت کریں اور ایسی حالت میں آپ شہید ہو جائیں تو پھر روئے زمین پر مسلمانوں کا کوئی آسرا اور ان کی کوئی جائے پناہ نہ ہو گی۔ آپ کے بعد ان کا کوئی ملجاو ماویٰ باقی نہ رہے گا۔ جس کی طرف مسلمان رجوع کر سکیں اور اس کے ساتھ پناہ لیں۔ آپ ایسا کریں کہ کوئی تجربہ کار آدمی دشمن کی طرف روانہ فرمائیں اور اس کے ساتھ جنگ آزمودہ لشکر بھیجیں۔ پس اگر اللہ نے فتح نصیب فرمادی تو آپ کا عین منشا یہی ہے اور اگر (خدانخواستہ) کوئی دوسری بات ہو گئی تو آپ کی ذات تو مسلمانوں کے ملجاو ماویٰ اور ان کے لئے آسرا اور جائے پناہ موجود ہو گی۔

ہے کوئی اہل تشیع کے مذہب میں نہج البلاغۃ سے زیادہ معتبر کتاب؟ جس کی

marfat.com

تصریحات پر اہل تشیع کا اطمینان ہو سکے۔ برادران وطن اچھی طرح حضرت مولیٰ علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ارشادات کا مطالعہ فرمالیں اور اس کے بعد اگر یہی ثابت ہو کہ جن ہستیوں کی خیر مولیٰ مرتضیٰ منا رہے ہیں۔ جن کو مسلمانوں کا ملجاوماویٰ قرار دے رہے ہیں۔ جن کو مسلمانوں کا آسرا اور جائے پناہ بیان فرمارہے ہیں۔ جن کے بعد مسلمان بے آسرا و بے یارومددگار یقین فرمارہے ہیں۔ تو ان کی خلافت راشدہ سے پھر انکار کیوں؟ ان کی شان اقدس میں سب وشتم کا کیا معنی؟ ہاں اگر یہود ونصاریٰ ان کی شان اقدس میں سب وشتم کریں تو وہ دشمنان اسلام ہیں۔ ان کی سلطنتوں کو دولتِ فاروقی نے تباہ و برباد کیا۔ ان کے گرجوں کو مسجدوں کی شکل بخشی۔ ان کے آتش کدوں کو ٹھنڈا کیا۔ ان کی تمام ہیبت و دبدبے کو اسلام کی چوکھٹ کے سامنے سرنگوں فرمایا تو ان کا حق ہے مسلمان زادوں کو یہ حق کہاں سے پہنچتا ہے کہ شیر خدا کے نظریہ کے برعکس تاریخ عالم کے برخلاف صرف چند روزہ آزادی اور عشرت سے مست ہو کر اپنے بزرگوں اور پیشواؤں کا مذہب چھوڑ کر مقتدایان اسلام کے حق میں سب وشتم شروع کردیں۔

## ایک اور مثال

اہل عقل ودانش کے لئے اسی کتاب میں سے حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک اور ارشاد بھی مطالعہ کے لئے پیش کرتا ہوں۔ نہج البلاغۃ خطبہ ۱۴۶

وَقَدْ اِسْتَشَارَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فِي الشُّخُوْصِ لِقِتَالِ الْفُرْسِ بِنَفْسِهٖ (قَالَ) اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ لَمْ يَكُنْ نَصْرُهٗ وَلَاخِذْ لَانُهٗ بِكَثْرَةٍ وَلَا بِقِلَّةٍ وَهُوَ دِيْنُ اللّٰهِ الَّذِیْ اَظْهَرَهٗ وَجُنْدُهُ الَّذِیْ اَعَدَّهٗ وَاَمَدَّهٗ حَتّٰى بَلَغَ مَابَلَغَ وَطَلَعَ حَيْثُ مَا طَلَعَ وَنَحْنُ عَلٰى مَوْعُوْدٍ مِنَ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ وَاللّٰهُ مُنْجِزٌ وَعْدَهٗ وَنَاصِرٌ جُنْدَهٗ وَمَكَانُ الْقَيِّمِ بِالْاَمْرِ مَكَانُ النِّظَامِ مِنَ الْخَرَزِ يَجْمَعُهٗ وَيَضُمُّهٗ فَاِنِ انْقَطَعَ النِّظَامُ تَفَرَّقَ

marfat.com

وَذَهَبَ ثُمَّ لَمْ يَجْتَمِعْ بِحَذَا فِيهِ اَبَداً وَالْعَرَبُ الْيَوْمَ وَاِنْ كَانُوْا قَلِيْلاً فَاِنَّهُمْ كَثِيْرُوْنَ بِالْاِسْلَامِ عَزِيْزُوْنَ بِالْاِجْتِمَاعِ فَكُنْ قُطُباً وَاسْتَدِرِ الرَّحٰى بِالْعَرَبِ وَاَصْلِهِمْ دُوْنَكَ نَارَ الْحَرْبِ فَاِنَّكَ اِنْ شَخَصْتَ مِنْ هٰذَا الْاَرْضِ اِنْقَطَبَتْ عَلَيْكَ الْعَرَبُ مِنْ اَطْرَافِهَا وَاَقْطَارِ هَا حَتّٰى يَكُوْنَ مَاتَدَعُ وَرَائَكَ مِنَ الْعَوْرَاتِ اَهَمَّ اِلَيْكَ مِمَّا بَيْنَ يَدَيْكَ اِنَّ الْاَعَاجِمَ اِنْ يَنْظُرُوْا اِلَيْكَ غداً يَقُوْلُوْا هٰذَا اَصْلُ الْعَرَبِ فَاِذَا اقْتَطَعْتُمْ اِسْتَرَحْتُمْ فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ اَشَدَّ لِكَلْبِهِمْ عَلَيْكَ وَطَمْعِهِمْ فِيْكَ۔ الخ

یعنی جب امیر المومنین عمر نے امیر المومنین علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) سے فارس کے خلاف جنگ میں بذات خود شریک ہونے کا مشورہ طلب فرمایا تو حضرت علی المرتضیٰ نے مشورہ دیا کہ مسلمانوں کی فتح و شکست کثرت و قلت افراد کی وجہ سے کبھی نہیں ہوئی۔ یہ اللہ کا دین ہے اس کو اللہ ہی نے غالب کیا ہے اور تیار فرمایا ہے اور اس کو امداد دی ہے۔ یہاں تک کہ جہاں اس دین نے پہنچنا تھا پہنچا اور جہاں تک اس نے چمکنا تھا چمکا اور ہم اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے وعدے کے مطابق ہیں اور اس پر مقرر ہیں اور اللہ سبحانہ و تعالیٰ شانہ اپنے وعدہ کو پورا کرنے والا ہے اور اپنے لشکر کو فتح دینے والا ہے اور مسلمانوں کے امیر کا مرتبہ ایسا ہے جیسے تسبیح کا رشتہ ہوتا ہے جو اس کے دانوں کو اکٹھا اور اپنے اپنے مرتبے میں رکھتا ہے پس اگر وہ رشتہ ٹوٹ جائے تو پھر تمام دانے بکھر جاتے ہیں پھر وہ اکٹھے نہیں ہو سکتے اور اہل اسلام اگرچہ بہ نسبت دشمن کے کم ہیں مگر دولتِ اسلام کی وجہ سے زیادہ ہیں اور اپنے اجتماع کی وجہ سے غالب ہیں۔ آپ قطب بن کر ایک ہی جگہ رہیں اور لشکر اسلام کی چکی کو گھمائیں اور جنگ کی آگ کو اپنے ملک

marfat.com

سے دور رکھ کر دشمن تک پہنچائیں۔ اگر آپ بذات خود اس ملک عرب سے چلے گئے تو قبائل عرب (جو دبے ہوئے ہیں) ہر طرف سے ٹوٹ پڑیں گے۔ پھر مسلمانوں کی عزت وناموس کی حفاظت آپ کو فارس کے خلاف جہاد کرنے سے زیادہ اہم محسوس ہوگی (اور) عجمی لوگ جب آپ کو میدان جنگ میں کل دیکھیں گے تو یہی کہیں گے کہ عرب کا سردار یہی ہے اسی کو ختم کردو تو پھر خیر ہی خیر ہے پھر یہ بات دشمن کو آپ کے خلاف جنگ کرنے میں سخت حریص کر دے گی۔ اور آپ کے خلاف لڑنے میں ان کے طمع کو بڑھائے گی۔

مسلمان بھائیو! اور نہیں تو اتنا کم از کم سوچو کہ اس قسم کے مشورے دوست اور خیر خواہ دیا اور لیا کرتے ہیں یا دشمن؟ اور لفظ "قیّم بالامر" پر غور کرو جس کا صاف معنیٰ "امیر المومنین" ہے جو حضرت علی، حضرت عمر کے حق میں فرمارہے ہیں۔

## تو پھر شور کیسا؟

اب یہ شور کہ وہ مستحق خلافت نہیں تھے وغیرہ وغیرہ تو اس بات کا قطعی علم آج کل کے ذاکرین شیعہ کو زیادہ ہو سکتا ہے یا جناب مرتضیٰ کو؟ کم از کم یہ خیال کرنا چاہئے کہ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے حالات کو بچشم خود ملاحظہ فرمانے والے تھے۔ ان کے طرز عمل کو ہر وقت محسوس کرتے تھے اور یہ زمانہ کتنا بعید تر ہے تو بہر صورت عینی شاہد کا بیان ہی قابل قبول ہو سکتا ہے۔ اہل تشیع کی معتبر ترین کتاب "ناسخ التواریخ جلد ۲ صفحہ ۳۹۵) میں بھی حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ ارشاد موجود ہے اور حضور کے یہ جملے کہ "وَنَحْنُ عَلٰی مَوْعُوْدٍ مِنَ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ" (اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے ہمارے ساتھ غلبہ کا وعدہ کیا گیا ہے) الخ۔

ان کے معنیٰ اور تفسیر میں صاحب ناسخ التواریخ لکھتا ہے۔

وانیک ما بر وعدہ خداوند ایستادہ ایم چہ مومناں را وعدہ نہاد کہ در ارض خلیفتی

marfat.com

دہد۔ چنانچہ پیشینان را و دین ایشاں را استوار دارد و خوف ایشاں را مبدل بایمنی فرماید تا برھمہ ادیان غلبہ جوید و خداوند بوعدہ وفا کند و لشکر خود را نصرت دہد ہمانا فرمان گزار امور رشتہ را ماند کہ مہرہا بدو پیوستہ شدند الخ
یعنی اس وقت ہم اللہ تعالیٰ کے وعدہ پر کھڑے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مومنوں سے وعدہ فرمایا ہے کہ زمین میں ان کو اپنے رسول (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کے خلیفے بنائے گا۔ اس طرح جیسا کہ پہلے پیغمبروں کے خلیفے بنائے گئے اور ان کے دین کو تمکنت اور پختگی دے گا۔ ان کے خوف کے بعد اس کے بدلے انہیں امن دے گا۔ تا کہ مذاہب عالم پر غلبہ تلاش کریں اور اللہ تعالیٰ وعدہ کو وفا کرتا ہے اور اپنے لشکر کو فتح و نصرت دیتا ہے جبکہ امر کرنے والے (امیر المومنین) ایسے رشتہ (لڑی) کی مثال ہیں جس کے ساتھ دانے پیوستہ ہیں۔ الخ

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ ہم اللہ تعالیٰ کے وعدہ پر مقرر ہوئے ہیں۔ صاحب ناسخ التواریخ اسی طرح باقی شراح نہج البلاغۃ حضور کے ان جملوں کی تفسیر میں تصریح کرتے ہیں کہ حضور نے اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ط يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ ط
تم میں سے مومنین اور صالحین کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ فرمایا ہے کہ ان کو زمین میں اسی طرح خلیفہ بنائے گا جس طرح پہلے پیغمبروں کے صحابہ کو خلیفہ بنایا تھا اور اس بات کا وعدہ کرتا ہے کہ ان کے لئے ان کے

marfat.com

اس دین کو استحکام و تمکنت بخشے گا جس کو اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے پسند فرمایا ہے اور ان کے خوف کو امن و سلامتی کے ساتھ بدلے گا۔ وہ میری ہی عبادت کریں گے اور میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بنائیں گے اور ان تمام باتوں کے بعد جو انکار اور کفر کریں گے۔ تو وہی فاسق ہوں گے۔

حضرت شیر خدا کے ان جملوں کا مطلب کہ ہم اللہ تعالیٰ کے وعدہ پر قائم ہوئے ہیں اور مقرر ہوئے ہیں۔ اسی آیت وعدہ یعنی آیت استخلاف (خلیفے مقرر کرنے والی آیت) کے ترجمہ کو پیش کرتے ہیں۔ چنانچہ اہل تشیع کا مجتہد اعظم علامہ ابن میثم شرح کبیر نہج البلاغۃ (صفحہ ۳۰۷ مطبوعہ ایران) میں انہی ارشادات مرتضوی کی شرح و تفسیر میں تصریح کرتا ہے۔

**وَیُوْعِدُ اللّٰهُ تَعَالٰی الْمُسْلِمِیْنَ بِالْاِسْتِخْلَافِ فِی الْاَرْضِ وَتَمْکِیْنِ دِیْنِهِمُ الَّذِیْ ارْتَضٰی لَهُمْ وَتَبْدِیْلِهِمْ بَخَوْفِهِمْ اَمْنًا کَمَا هُوَ مُقْتَضَی الْاٰیَةِ۔ ۱۲**

یعنی سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد کہ **نحن علی موعود من اللہ** (ہم اللہ کی طرف سے وعدے پر ہیں) دین مقدس اور لشکر اسلام کی فتح مندی کے اسباب اللہ تعالیٰ کی طرف سے نصرت اور اعانت اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے کئے گئے وعدہ کو بیان فرما رہے ہیں جو وعدہ اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کے بعد زمین پر خلیفہ بنانے اور ان کے اس دین کو جس سے وہ راضی ہوا تمکنت اور استقلال بخشنے اور ان کے خوف کو امن کے ساتھ بدلنے کے متعلق فرمایا ہے جیسا کہ آیت کریمہ کا مقتضٰی ہے۔

### خلافت فاروق بزبان علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما

بہر صورت تمام شراح نہج البلاغۃ یہی تصریح کرتے ہیں کہ حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے امیر عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کو اسی آیت استخلاف کے

marfat.com

ساتھ بر حق ثابت کیا ہے اور ان کے زمانہ خلافت کو اور ان کے دین کو اسی آیت کریمہ کے مقتضی سے بیان فرمایا کہ وہ بر حق ہے اور اللہ تعالیٰ اس پر راضی ہے واقعات بھی اسی امر کے موید ہیں۔ کہ وہ زمانہ جو جزیرۂ عرب میں بھی مخالف قبائل کی آئے دن فتنہ پردازیوں اور خطرناک سازشوں سے سخت پریشانی اور بے چینی کا زمانہ یقین کیا جاتا تھا اور ہر وقت ان کی طرف سے خوف و خطر مسلمانوں کو لاحق تھا۔ امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں تمام جزیرہ عرب کو یہود و نصاریٰ سے پاک کیا گیا اور تمام مخالف عنصر یا حلقہ بگوش اسلام ہوا یا ختم ہو گیا۔ اور اسلام کی سلطنت نے بہت بڑی (زیادہ) وسعت اختیار کی۔ سلطنت ایران جیسی بارعب اور پر ہیبت حکومت نے اسلام کی چوکھٹ کے سامنے سر تسلیم خم کیا۔ تقریباً افریقہ، مصر، شام، عراق، خراسان اور باقی تمام قبائلی علاقے حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ اور یوں مسلمانوں کا خوف امن کے ساتھ متبدل (تبدیل) ہوا۔ اور یہ تمام تر آیت کریمہ وعد اللہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنھم الخ الآیۃ۔ کے حرف بحرف مطابق ہوا۔ میرے خیال میں اس آیت کریمہ سے زیادہ احقیت خلافت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اور کون سی دلیل ہو سکتی ہے۔ یہ غصب خلافت کے بے بنیاد دعوے حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی تصریحات اور آئمہ کرام کی توضیحات اور ان کے طرز عمل کے مقابلے میں کیا وقعت رکھتے ہیں۔

## غصب یا رضا

آیئے! اب ہم آپ کو حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کا کھلا فیصلہ سنائیں جس کو اہل تشیع کے مجتہد اعظم یعنی صاحب ناسخ التواریخ نے اپنی کتاب ناسخ التواریخ جلد ۲ صفحہ ۵۱۹ میں درج کیا ہے۔

اگر ابو بکر و عمر سزاوار نہ بودند چگونہ بیعت کردی واطاعت فرمودی واگر لائق بودند من از شاں فروتر نیستم چناں باش از برائے من کہ از برائے ایشاں بودی۔

marfat.com

فَقَالَ عَلِیٌّ علیہ السّلام

اَمَّا الْفِرْقَةُ فَمَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ اَفْتَحَ لَهَا بَابًا وَاَسْهَلَ اِلَيْهَا سَبِيْلاً وَلٰكِنِّی اَنْهٰكَ عَمَّا يَنْهَاكَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ عَنْهُ وَاَهْدِيْكَ اِلٰی رُشْدِكَ وَاَمَّا عَتِيْقٌ وَابْنُ الْخَطَّابِ فَاِنْ كَانَ اَخِذًا مَاجَعَلَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ لِیْ فَاَنْتَ اَعْلَمُ بِذٰلِكَ وَالْمُسْلِمُوْنَ وَمَالِیْ وَلِهٰذَا الْاَمْرِ وَقَدْ تَرَكْتُهٗ مُنْذُ حِيْنٍ فَاِمَّا اَنْ لَايَكُوْنَ حَقِّیْ بَلِ الْمُسْلِمُوْنَ فِيْهِ شَرْعٌ فَقَدْ اَصَابَ السَّهْمُ الثُّغْرَةَ وَاِمَّا اَنْ يَكُوْنَ حَقِّیْ دُوْنَهُمْ فَقَدْ تَرَكْتُ لَهُمْ طِبْتُ نَفْسًا وَنَفَضْتُ يَدِیْ عَنْهُ اِسْتِصْلَاحًا۔

یعنی (حضرت امیر عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا) کہ اگر ابو بکر اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما خلافت کے مستحق نہ تھے تو آپ نے ان کی بیعت کس طرح کی اور ان کی فرمانبرداری کیوں کرتے رہے؟ اور اگر مستحق خلافت تھے تو میں ان سے کم نہیں ہوں۔ میرے ساتھ آپ اس طرح ہو کر رہیں جیسا کہ ان کے زمانے میں ان کے ساتھ رہے ہیں۔ اس کے جواب میں حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ تفرقہ اندازی؟ تو اللہ تعالیٰ مجھے اس بات سے بچائے کہ میں تفرقہ اندازی کا دروازہ کھولوں یا فتنہ کا راستہ آسان کروں۔ میں آپ کو صرف اس چیز سے منع کرتا ہوں۔ جس چیز سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے منع فرمایا ہے اور میں آپ کو رشد و ہدایت دکھاتا ہوں۔ لیکن (باقی رہا) ابو بکر صدیق اور عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا معاملہ تو اگر انہوں نے اس چیز کو مجھ سے غصب کیا ہوتا جس کو رسول اللہ ﷺ نے میرے لئے مختص فرمایا تھا تو آپ اور باقی لوگ اس کو زیادہ جانتے ہوتے اور مجھے اس خلافت کے ساتھ واسطہ ہی کیا

marfat.com

ہے حالانکہ میں نے تو خلافت کے خیال کو ذہن سے نکال دیا ہوا ہے۔ پس خلافت کے متعلق دو ہی احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ حضور ﷺ کے بعد خلافت صرف میرا حق نہ تھا۔ بلکہ سارے صحابہ مساوی طور پر اس میں حق دار تھے۔ تو اس صورت میں جس کا حق تھا اس کو مل گئی اور حق بحق دار رسید۔ دوسری یہ صورت تھی کہ خلافت صرف میرا حق تھا اور باقی کسی کا حق نہ تھا۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ میں نے اپنی خوشی اور رضا کے ساتھ اور بطیب خاطر ان کو بخش دیا تھا اور صلح صفائی کے ساتھ ان کے حق میں دست بردار ہو گیا تھا۔

لیجئے صاحب!! یہ ہے مولیٰ مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حتمی اور قطعی فیصلہ۔ اب مولا مشکل کشا تو فرمائیں کہ اگر صرف میرا حق تھا تو میں نے صلح و صفائی کے ساتھ اور خوشی اور رضا کے ساتھ امر خلافت ان کو بخش دیا اور ان کے حق میں دست بردار ہو گیا۔ اور آج کل کے ذاکروں کا یہ (ٹوں ٹوں) کہ حیدر کرار شیر خدا سے صحابہ کرام نے خلافت چھین لی، غصب کر لی۔ اب انصاف سے کہئے کہ کس کو صحیح اور درست مانا جائے۔ ذاکر لوگ اپنی لمبی لمبی اذانوں میں **وصی رسول اللہ و خلیفتہ بلافصل** اور خدا جانے کیا کیا کلمات گانٹھتے چلے جاتے ہیں۔ کیا اس سے حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی صاف صاف تکذیب لازم نہیں آتی۔ منبروں پر چڑھ کر شیر خدا کو جھٹلانا، ان کی تکذیب کرنا کس محبت اور تولیٰ کا تقاضا ہے۔ اگر یہی محبت ہے تو دشمنی کس کو کہتے ہیں؟ اگر زحمت نہ ہو تو وصیت کے بارے میں بھی ایک دو روایتیں ملاحظہ فرمالیجئے۔

## خلافت علی کی وصیت

روحِ کون و مکاں حضور اکرم ﷺ نے حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے متعلق ہرگز ہرگز وصیت نہیں فرمائی۔ اس کے ثبوت کے لئے شیعہ کی معتبر ترین کتاب تلخیص الشافی مطبوعہ نجف اشرف مصنفہ (شیعوں کے) محقق

marfat.com

طوسی امام الطائفہ جلد ۲ صفحہ ۲۷۳۔

وَقَدْ رُوِیَ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ وَالْحَکِیْمِ عَنْ عَلِیِّ اِبْنِ اَبِیْ طَالِبٍ علیہ السّلام اَنَّہٗ قِیْلَ لَہٗ اَلاَ تُوْصِیْ؟ قَالَ مَا اَوْصٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ (صلی اللہ علیہ وسلم) فَاُوْصِیَ وَلٰکِنْ قَالَ اِنْ اَرَادَاللّٰہُ خَیْراً فَیَجْمَعُھُمْ عَلٰی خَیْرِھِمْ بَعْدَ نَبِیِّھِمْ۔ الخ

یعنی حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے آخری وقت میں عرض کیا گیا کہ حضور اپنے قائم مقام کے لئے وصیت کیوں نہیں فرماتے؟ جواب میں فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (جب) وصیت نہیں (کی) تو میں کیسے وصیت کروں۔ البتہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا کہ اگر اللہ تعالیٰ نے بھلائی کا ارادہ فرمایا تو میرے صحابہ کا اجماع میرے بعد ان میں سب سے اچھے آدمی پر ہو جائے گا۔

اسی طرح ایک اور روایت بھی ملاحظہ ہو (یہی کتاب اسی صفحہ پر)

رَوٰی صَعْصَعَۃُ بْنُ صَوْحَانَ اَنَّ ابْنَ مُلْجَمٍ لَعَنَہُ اللّٰہُ لَمَّا ضَرَبَ عَلِیًّا علیہ السّلام دَخَلْنَا عَلَیْہِ فَقُلْنَا یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِسْتَخْلِفْ عَلَیْنَا قَالَ لاَ فَاِنَّا دَخَلْنَا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہ علیہ وعلٰی آلہٖ وسلم حِیْنَ ثَقُلَ فَقُلْنَا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِسْتَخْلِفْ عَلَیْنَا فَقَالَ لاَ اِنِّیْ اَخَافُ اَنْ تَتَفَرَّقُوْا کَمَا تَفَرَّقَتْ بَنُوْا اِسْرَائِیْلَ عَنْ ھَارُوْنَ وَلٰکِنْ اِنْ یَعْلَمِ اللّٰہُ فِیْ قُلُوْبِکُمْ خَیْراً اِخْتَارَکُمْ

یعنی صعصعہ بن صوحان روایت کرتے ہیں کہ جب ابن ملجم ملعون نے حضرت علی علیہ السلام کو زخمی کیا تو ہم حضرت شیر خدا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ حضور اپنا خلیفہ مقرر فرمائیں تو اس کے جواب میں آپ نے فرمایا یہ ہرگز نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا

marfat.com

مرض جب زیادہ ہو گیا تو ہم حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہمارے لئے کوئی اپنا خلیفہ مقرر فرمائیں تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ ہرگز نہیں۔ مجھے اس بات کا خوف ہے کہ اگر میں خلیفہ مقرر کر دوں تو تم اختلاف کرو گے۔ جیسا کہ بنی اسرائیل نے ہارون کے متعلق اختلاف کیا تھا لیکن یہ یقین رکھو کہ اگر اللہ تعالیٰ نے تمہارے دلوں میں بہتری دیکھی تو تمہارے لئے خود ہی بہتر خلیفہ مقرر کر دے گا۔

ایک اور روایت بھی سن لیں صفحہ ۱۷۱ (یہی کتاب)

وَفِی الْخَبَرِ الْمَرْوِیِّ عَنْ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ علیه السّلام لَمَّا قِیْلَ لَهٗ اَلَاتُوْصِیْ؟ فَقَالَ مَا اَوْصٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَاُوْصِیْ وَلٰكِنْ اِذَا اَرَادَاللّٰهُ بِالنَّاسِ خَیْرًا اِسْتَجْمَعَهُمْ عَلٰی خَیْرٍ كَمَا جَمَعَهُمْ بَعْدَ نَبِیِّهِمْ عَلٰی خَیْرِهِمْ۔ (وکذافی الشافی ص ۱۷۱)

یعنی حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی گئی کہ حضور آپ وصیت کیوں نہیں فرماتے؟ شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور اکرم ﷺ نے وصیت نہیں فرمائی تھی تو میں کیسے وصیت کروں لیکن جب اللہ تعالیٰ لوگوں کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرے گا تو ان کو ان میں سے جو اچھا ہے اس پر اتفاق بخشے گا۔ جیسا کہ نبی کریم ﷺ کے بعد لوگوں میں سے جو اچھا تھا۔ اسی پر اجماع اور اتفاق بخشا تھا۔

یہی روایات شیعوں کے علم الہدیٰ نے اپنی کتاب شافی مطبوعہ نجف اشرف ص ۱۷۱ میں لکھی۔ اسی طرح ایک اور روایت بھی مطالعہ کیجئے! اسی صفحہ ۱۷۱ پر ہے۔

وَالْمَرْوِیُّ عَنِ الْعَبَّاسِ اَنَّهٗ خَاطَبَ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ فِیْ مَرَضِ النَّبِیِّ (ﷺ) اَنْ یَسْأَلَ عَنِ الْقَائِمِ بِالْاَمْرِ بَعْدَهٗ وَاَنَّهٗ امْتَنَعَ مِنْ ذٰلِكَ خَوْفًا اَنْ یَصْرِفَهٗ عَنْ اَهْلِ بَیْتِهٖ فَلَا یَعُوْدُ اِلَیْهِمْ اَبَدًا

marfat.com

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اکرم ﷺ کی مرض کی حالت میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ آپ حضور سے پوچھ لیں کہ حضور ﷺ کے بعد کون امیر المومنین ہوگا تو حضرت علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے اس خوف سے نہ پوچھا کہ حضور ﷺ اپنی اہل بیت سے امیر المومنین نہ بنائیں گے (اور اس تصریح کی وجہ سے) پھر کبھی اہل بیت میں خلافت آ بھی نہ سکے گی۔

## حضرت علی کا جواب

ملاحظہ فرمالیا آپ نے! یہ ہیں وصیت اور خلافت بلا فصل کے متعلق نصوص قطعیہ جن کی تکذیب کو نہ ختم ہونے والی اذانوں میں بیان کیا جاتا ہے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک اور فرمان بھی پڑھ لیجئے جو نہج البلاغۃ خطبہ ۵ میں درج ہے۔ جس میں درج ہے کہ حضرت عباس اور ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی خدمت میں حضور اکرم ﷺ کی وفات کے دن حاضر ہو کر عرض کرنے لگے کہ آپ کے ساتھ ہم خلافت کی بیعت کرتے ہیں۔ اس کے جواب میں مولا علی نے فرمایا:

اَیُّھَا النَّاسُ شُقُّوْا اَمْوَاجَ الْفِتَنِ بِسُفُنِ النَّجَاۃِ وَعَرِّجُوْا عَنْ طَرِیْقِ الْمُنَافَرَۃِ وَضَعُوْا تِیْجَانَ الْمُفَاخَرَۃِ اَفْلَحَ مَنْ نَھَضَ بِجَنَاحٍ اَوِاسْتَسْلَمَ فَارَاحَ (اَلْاِسْتِخْلَافُ) مَاءٌ آجِنٌ وَلُقْمَۃٌ یَغَصُّ بِھَا اٰکِلُھَا وَمُجْتَنِی الثَّمَرَۃِ بِغَیْرِ وَقْتِ اِیْنَاءِ ھَا وَکَالزَّارِعِ بِغَیْرِ اَرْضِہٖ فَاِنْ اَقُلْ یَقُوْلُوْا حَرَصَ عَلَی الْمُلْکِ وَاِنْ اَسْکُتْ یَقُوْلُوْا جَزِعَ مِنَ الْمَوْتِ ھَیْھَاتَ بُعْدَ اللَّتَیَّا وَالَّتِیْ وَاللّٰہِ لَاِ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ اٰنَسُ بِالْمَوْتِ مِنَ الطِّفْلِ بِثَدْیِ اُمِّہٖ۔

لوگو! تم فتنوں کی موجوں کو نجات کی کشتیوں کے ذریعے طے کرو اور

marfat.com

منافرت و مخالفت کے طریقے چھوڑ دو۔ تکبر کے تاجوں کو پھینک دو۔ جو شخص بال و پر کے ساتھ بلند ہوا۔ وہ فلاح پا چکا، یا جس نے اطاعت کر لی، اس نے امن و امان حاصل کر لیا۔ مجھے خلیفہ بنانے کی پیشکش ایک مکدر پانی کی طرح ہے یا ایسا لقمہ ہے جو کھانے والے کے گلے میں پھنس جائے میرے خلیفہ بننے کا سوال ایسا ہے جیسے کوئی کچے پھل کو قبل از وقت توڑ لے یا جیسے کوئی دوسرے کی زمین میں کھیتی باڑی کرنے لگے۔ پس اگر میں تمہارے کہنے کے مطابق خلافت کا دعوئٰ کر دوں تو فتنہ باز لوگ کہیں گے کہ اس نے ملک کے لئے لالچ کیا ہے اور اگر چپ رہوں۔ تو یہی لوگ کہیں گے کہ موت سے ڈر گیا۔ حالانکہ موت کا خوف وغیرہ میری شان سے کس قدر بعید ہے۔ اللہ کی قسم علی ابن ابی طالب موت کو اپنی ماں کے دودھ کی طرف رغبت کرنے والے بچے سے بھی زیادہ پسند کرتا ہے۔

ں روایت نے بیعت میں توقف کرنے کا تخمینہ بھی اڑا دیا۔

اس خطبے کو خلط ملط کرنے کے لئے شیعوں کے مجتہد اعظم نے انتہائی کوشش کی ہے مگر شیر خدا کا یہ واضح ارشاد نہیں چھپ سکا۔ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی افت حضور ﷺ کے بعد قبل از وقت کچے پھل توڑنے والے شخص کے مشابہ اور ں دوسرے شخص کی زمین میں کھیتی باڑی شروع کر دینے والے کی مثل صرف اسی ورت میں ہی متصور ہو سکتی ہے کہ ابھی ان کی خلافت کا زمانہ نہیں آیا۔ اور ابھی وہ افت کے حق دار نہیں ہوئے اور ڈر کی وجہ سے بھی بیعت کرنا واضح ہو گیا۔ کہ شیر ا قسم کھا کر فرما رہے ہیں کہ میں موت سے نہیں ڈر سکتا۔ خدا کے شیر کی شان میں ب اور خطبہ اسی نہج البلاغۃ کا ملاحظہ فرماویں۔

اَتَرَانِیْ اَکْذِبُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ (ﷺ) وَاللّٰهِ لَاَنَا اَوَّلُ مَنْ صَدَّقَهٗ فَلَا اَکُوْنُ اَوَّلَ مَنْ کَذَبَ عَلَیْهِ فَنَظَرْتُ فِیْ اَمْرِیْ فَاِذَا اِطَاعَتِیْ قَدْ

marfat.com

سَبَقَتْ بَيْعَتِيْ وَاِذَا الْمِيْثَاقُ فِي عُنُقِيْ لِغَيْرِیْ

یعنی تم میرے متعلق یہ گمان کرتے ہو کہ میں رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ بولوں۔ خدا کی قسم سب سے پہلے میں نے رسول اللہ کی تصدیق کی تھی۔ تو سب سے پہلے حضور ﷺ کو جھٹلانے والا میں نہیں ہو سکتا۔ میں نے اپنی خلافت کے بارے میں خوب سوچ سمجھ لیا ہے پس میرے لئے اطاعت کرنا اس بات پر سبقت لے چکا ہے کہ میں لوگوں کو بیعت کرنا شروع کر دوں۔ جبکہ حضور ﷺ کا وعدہ دوسروں کی اطاعت کا میرے ذمہ لگ چکا ہے۔

## بیعت صدیق کا وعدہ

اسی خطبہ کی شرح میں اہل تشیع کے علامہ ابن میثم صفحہ ۱۵۸ پر رقمطراز ہیں۔

فَنَظَرْتُ فَاِذَا طَاعَتِيْ قَدْسَبَقَتْ بَيْعَتِيْ اَىْ طَاعَتِيْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ فِيْ مَا اَمَرَنِيْ بِهٖ مِنْ تَرْكِ الْقِتَالِ قَدْ سَبَقَتْ بَيْعَتِيْ لِلْقَوْمِ فَلَا سَبِيْلَ اِلَى الْاِمْتِنَاعِ مِنْهَا وَ قَوْلُهٗ اِذَا الْمِيْثَاقُ فِيْ عُنُقِيْ لِغَيْرِیْ اَىْ مِيْثَاقُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللّٰہ علیہ وسلم وَعَهْدُهٗ اِلَىَّ بِعَدَمِ الْمُشَاقَّةِ وَقِيْلَ الْمِيْثَاقُ مَالَزِمَهٗ مِنْ بَيْعَةِ اَبِىْ بَكْرٍ بَعْدَ اِيْقَاعِهَا اَيْ فَمِيْثَاقُ الْقَوْمِ قَدْ لَزِمَنِيْ فَلَمْ يُمْكِنِّيْ الْمُخَالَفَةُ بَعْدَهٗ

جس بارہ میں رسول اللہ ﷺ نے مجھے امر فرمایا تھا کہ میں حضور ﷺ کے صحابہ کی مخالفت نہ کروں۔ مجھے حضور ﷺ کی اطاعت، اس قوم کے ساتھ بیعت کرنے سے پہلے ہی سے واجب ہو چکی تھی۔ تو مجھے ان کے ساتھ بیعت نہ کرنے کی کوئی وجہ نہ تھی اور حضرت علی کا یہ فرمانا کہ میرے ذمہ دوسروں کی اطاعت کا وعدہ پہلے ہی سے لگ چکا تھا۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ حضور ﷺ نے مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ میں حضور ﷺ کے عہد کی مخالفت نہ کروں۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

marfat.com

کے ساتھ بیعت کرنے کا وعدہ رسول اللہ ﷺ نے لیا تھا۔ تو اس لازم شدہ وعدہ کے بعد تو میرے لئے ممکن نہ تھا کہ میں ان کی مخالفت کروں۔

اب یہ کہنا کہ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ نے صرف ہاتھ سے بیعت کی تھی۔ دل سے نہیں کی۔ کس قدر لغو اور بے معنی تاویل ہے کیونکہ اس کا تو یہی معنی ہوگا کہ حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت اور وعدہ کا ایفاء (معاذ اللہ) دل سے نہیں کیا تو اس سے زیادہ بھی کوئی کفر ہو سکتا ہے؟ کہ شیر خدا کے متعلق اس قسم کے اتہامات گھڑے جاویں اور یہ کہنا کہ شیر خدا نے ڈر کر بیعت کی تھی۔ کس قدر بیہودہ گوئی ہے۔ شیر خدا قسم اٹھا کر کہیں کہ میں نہیں ڈر سکتا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے۔ وَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (القرآن) یعنی اگر تم مومن ہو تو اللہ کے بغیر کسی سے نہ ڈرو۔ اور حضرت علی فرماویں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے فرمان و حکم اور وعدہ کے تحت ان کی اطاعت اور ان کے ساتھ بیعت کر رہا ہوں۔ اور اس کے مقابل میں اس قسم کے ٹوٹکے اور تخمینے شیر خدا کی شیری اور دلیری کو چھپانے کی غرض سے پیش کئے جاویں۔ تو میں حیران ہوں کہ باوجود اس کے دعویٰ محبت و تولی کس نظریہ کے تحت ہے؟ اگر تھوڑی دیر کیلئے ہم تسلیم بھی کرلیں کہ شیر خدا رضی اللہ عنہ نے صرف ہاتھ سے بیعت کی تھی اور دل سے نہیں کی تھی تو اس کا جواب بھی حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی کلام فیض انجام سے سن لیں۔ دیکھئے نہج البلاغۃ خطبہ ۱۰ و ناسخ التواریخ جلد ۳ کتاب ۲ صفحہ ۴۸،۳۳۔

يَزْعَمُ اَنَّهٗ قَدْ بَايَعَ بِيَدِهٖ وَلَمْ يُبَايِعْ بِقَلْبِهٖ فَقَدْ اَقَرَّ بِالْبَيْعَةِ وَادَّعٰى الْوَلِيْجَةَ فَلْيَاْتِ عَلَيْهَا بِاَمْرٍ يُعْرَفُ وَ اِلَّا فَلْيَدْخُلْ فِىْ مَا خَرَجَ مِنْهُ الخ

یعنی زبیر یہ خیال کرتا ہے کہ اس نے میرے ساتھ دل سے بیعت نہیں کی تو یقیناً بیعت کا تو اقرار کیا اور بیعت کرنے والوں کے زمرہ میں داخل ہو گیا۔ پس چاہئے کہ اس پر کوئی ایسی بات پیش کرے جس سے پہچانا جا سکے۔ الخ

marfat.com

سن لیا حضرات! صرف ہاتھ سے بیعت کرنے کی حقیقت۔ اگر شیر خدا
نزدیک ہاتھ سے بیعت کرنا اور دل سے نہ کرنا بیعت کے حکم میں نہ ہو تا تو حضرت ز
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "وادعی الولیجه" کیوں فرماتے؟ اور اقر بالبیعت کا حکم کیو
لگاتے؟ (یعنی بیعت کنندگان کے زمرہ میں داخل ہونے کا اس نے دعویٰ کر لیا
بیعت کرنے کا اقرار کر لیا)

**خلفاء ثلاثہ بزبان حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہم**

کتاب معانی الاخبار صفحہ ۱۱۰ مطبوعہ ایران مصنفہ ابن بابویہ قمی کا بھی مطال
فرمائیں کیونکہ یہ کتاب بھی مذہب اہل تشیع میں ان کی مایہ ناز ہے اور ان کے نزدیک
بے حد معتبر ہے۔

**عن الحسن ابن علی (رضی الله عنهما) قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم اِنَّ اَبَابَکْرٍ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ السَّمْعِ وَاِنَّ عُمَرَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ الْبَصَرِ وَاِنَّ عُثْمَانَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ الْفُؤَادِ۔**

**(و کذا فی تفسیر الامام الحسن العسکری)**

یعنی امام عالی مقام سیدنا حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ ابو بکر بمنزلہ میرے سمع مبارک کے ہے (ابو بکر میرے کان ہیں) عمر بمنزلہ میری آنکھ مقدس کے ہے (عمر میری آنکھ ہے) اور عثمان بمنزلہ میرے دل منور کے ہے (عثمان میرا دل ہے) (اسی طرح امام حسن عسکری کی اپنی تفسیر میں ہے)

اب امام عالی مقام امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرمانے والے ہوں اور پیغمبر خدا علیہ الصلوٰۃ والسلام ان مقدس اور منور ہستیوں کو اپنے سمع مبارک، بصر مقدس اور دل منور کی منزلت بخشیں تو ان مقدس ہستیوں کی شانِ اقدس میں سب و شتم براہ راست رسول خدا کی شان اقدس میں سب و شتم نہیں؟ اور ان کا ادب واحترام

marfat.com

ور ان کی محبت براہ راست رسول خدا علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ادب واحترام اور حضور ﷺ کی محبت نہیں؟ کچھ تو سوچو۔

واقعہ ہجرت

چونکہ اہل تشیع ائمہ طاہرین کی اس قسم کی تصریحات کو دیکھ کر ہمیشہ سرے سے انکار کے عادی ہیں اور پھٹ سے کہہ دیتے ہیں کہ ائمہ طاہرین سے یہ روایت ثابت نہیں۔ اس لئے امام عالی مقام حسن عسکری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک اور روایت بطور نمونہ لفظ بلفظ لکھنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ کتاب بھی امام صاحب کی اپنی تفسیر چھپی ہوئی بھی ایران کی۔ یعنی تفسیر حسن عسکری مطبوعہ ایران صفحہ ۱۶۴، ۱۶۵

هٰذَا وَصِيَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِكُلِّ اَصْحَابِهٖ وَاُمَّتِهٖ حِيْنَ صَارَ اِلَى الْغَارِ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اَوْحٰى اِلَيْهِ يَا مُحَمَّدُ اَنَّ الْعَلِىَّ الْاَعْلٰى يُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ لَكَ اِنَّ اَبَاجَهْلٍ وَالْمَلَأَ مِنْ قُرَيْشٍ دَبَّرُوْا عَلَيْكَ يُرِيْدُوْنَ قَتْلَكَ وَاَمَرَاَنْ تُبَيِّتَ عَلِيًّا وَقَالَ لَكَ مَنْزِلَتُهٗ مَنْزِلَةَ اِسْحَاقَ الذَّبِيْحِ ابْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْخَلِيْلِ يَجْعَلُ نَفْسَهٗ لِنَفْسِكَ فِدَاءً وَرُوْحَهٗ بِرُوْحِكَ وِقَاءً وَاَمَرَكَ اَنْ تَسْتَصْحَبَ اَبَابَكْرٍ فَاِنَّهٗ اِنْ آنَسَكَ وَسَعَدَكَ وَآزَرَكَ وَثَبَتَ عَلٰى مَا يَتَعَهَّدُكَ يُعَاقِدُكَ كَانَ فِي الْجَنَّةِ مِنْ رُفَقَائِكَ وَ فِيْ غُرَفَاتِهَا مِنْ خُلَصَائِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِعَلِيٍّ اَرَضِيْتَ اَنْ اُطْلَبَ فَلَا اُوْجَدَ وَتُطْلَبَ فَتُوْجَدَ فَلَعَلَّهٗ اَنْ يُّبَادِرَ اِلَيْكَ الْجُهَّالُ فَيَقْتُلُوْكَ قَالَ بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَضِيْتُ اَنْ يَّكُوْنَ رُوْحِيْ لِرُوْحِكَ وِقَاءً وَنَفْسِيْ لِنَفْسِكَ فِدَاءً بَلْ رَضِيْتُ اَنْ يَّكُوْنَ رُوْحِيْ وَنَفْسِيْ فِدَاءً لَكَ اَوْ قَرِيْبٍ (لِقَرِيْبٍ) مِنْكَ (اَوْ) لِبَعْضِ الْحَيَوَانَاتِ تَمْتَحِنُهَا وَهَلْ اُحِبُّ الْحَيٰوةَ اِلَّا لِتُصَرِّفَ بَيْنَ اَمْرِكَ وَنَهْيِكَ وَنُصْرَةِ اَصْفِيَاءِ كَ

marfat.com

وَمُجَاهَدَةِ اَعْدَائِكَ وَلَوْلَا ذٰلِكَ لَمَا اُحِبُّ اَنْ اَعِيْشَ فِی الدُّنْيَا
سَاعَةً وَّاحِدَةً فَقَبَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللّٰه عليه وسلم رَأْسَهٗ فَقَالَ
لَهٗ يَا اَبَا الْحَسَنِ قَدْ قَرَأَ عَلَیَّ كَلَامَكَ هٰذَا الْمُوَكَّلُوْنَ بِاللَّوْحِ
الْمَحْفُوْظِ وَقَرَؤُوْا عَلَیَّ مَا اَعَدَّ اللّٰهُ لَكَ مِنْ ثَوَابِهٖ فِی دَارِ الْقَرَارِ
مَالَمْ يَسْمَعْ بِمِثْلِ (بِمِثْلِهٖ) السَّامِعُوْنَ وَلَا رَاٰی مِثْلَهُ الرَّاوُوْنَ وَلَا
خَطَرَ بِبَالِ الْمُفَكِّرِيْنَ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صلی اللّٰه عليه وسلم
لِاَبِیْ بَكْرٍ اَرَضِيْتَ اَنْ تَكُوْنَ مَعِیْ يَا اَبَابَكْرٍ تُطْلَبُ كَمَا اُطْلَبُ
وَتُعْرَفُ بِاَنَّكَ اَنْتَ الَّذِیْ تَحْمِلُنِیْ عَلٰی مَا اَدَّعِيْهِ فَتَحْمِلَ عَنِّیْ
اَنْوَاعَ الْعَذَابِ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمَّا اَنَا لَوْعِشْتُ عُمْرَ
الدُّنْيَا اُعَذَّبُ فِیْ جَمِيْعِهَا اَشَدُّ عَذَابًا لَا يَنْزِلُ عَلَیَّ مَوْتٌ صَرِيْحٌ
وَلَا فَرَحٌ مِنْحٌ (مُرِيْحٌ) وَكَانَ ذٰلِكَ فِیْ مَحَبَّتِكَ لَكَانَ ذٰلِكَ اَحَبَّ
اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَتَنَعَّمَ فِيْهَا وَاَنَا مَالِكٌ لِجَمِيْعِ مَمَالِكِ مُلُوْكِهَا فِیْ
مُخَالَفَتِكَ وَهَلْ اَنَا وَمَالِیْ وَوَلَدِیْ اِلَّا فِدَاءَكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صلی اللّٰه عليه وسلم لَاجَرَمَ اِنَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلٰی قَلْبِكَ وَوَجَدَ
مُوَافِقًا لِمَا جَرٰی عَلٰی لِسَانِكَ جَعَلَكَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ السَّمْعِ وَالْبَصَرِ
وَالرَّاْسِ مِنَ الْجَسَدِ وَبِمَنْزِلَةِ الرُّوْحِ مِنَ الْبَدَنِ كَعَلِیٍّ الَّذِیْ هُوَ
مِنِّیْ كَذٰلِكَ الخ

یعنی جب حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام ہجرت کے موقع پر غار کی طرف تشریف فرما ہوئے تو اپنے صحابہ اور اپنی امت کو یہ وصیت فرمائی کہ اللہ تعالیٰ نے میری طرف جبریل علیہ السلام کو بھیج کر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آپ پر (صلوٰۃ) سلام بھیجتا ہے اور فرماتا ہے کہ ابو جہل اور کفار قریش نے آپ کے خلاف منصوبہ تیار کر لیا ہے اور آپ کے قتل کرنے

marfat.com

کا ارادہ کر چکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ آپ علی المرتضٰی کو اپنے بستر مبارک پر شب باشی کا حکم دیں اور فرمایا ہے کہ ان کا مرتبہ آپ کے نزدیک ایسا ہے جیسا اسحاق ذبیح کا مرتبہ تھا (حالانکہ ذبیح اسماعیل ہیں مگر اہل کتاب اسحاق کو ذبیح کہتے ہیں) حضرت علی اپنی زندگی اور روح کو تیری ذات اقدس پر فدا اور قربان کریں گے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے کہ آپ (ہجرت میں) ابو بکر صدیق کو اپنا ساتھی مقرر فرمادیں کیونکہ اگر وہ حضور کی اعانت اور رفاقت اختیار کرلیں۔ اور حضور کے عہد و پیمان پر پختہ کار ہو کر ساتھ دیں تو آپ کے رفقاء جنت میں سے ہوں گے۔ اور جنت کی نعمتوں میں آپ کے مخلصین میں سے ہوں گے۔ پس حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت علی کو فرمایا کہ اے علی! آپ اس بات پر راضی ہیں کہ میں طلب کیا جاؤں تو (دشمن کو) نہ مل سکوں اور تم طلب کئے جاؤ تو مل جاؤ اور شاید جلدی میں تیری طرف پہنچ کر بے خبر لوگ تجھے (شبہ میں) قتل کردیں۔ حضرت علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے عرض کیا کہ میں راضی ہوں یارسول اللہ کہ میری روح حضور (ﷺ) کے روح مقدس کا بچاؤ ہو اور میری زندگی حضور کی زندگی اقدس پر فدا ہو۔ بلکہ میں اس بات پر بھی راضی ہوں کہ میری روح اور میری زندگی حضور (ﷺ) پر اور حضور (ﷺ) کے بعض حیوانات پر قربان اور فدا ہو۔ حضور (ﷺ) میرا امتحان لے لیں۔ میں زندگی کو اس لئے پسند کرتا ہوں کہ حضور (ﷺ) کے دین کی تبلیغ کروں اور حضور (ﷺ) کے دوستوں کی حمایت کروں اور حضور (ﷺ) کے دشمنوں کے خلاف جنگ کروں۔ اگر یہ نیت نہ ہوتی تو میں دنیا میں ایک ساعت بھی زندگی پسند نہ کرتا۔ پس حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت علی کے

marfat.com

سر مبارک کو بوسہ دیا اور فرمایا کہ اے ابوالحسن تیری یہی تقریر مجھے لوح محفوظ کے موکلین ملائکہ نے لوح محفوظ سے پڑھ کر سنائی ہے اور جو تیری اس تقریر کا ثواب اور بدلہ اللہ تعالیٰ نے آخرت میں تیرے لئے تیار فرمایا ہے وہ بھی پڑھ کر سنایا ہے وہ ثواب جس کی مثل نہ سننے والوں نے سنی ہے نہ دیکھنے والوں نے دیکھی ہے نہ ہی عقلمند انسانوں کے دماغ میں آسکتی ہے پھر حضور ﷺ نے ابوبکر صدیق سے فرمایا کہ اے ابوبکر تو میرے ہمراہ چلنے کیلئے تیار ہے؟ تو بھی اسی طرح تلاش اور طلب کیا جاوے جیسا میں۔ اور تیرے متعلق دشمنوں کو یہ یقین ہو جاوے کہ تو ہی نے مجھے ہجرت کرنے اور دشمنوں کے مکر اور فریب سے بچ کر نکلنے پر آمادہ کیا ہے تو تو میری وجہ سے ہر قسم کی مصیبت اور دکھ برداشت کرے؟ صدیق اکبر نے عرض کی یارسول اللہ (ﷺ) اگر میں قیامت تک زندہ رہوں اور اس زندگی میں سخت ترین عذاب و دکھ اور مصائب میں مبتلا رہوں جس مصیبت والم سے نہ مجھے موت بچانے کے لئے آسکے اور نہ کوئی دوسرا سبب آرام دے سکے اور یہ سب کچھ حضور (ﷺ) کی محبت میں ہو تو مجھے بطیب خاطر منظور ہے اور مجھے یہ پسند نہیں کہ اتنی لمبی زندگی ہو اور دنیا کے بادشاہوں کا بادشاہ بن کر رہوں اور تمام نعمتیں اور آسائشیں حاصل ہوں۔ لیکن حضور (ﷺ) کی معیت سے محرومی ہو اور میں اور میرا مال اور میری اولاد حضور (ﷺ) پر فدا اور قربان ہے پس حضور اقدس (ﷺ) نے فرمایا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ تیرے دل پر مطلع ہے اور جو کچھ تو نے کہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو تیری دلی کیفیت اور وجدان کے مطابق پایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تجھے بمنزلہ میرے گوش مبارک اور بمنزلہ میری آنکھوں کے کیا ہے اور جو نسبت سر کو جسم سے ہے اللہ تعالیٰ نے تجھے اس طرح بنایا ہے اور

marfat.com

جس طرح روح کی نسبت بدن سے ہے۔ میرے لئے تو اسی طرح ہے جیسا کہ حضرت علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) میرے نزدیک ہیں۔

## تحریف کانادر نمونہ

اگرچہ اس روایت میں فضیلت صدیق اکبر (رضی اللہ عنہ) روز روشن سے بھی زیادہ روشن اور واضح و ثابت ہے مگر اہل تشیع نے تصرف اور تحریف فی الروایات کی عادت یہاں بھی نہیں چھوڑی۔

اول:۔ یہ کہ حضرت صدیق اکبر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے جب فرمایا گیا تو حرف شرط کے ساتھ یعنی اگر وہ حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اعانت و مساعدت پر کمربستہ ہو جائیں تو وہ دنیا اور آخرت میں حضور (ﷺ) کے رفیق ہیں۔ یہاں جب اللہ تعالیٰ بھی دلی کیفیات اور حالات پر مطلع ہے اور آپ (حضرت صدیق) نے جب علم الٰہی وہی کچھ عرض کی۔ جو حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نزدیک بمنزلہ سمع مبارک و چشم مبارک اور روح مقدس ثابت ہوئے تو پھر شرطیہ جملہ صاف تحریف و تصرف فی الروایت پر دلالت کر رہا ہے۔ جو قلبی غل و غش پر مبنی ہے۔

دوسرا:۔ روایت کے آخر میں یہ جملے کہ "وَعَلِيٌّ فَوْقَ ذٰلِكَ لِزِيَادَةِ فَضَائِلِهٖ وَ شَرَفِ خِصَالِهٖ" یعنی علی (رضی اللہ عنہ) اس سے زیادہ ہیں۔ کیونکہ ان کے فضائل اور شرف خصال زیادہ ہیں۔

ارے سمع و بصر و راس و روح نبوت پناہ پر کون سی زیادتی متصور ہے۔

بہر صورت اہل تشیع کی معتبر ترین کتب بھی خلفائے راشدین کے فضائل و علو مرتبت کو اپنے اوراق میں جگہ دینے پر مجبور نظر آتے ہیں۔ والحسن ماشهدت به الاعداء (جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے) ائمہ طاہرین کے ارشادات کو ہر حیلے سے ردوبدل کرنے اور توڑ موڑ تصرفات کرنے کی انتہائی کوشش کی۔ مگر خلفائے راشدین کی شان کو آنچ نہ آئی۔

marfat.com

## فضیلت والا کون

اگرچہ اہل ایمان اور اہل عقل و درایت کے لئے اس روایت سے زیادہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان اور آپ کا فضل اور کیا متصور ہے مگر مومنین کے دل کو خوش کرنے کے لئے بطور نمونہ ایک دو روایتیں اور بھی خلفائے راشدین سابقین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی فضیلت کے بارے میں اہل تشیع حضرات کی معتبر کتابوں سے پیش کرتا ہوں۔ اہل تشیع کی معتبر کتابوں میں حضرت سلمان فارسی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے متعلق رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد گرامی موجود ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا۔ سَلْمَانُ مِنَّا اَهْلُ الْبَیْتِ یعنی سلمان ہمارے اہل بیت میں سے ہیں۔ نمونہ کے طور پر کتاب کشف الغمۃ فی معرفۃ الائمہ مطبوعہ ایران صفحہ ۱۱۶۔

وَاَنْتَ لَوْ فَكَّرْتَ لَعَلِمْتَ اَنَّهُ يَكْفِيْهِ نَسَبًا قَوْلُهٗ صلی اللہ علیہ وسلم سَلْمَانُ مِنَّا اَهْلُ بَيْتٍ

یعنی تو اگر فکر و ہوش سے کام لے تو یقیناً جان لے گا اور دیکھ لے گا۔ کہ سلمان فارسی کے لئے یہی نسب نامہ کافی ہے جو حضور ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ سلمان ہم میں سے ہے اور اہل بیت میں سے ہے۔

اب ہم اہل نظر و فکر کی خدمت میں فروع کافی جلد ۲ کی عبارت پیش کرتے ہیں جو حضرت ابو بکر صدیق (رضی اللہ عنہ) اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے فرق مرتبہ کے متعلق وارد ہے۔

ثُمَّ مَنْ قَدْ عَلِمْتُمْ بَعْدَهٗ فِیْ فَضْلِهٖ وَزُهْدِهٖ سَلْمَانُ وَ اَبُوْ ذَرٍّ رضی اللہ عنہما الخ

یعنی پھر وہ شخص جس کے متعلق تمہیں علم ہے کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بعد جن کا مرتبہ فضل و زہد میں ہے تو وہ سلمان فارسی اور ابوذر (رضی اللہ عنہما) ہیں۔

marfat.com

اب جن کا مرتبہ فضل و زہد میں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد ہے۔ وہ اہل بیت ہوں اور اول مرتبے والی ہستی کہ جن کو بمنزلۃ السمع والبصر والروح بھی فرمایا گیا ہو۔ وہ اہل بیت میں نہ ہو تو یہ کس قدر ہٹ دھرمی اور بے انصافی پر مشتمل ایک غلط نظریہ ہے۔ وانت لوفکرت وتدبرت ذلك لعلمت فضل ابی بکر وزهده علی جمیع الصحابة ویکفیه فضلا و کمالا ومرتبة قوله صلی الله علیه وآله وصحبه وسلم لابی بکر رضی الله عنه انت منی بمنزلة السمع والبصر والروح وقد مربیانه ببیانی۔

عمر، داماد علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما

خلیفہ ثانی سیدنا امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت سیدنا امیر المومنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا رشتہ دینا اور ان کو شرف دامادی بخشنا کوئی کم مرتبہ پر دلیل نہیں۔ اعتبار کریں۔ ورنہ کتاب فروع کافی جلد ۲ صفحہ ۱۱ کی یہ عبارت بروایت امام ابو عبداللہ جعفر الصادق رضی اللہ عنہ پڑھیں۔

عَنْ اَبِیْ عَبْدِاللّٰهِ علیه السّلام قَالَ سَاَلْتُهُ عَنِ الْمَرْاَةِ الْمُتَوَفّٰی عَنْهَا زَوْجُهَا تَعْتَدُّ فِیْ بَیْتِهَا اَوْحَیْثُ شَاءَتْ قَالَ حَیْثُ شَاءَتْ اِنَّ عَلِیًّا صَلٰوتُ اللّٰهِ عَلَیْهِ لَمَّا تُوُفِّیَ عُمَرُ اَتٰی اُمَّ کُلْثُوْمٍ فَانْطَلَقَ بِهَا اِلٰی بَیْتِهٖ

یعنی حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مسئلہ دریافت کیا گیا کہ جس عورت کا خاوند فوت ہو جائے تو وہ اپنے گھر (خاوند کے گھر) عدت بیٹھے یا جہاں مناسب خیال کرے وہاں بیٹھے۔ امام عالی مقام نے جواب دیا کہ جہاں چاہے بیٹھے۔ کیونکہ جب عمر (رضی اللہ عنہ) فوت ہوئے تو حضرت علی علیہ السلام اپنی بچی کو ان کے گھر سے اپنے گھر لے گئے۔

علیٰ ہذا القیاس کتاب "طراز المذہب مظفری" مصنفہ میرزا عباس قلی خاں وزیر مجلس شوریٰ کبریٰ سلطنۃ ایران جلد اول صفحہ ۷۴ تا صفحہ ۷۶ پر اس نکاح کے متعلق

marfat.com

تمام علماء شیعہ کا اتفاق اور ان کے متعلق تصریحات ملاحظہ فرماویں۔ یہ کتاب شاہ ایران مظفر الدین قاچار کی زیر سرپرستی لکھی گئی ہے ۱۲

اس نکاح کا ثبوت تقریباً اہل تشیع کی ہر کتاب میں موجود ہے۔ مگر جن الفاظ کے ساتھ اہل بیت کرام کی عقیدت کا دم بھرنے والوں نے اس نکاح کا اقرار کیا ہے مجھے اللہ تعالیٰ کی قسم ہے کوئی ذلیل سے ذلیل انسان بھی اپنے متعلق ان الفاظ کو برداشت نہیں کر سکتا۔ جن الفاظ کو اہل بیت نبی ﷺ کے متعلق ان مدعیان تولی نے استعمال کیا ہے۔ کوئی شخص ان الفاظ کو دیکھ کر یہ بات تسلیم کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ کہ اس قسم کے الفاظ بدترین دشمن ہی منہ سے نکال سکتا ہے۔ میں حیران ہوں کہ اللہ کے مقبولوں کے متعلق یہ الفاظ استعمال کرنے والا اسی دنیا میں غرق کیوں نہیں ہو جاتا۔ لہٰذا میں یہ جرأت نہیں کرتا اور اپنی عاقبت تباہ نہیں کرتا کہ وہ الفاظ لکھوں۔ اہل تشیع کی ام الکتب یعنی فروع کافی جلد ۲ صفحہ ۱۴۱ سطر ۷ مطبوعہ لکھنؤ کسی بڑے مدعی تولے و معتقد اہل بیت سے سنئے۔ نیز ناسخ التواریخ جلد ۲ صفحہ ۳۶۳، ۳۶۴، سطر ۱ ملاحظہ فرماویں اور میری تمام تر معروضات کی تصدیق کریں کہ شان حیدری میں کس قدر بکواس اور سب و شتم شیعان علی نے کئے ہیں کوئی بڑے سے بڑا بدبخت خارجی بھی ان کے حق میں اس قسم کے کلمات لکھنے کی جرأت نہیں کرے گا۔ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے حق میں یہ بکواس صرف اس لئے کئے ہیں کہ آپ نے سیدنا امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رشتہ کیوں دیا ہے اور بس۔ کاش میرے بھولے بھالے برادران وطن شیعہ مذہب کی حقیقت سے واقف ہوتے۔

## نیاز مندانہ مشورہ

اے سادات عظام خدا کے واسطے کچھ سوچو اور ضرور سوچو۔ جس مذہب کی اس قدر معتبر کتاب میں حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان اقدس میں اس قسم کے بکواس ہوں جو آپ کسی ذلیل سے ذلیل نوکر کو نہیں کہہ سکتے تو اس مذہب

marfat.com

سے آپ نے کیا پھل پایا ہے؟ خدارا اپنی عاقبت تباہ نہ کرو۔

آیئے ہم اہل سنت آپ کے بردے اور آپ کے گھرانے کے حلقہ بگوش ہیں ہم سے اپنے خانوادہ کی عزت و ناموس کے متعلق صحیح روایات سنئے اور خانوادہ نبوت کی شان کو ملاحظہ فرمایئے۔ یہی روایت جس کے لکھنے سے میرا دل لرز گیا۔ میرے ہاتھ سے قلم گر پڑا اور اللہ کی قسم میں لکھنے کی جرأت نہ کر سکا۔ اہل تشیع نے اپنی معتبر کتاب ناسخ التواریخ جلد نمبر ۲ صفحہ ۳۶۳ سطر نمبر ۲۹ پر بڑے شد و مد کے ساتھ اور ثبوت نکاح میں یہ تمام صفحہ اور ص ۳۶۴ علیٰ ہذا القیاس صفحہ ۴۳۳ بھی ملاحظہ فرمایئے اس کے بعد اور نہیں تو یہ ہی شیعان علی کو پڑھ کر سنا دیجئے کہ ع

ہوئے تم دوست جس کے دشمن اس کا آسماں کیوں ہو

مگر در حقیقت دوست نما دشمن کے بغیر اہل تشیع کے مذہب کی بناء اور کوئی نہیں رکھ سکتا۔ مذکورہ بالا عبارات کو پڑھ کر یقیناً اہل انصاف میری تصدیق کریں گے۔ ممکن ہے بھولے بھالے برادران وطن کہیں کہ جو لوگ سال بہ سال امام عالی مقام زندہ جاوید کا ماتم کرتے ہیں اور اپنے سینوں کو پیٹ پیٹ کر خون خون کر دیتے ہیں۔ یہ کیسے کسی دشمن کی تقلید میں مذہب تشیع اختیار کر سکتے ہیں یا جس نے یہ مذہب گھڑا ہے وہ کیسے دشمن اہل بیت ہو سکتا ہے؟ اس کا فطرتی جواب (پہلا جواب) صرف اتنا ہے کہ اس قسم کی روایات گھڑنے کی سزا یہی ہو سکتی ہے اور جن مقدس ہستیوں کو امام عالی مقام سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الشریف امام الہدیٰ شیخ الاسلام، حبیب مقتدا اور پیشوا فرما دیں۔ جن کے ہاتھ پر بیعت کریں جن کو بطیب خاطر رشتے دیں۔ ان ہستیوں کی شان اقدس میں علانیہ بکواس بکنے کی دنیا میں سزا یہی ہے کہ اپنے ہاتھ سے اپنے منہ اور اپنے سینوں کو پیٹ پیٹ کر اڑا دیں۔ ورنہ محبت کے تقاضے پر یہ کاروائی مبنی ہوتی تو اس کی ابتداء حیدر کرار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے شروع ہوتی۔ ان کے بعد یازدہ ائمہ (گیارہ امام) اس پر عمل فرماتے مگر یاد رکھو یہ کسی زبردست مجرم خدا کی سزا سے شروع ہوئی ہے۔

marfat.com

اے آل حیدر کرار! آپ اپنے جد امجد کی سنت تلاش فرماویں اور اپنے تمام طاہرین کی سنت کی پیروی اختیار کریں۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ اس قسم کی روایات گھڑنا اور ان کو رائج کرنا ایک سیاسی کرتب تھا تاکہ بیوقوف اور کم سمجھ لوگ اس قسم کی غلط روایات کے باوجود ہمیں محب سمجھتے رہیں اور ہم آسانی کے ساتھ اپنا مذہب رائج کرتے رہیں۔ آپ دعویٰ محبت کے کوٹ کے اندر دیکھئے اور اس زہر سے بچئے۔ خیر یہ ایک نیاز مندانہ مشورہ تھا جو موضوع سے نکال لے گیا۔

## انتظار کس بات کا

ائمہ طاہرین صادقین معصومین کی روایات سے خود اہل تشیع کی کتابوں میں جب یہ بات مل گئی۔ کہ ائمہ طاہرین نے خلفائے راشدین کو صدیق مانا۔ ان کے ہاتھ پر بیعت کی۔ ان کو امام الہدیٰ شیخ الاسلام، مقتداء اور پیشوا تسلیم کیا۔ ان کے حق میں سبّ بکنے والوں کو قتل کیا۔ سزائیں دیں۔ اپنی مجلس سے نکالا۔ بلکہ خلفائے راشدین کی شان اقدس میں سبّ بکنے والوں کو مسلمانوں کی جماعت سے بھی خارج فرمایا اور یہ بھی مسلم ہے کہ ائمہ طاہرین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے پاس اور مقدس دلوں میں غیر خدا کا خوف نہیں آسکتا تھا اور **ولا تخافوھم وخافون ان کنتم مؤمنین** (اگر تم مومن ہو تو میرے بغیر کسی سے نہ ڈرو) پر ان کا پورا ایمان تھا۔ اور میدان کربلا میں اپنے اس ایمان کا ثبوت عملی طور پر بھی دیا تو وہ تمامتر ارشادات جو ائمہ طاہرین نے فرمائے اور تمامتر اخوت و مودت کے جو عملی ثبوت بہم پہنچائے صرف صدق و صفا اور ظاہری باطنی صداقت ہی کی بنا پر فرمائے۔ خلافت خلفائے سابقین کے متعلق جن واضح اور غیر مبہم کلمات طیبات کے ساتھ حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے قطعی فیصلہ ارشاد فرمایا ہے جو پہلے عرض کر چکا ہوں اس کے بعد فتنہ اور فساد پیدا کرنا اور وہ فیصلہ تسلیم نہ کرنا اور خلفائے راشدین کی شان اقدس میں سبّ و شتم بکنا اور محب علی

marfat.com

ھلوانا حضرت علی کو (معاذ اللہ) جھٹلانا اور پھر دعوے تولی (محبت) کرنا ایمان تو کجا خود
سی معقولیت پر بھی مبنی نہیں ہو سکتا۔

حدیث قرطاس

بے خبر اور ناواقف لوگوں کو گمراہ کرنے کے لئے کبھی قرطاس کی روایت پیش کی
جاتی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے اپنی ظاہری حیوۃ طیبہ کے آخری خمیس کو اپنے حرم
سرا میں اہل بیت کے مردوں سے کہا کہ لکھنے کے لئے کوئی چیز (دوات، قلم، کاغذ) لاؤ
میں تمہارے لئے کچھ وصیت لکھوں تاکہ میرے بعد تم صراط مستقیم پر ثابت قدم
رہو۔ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے مسجد شریف میں جا کر دوات قلم طلب فرمائی
تو امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ ہمیں قرآن کریم کافی ہے کیا
آنحضرت ﷺ ہمیں داغ مفارقت تو نہیں دینا چاہتے؟ اس بات کو سمجھو!!

یہ روایت اہل سنت کی کتابوں میں ہو یا اہل تشیع کی کتابوں میں بہر صورت قرآن
کریم کی آیت کریمہ (ولا تخطه بيمينك اذا لارتاب المبطلون) یعنی آپ اپنے
ہاتھ مبارک سے کبھی اس کو نہ لکھتا تاکہ گمراہ کرنے والے لوگ شک پیدا نہ کر سکیں۔
کہ حضور ﷺ خود لکھ سکتے تھے۔ اور قرآن کریم بھی خود لکھا ہے خدا کی طرف سے
نہیں) اب یہ نفی ہو یا نہی۔ بہر صورت آنحضرت ﷺ کا اپنے ہاتھ مبارک سے لکھنا
ممنوع اور محال ہے اور روایت میں ہے کہ میں لکھوں۔ دوسرا بالفرض تسلیم اس روایت
میں خلافت کا ذکر تک نہیں۔ حضرت علی کی خلافت اور وہ بھی بلا فصل اس سے کیسے
ثابت ہو گئی۔

تیسرا۔ اہل بیت کے مردوں میں حضرت علی موجود تھے تو ان کو دوات قلم پیش
کرنے کا حکم ہوا۔ جیسا کہ "ایتونی" کا صیغہ جمع مذکر اسی امر پر دلالت کرتا ہے۔ فرض
کرو کہ حضرت عمر نے حسبنا کتاب اللہ یعنی ہمیں قرآن کریم کافی ہے۔ فرمایا ہو۔
تو سوال یہ ہے کہ حضرت علی نے حضرت عمر کے کہنے پر عمل کرنا تھا یا رسول اللہ ﷺ

marfat.com

کے حکم پر؟ پھر حضرت علی نے کس کے کہنے پر عمل کرتے ہوئے دوات و قلم و کاغذ پیش نہ کیا۔

چوتھا۔ فرض کریں حضور خلافت ہی لکھتے (جس کا ذکر تک روایت میں نہیں) مگر جب حضور ﷺ پہلے فرمارہے ہیں کہ میرے بعد خلیفہ ابو بکر ہوگا۔ اس کے بعد عمر ہو گا رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور یہ کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے یہی فرمایا ہے دیکھو تفسیر صافی جلد ۲ صفحہ ۳۲۰۔ اسی طرح تفسیر قمی اس آیت کریمہ کے تحت قال نبانی العلیم الخبیر (پارہ ۲۸ سورہ تحریم) تفسیر امام حسن عسکری اور باقی تمام اہل تشیع کی معتبر ترین تفاسیر میں حضور اقدس ﷺ سے یہ روایت ثابت ہے تو کیا اللہ تعالیٰ کا رسول ﷺ۔ اللہ تعالیٰ کے حکم اور فرمان کے خلاف اور اپنے ارشاد کے خلاف کوئی دوسری خلافت لکھنے لگے تھے۔

ہم پہلے حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے واضح اور غیر مبہم خطبات آپ کو سنا چکے ہیں کہ حضرت علی سے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ واصحبہ وسلم کی رحلت کے بعد خلافت کی بیعت کرنے کے بارے میں کہا گیا تو آپ نے فرمایا کہ میری خلافت کا زمانہ نہیں آیا۔ اس وقت میری خلافت کا سوال ایسا ہے جیسے کوئی قبل از وقت کچے میوے توڑے یا کسی دوسرے کی زمین میں کھیتی باڑی شروع کر دے۔ اور یہ کہ میرے ذمہ یہ ہے کہ میں دوسروں کی اطاعت کروں اور یہ کہ بیعت کرنے پر میرے لئے دوسروں کی اطاعت کا عہد و پیمان مقدم ہے میرے لئے ممکن ہی نہیں کہ ابو بکر کی بیعت کی مخالفت کروں۔ پھر ان کا خود بھی بیعت کرنا۔ یہ تمام تر روایات خلافت علی رضی اللہ عنہ کی تحریک کے منافی بلکہ مناقض ہیں۔

خم غدیر

اسی طرح یہ بھی ابلہ فریبی ہے کہ حضرت علی کی خلافت بلا فصل کی دلیل میں خم غدیر کی روایت پیش کی جاتی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے حضرت علی کے متعلق فرمایا

marfat.com

۔ "مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ" (یعنی جن کا میں دوست ہوں علی بھی ان کے
ست ہیں) ظاہر ہے کہ قرآن کریم میں مولیٰ بمعنی دوست ہے دیکھو آیت کریمہ
فَاِنَّ اللّٰہَ ھُوَ مَوْلَاہُ وَ جِبْرِیْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَ" (یعنی اللہ کے محبوب کا دوست
د جل شانہ ہے اور جبریل ہیں اور نیک بندے ہیں۔ "وَالْمَلٰٓئِکَۃُ بَعْدَ ذٰلِکَ
ظَھِیْرٌ" اس کے بعد فرشتے حضور ﷺ کے امداد کنندہ ہیں)۔ (القرآن)
اب مولیٰ کا معنی حاکم یا امام یا امیر کرنا صراحتاً قرآن کریم کی مخالفت ہے اور تفسیر
ائے ہے اور کون مسلمان یہ نہیں مانتا کہ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رسول اللہ ﷺ
دوستوں کے دوست ہیں۔ جن کو اللہ کے رسول (ﷺ) نے گھر میں، ہجرت
، غار میں، سفر میں، حتیٰ کہ قبر میں اپنا ساتھی اور رفیق منتخب فرمایا۔ حضرت علی ان
دوست ہیں۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کا صاف صاف ارشاد گرامی نہ بھولئے
حضرت ابو بکر و حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے حق میں فرماتے ہیں کہ "ھُمَا
حِبَّایَ" یعنی وہ میرے دوست ہیں (یہ حوالہ گزر چکا ہے) علیٰ ہذا القیاس حضرت علی
م اللہ وجہہ کی خلافت بلا فصل پر غزوۂ تبوک کی روایت کو دلیل بنانا سخت جہالت اور
خبری کی دلیل ہے۔ یعنی غزوۂ تبوک کے موقعہ پر حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام
حضرت علی کو ارشاد فرمایا۔ "اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ ھَارُوْنَ مِنْ
سٰی" یعنی اے علی آپ اس بات پر راضی نہیں کہ جو نسبت ہارون کو موسیٰ سے تھی
منزلت آپ کو مجھ سے ہوتی۔ اب اس روایت سے ثابت کرنا کہ حضور ﷺ
رت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خلیفہ بلا فصل فرما رہے ہیں کس قدر بے محل ہے۔ اولاً
لئے کہ حضرت ہارون حضرت موسیٰ کی عین حیات میں فوت ہو گئے تھے۔ اور
رت موسیٰ کے خلیفہ نہ بلا فصل بنے اور نہ بالفصل۔ دیکھو شیعوں کے مجتہد اعظم ملا
مجلسی کی کتاب حیات القلوب صفحہ ۳۶۸ اور ناسخ التواریخ وغیرہ اور اولاً سنت
ل لاوغیرہ جہاں صراحتاً موجود ہے کہ حضرت ہارون حضرت موسیٰ کی عین حیات

marfat.com

میں فوت ہوئے اور یہود نے حضرت موسیٰ پر یہ اتہام لگایا کہ انہوں نے اس کو قتل
ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کی برأت نازل فرمائی۔ جس کا ذکر قرآن کر
میں ان کلمات طیبات کے ساتھ ہے۔ فَبَرَّأَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَ كَانَ عِنْدَاللّٰهِ وَجِيْ
(پس اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو اس اتہام سے بری فرمایا۔ جو کچھ کہ یہود نے ان
متعلق باندھا تھا اور وہ اللہ کے نزدیک معزز و محترم تھے) اور تفسیر صافی میں جو اہل ت
کی معتبر ترین کتاب ہے۔ بحوالہ تفسیر مجمع البیان جو شیعوں کے مجتہد اعظم کی تصنیف
ہے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت تصدیق کے لئے ملاحظہ فرمائیں۔

عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام اَنَّ مُوْسٰى وَ هَارُوْنَ صَعِدَا عَلَى الْجَبَلَ فَمَاتَ هَارُوْنُ فَقَالَتْ بَنُوْ اِسْرَائِيْلُ اَنْتَ قَتَلْتَهٗ

یعنی حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون ایک پہاڑ پر چڑھے۔ پس حضرت ہارون فوت ہو گئے تو بنی اسرائیل نے کہا کہ اے (حضرت) موسیٰ آپ نے ان کو قتل کیا ہے۔ الخ

حیات القلوب میں یہ واقعہ مفصل موجود ہے۔

تو یہ مشابہت خلافت کے ساتھ قرار دینا کہ جیسے حضرت ہارون حضرت مو
کے خلیفہ تھے ویسے ہی حضرت علی حضور اقدس ﷺ کے خلیفہ تھے۔ انتہا درجہ تعج
انگیز ہے۔ دلیلِ خلافتِ بلا فصل اس مشابہت کے ذریعے سے لائی گئی۔ مگر اس مشابہ
کی وجہ سے مطلقاً خلافت نہ بلا فصل اور نہ بالفصل ثابت ہو سکی۔ خدا کا شکر ہے کہ کہ
خارجی منحوس کے کانوں تک اہل تشیع کی خلافت بلا فصل کے متعلق یہ دلیل نہیں
پہنچی۔ ورنہ اہل تشیع حضرات کو لینے کے دینے پڑ جاتے۔

ناطقہ سر بگریباں ہے......

ہٹ دھرمی کی بھی انتہا ہے۔ جب حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عن
اور سیدنا امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت راشدہ کے متعلق ائمہ طاہرین ک

marfat.com

ند کے ساتھ حضور اکرم ﷺ کا واضح اور غیر مبہم ارشاد خود اہل تشیع کی معتبر ترین
تابوں سے دکھایا جائے کہ حضور ﷺ فرماتے ہیں۔ کہ اِنَّ اَبَابَکْرٍ یَلِی الْخَلَافَۃَ مِنْ
عْدِیْ یعنی میرے بعد ابو بکر خلیفہ ہیں اور اہل تشیع کی معتبر ترین کتاب تفسیر امام حسن
سکری رضی اللہ عنہ، اور تفسیر صافی وغیرہ کی تصریحات پیش کی جائیں کہ حضور اکرم
ﷺ نے فرمایا کہ میرے بعد خلیفہ ابو بکر ہیں۔ ان کے بعد عمر ہیں اور اہل تشیع کی معتبر
ین کتاب نہج البلاغۃ سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ان کی خلافت کو تسلیم فرمانا ان
کے ہاتھ پر بیعت کرنا۔ ان کے ساتھ مشوروں میں شریک ہونا ثابت کیا جائے اور
یعوں کی معتبر ترین کتاب شافی اور تلخیص الشافی سے ائمہ طاہرین کی روایات کے
ساتھ حضرت سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کا یہ ارشاد گرامی موجود ہو کہ ابو بکر اور عمر
رضی اللہ عنہما) میرے پیارے ہیں امام الہدیٰ پیشوائے وقت ہیں۔ ہدایت کے امام
ہیں، شیخ الاسلام ہیں اور مولا علی کا یہ ارشاد خود ائمہ طاہرین کی سند کے ساتھ پیش کیا
جائے۔ کہ حضور کی تمام امت سے افضل ابو بکر ہیں اور کتاب کافی سے یہ تصریح پیش
کی جاوے کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مرتبہ سب صحابہ سے افضل ہے اور
اہل تشیع کی معتبر ترین کتاب تفسیر حسن عسکری اور معانی الاخبار وغیرہ میں یہ
تصریحات موجود ہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ابو بکر بمنزلہ میری آنکھ کے
ہیں اور عمر بمنزلہ میرے گوش مبارک کے ہیں اور عثمان بمنزلہ میرے دل کے ہیں۔ تو
ان روایات کو دیکھ کر اہل تشیع کو خلافت کا یقین نہیں ہوتا۔ نہ ہی ائمہ طاہرین کی
روایات پر ایمان لاتے نظر آتے ہیں۔ اور حضرت ہارون کی مشابہت سے خلافت
بلافصل ثابت کرنے کی بڑی دور کی سوجھتی ہے۔ اگر حضرت علی کی خلافت ثابت
کرنے کا اس قدر شوق ہے تو پہلے ان کو سچا بھی مانو۔ ان کے ارشادات پر ایمان بھی
لاؤ۔ اور ان کی حدیثوں کو صحیح تسلیم کرو۔ ان معصومین کو جھوٹ مکر اور فریب سے پاک
اور منزہ یقین کرو تو ہم جانیں کہ اہل تشیع کو ائمہ طاہرین معصومین کے ساتھ دلی الفت

marfat.com

اور محبت ہے۔ حضرت ہارون کے ساتھ مشابہت ایک وقتی طور پر بہت مناسب
جیسے حضرت موسیٰ حضرت ہارون علیہما السلام کو طور سینا پر جاتے وقت اپنے گھر چھوڑ
تھے اسی طرح حضور اقدس ﷺ غزوۂ تبوک میں تشریف لے جاتے وقت حضرت
کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو مدینہ شریف کی حفاظت کے لئے افسر مقرر فرما گئے تھے۔

مگر حسب روایت باقر مجلسی کی حیات القلوب میں حضرت علی کرم اللہ و
مدینہ شریف میں رہنا پسند نہ فرمایا اور حضور ﷺ کے ساتھ جانا اختیار کیا اور شامل
باظفر ہوئے۔

مگر سوال یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مشابہت حضرت ہارون ع
السلام کے ساتھ حضور ﷺ کے بعد خلافت کے متعلق موجود ہے یا نہیں۔ تو جوا
یہ ہے کہ چونکہ حضرت ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد خلیف
بنے فذلک کذلک۔ البتہ ہم اہل السنّت والجماعت کے اصول کے مطابق حضرت
علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ رسول اللہ ﷺ کے چوتھے خلیفہ ہیں۔

اہل تشیع کے دلائل خلافت بلا فصل کا نمونہ تو آپ دیکھ چکے جو تصریحات کا ان
من گھڑت اور غلط توجیہات پر اصرار کا مجموعہ ہیں۔

## لطیفہ

ایک دفعہ اہل سنت والجماعت اور اہل تشیع کے مابین مناظرہ دیکھنے کا اتفاق ہو
اہل تشیع کے مناظر نے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی خلافت بلا فصل ثابت کر
کے لئے کہا کہ میں قرآن سے ثابت کرتا ہوں میں حیران ہو کر دیکھنے لگا کہ یا اللہ تیر
کس آیت سے سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خلافت بلا فصل ثابت کرے گا تو
نے سورۂ زخرف کی تیسری آیت "وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ" ا
خاص انداز میں پڑھی۔ کہ علی لوح محفوظ میں حکیم لکھے ہوئے ہیں۔ بس پھر
حیدری بولتے ہوئے سٹیج سے کودا اور بھاگا۔ مناظر اہل سنت بیچارہ منہ تکتارہ گیا۔

marfat.com

نے اندازہ لگایا کہ بے چارے بیخبر اور جاہلوں کو اسی طرح خلافت بلا فصل کے دلائل پیش کر کے پھسلایا جاتا ہوگا۔ میں اس مناظرہ میں بحیثیت حکم بیٹھا ہوا تھا۔ مگر فیصلہ سنانے کا موقعہ ہی نہ ملا۔ علماء طبقہ تو شان استدلال اور طرز قلابازی دیکھ کر دم بخود ہو کر رہ گیا۔ اب وہاں کون تھا۔ جس کو جواب دیا جاتا۔ اور اس دلیل کے متعلق نظر اور فکر کا تجزیہ کیا جاتا۔

برادران وطن! سورۂ زخرف جس سے اس سخت جاہل نے حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی خلافت بلا فصل ثابت کرنے کا دعویٰ کیا تھا۔ اس کی آیات تلاوت فرماویں۔ حٰمٓ۔ وَالْكِتَابِ الْمُبِيْنِ۔ اِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ط وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ط اس کا ترجمہ خود اہل تشیع کے مقبول ترین مترجم مقبول احمد دہلوی کی تحریر سے دیکھئے۔ "قسم ہے واضح کتاب کی بیشک ہم نے اس کو عربی قرآن مقرر کیا۔ تاکہ تم سمجھو اور بیشک وہ ہمارے پاس ام الکتاب میں ضرور عالیشان اور حکمت والا ہے" تو شروع سے لے کر آخر تک قرآن حکیم کی تعریف ہے۔ مگر اس سے حضرت علی مراد لینے اور پھر اپنے ذہن سے خلافت نکال کر اس کے ساتھ جوڑنے اور جب خلافت کا حلقہ جڑ گیا تو پھر بلا فصل کا لفظ جوڑنے میں کیا تکلیف ہو سکتی ہے؟ لہٰذا ثابت ہو گیا کہ حضرت علی کی خلافت اور وہ بھی بلا فصل ثابت ہو گئی نعرۂ حیدری یا علی)

## یہ استدلال اور طرز استدلال!

بھلا اس کے مقابل میں رسول خدا ﷺ کا صاف اور واضح ارشاد کہ میرے بعد خلیفہ ابو بکر اور پھر عمر ہوں گے یا حضرت علی کا ابو بکر و عمر کو امام الہدیٰ و مقتدائے امت فرمانا بھی کوئی دلیل خلافت ہو سکتی ہے؟ فَمَا لِهٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا (ان جاہلوں کو کیا ہوا بات سمجھتے ہی نہیں) امام حسن عسکری کی تفسیر، تفسیر قمی اور تفسیر صافی جیسی اہل تشیع کی معتبر کتابیں جن میں محبوب کبریا ﷺ کا صاف صاف

marfat.com

ارشاد کہ میرے بعد خلفاء ابو بکر ان کے بعد عمر (رضی اللہ عنہما) ہوں گے اور یہ
مجھے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے تسلیم نہ کرنا تعجب انگیز دعوے تولی (محبت) ہے۔
خداوند تعالیٰ کے فرمان اور رسول ﷺ کا صاف صاف ارشاد اور حضرت سیدنا
رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور تمام ائمہ معصومین کی واضح غیر مبہم تصریحات کے بالمقابل
تشیع من گھڑت تخمینے اور خلافت بلا فصل کے ٹوٹل (ٹوٹکے) لگائیں اور اللہ اور اس
رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام اور تمام ائمہ معصومین کو جھٹلائیں اور ان کے ہر قول و فعل
جو ان کے من گھڑت مذہب کے مخالف ہو اس کو تقیہ اور فریب کاری پر محمول کر
اور پھر محب بھی رہیں۔ سبحان اللہ!

## کیا کہنے اس سوچ کے

اہل تشیع نے اپنے خود ساختہ مذہب کو محفوظ رکھنے کے لئے سوچا خوب ہے کہ
حدیث اور روایت اس کے مخالف ہوگی۔ خواہ خود اہل تشیع ہی کے مصنفین نے اس
ائمہ معصومین سے سنا اور ان کی اپنی کتابوں میں اس کو لکھا ہو اور بانیان مذہب شیعہ
کسی ایسی کڑی کو اپنے مذہب کے ساتھ منسلک کرنا ضروری خیال کیا ہو جو اس روایت
حدیث کے مخالف ہو تو پھر یہی تقیہ کام میں لایا جا سکے کہ ائمہ معصومین نے ہماری ا
خود ساختہ پرداختہ کڑی کے خلاف جو فرمایا ہے اگرچہ وہ روایتیں ہماری کتابوں میں
موجود ہیں۔ مگر بطور تقیہ ہیں۔ پس جتنی حدیثیں اور روایات اس مذہب کے خلاف
کوئی پیش کرتا چلا جائے گا۔ اہل تشیع میاں مٹھو کی طرح ایک لفظ "تقیہ" بولتے
جائیں گے تو گویا تمام احادیث و روایات پیش کرنے والے کے بالمقابل اہل تشیع کا ایک
طوطا جس کو صرف "تقیہ" کا لفظ زبان پر چڑھا دیا گیا ہو بطور مناظر پیش کر سکتے ہیں۔
تقیہ امور عامہ سے بھی عام مانا گیا ہے۔ اب اس کے بعد جو چاہیں ائمہ صادقین
طرف منسوب مذہب کو وسعت دیتے چلے جائیں مگر اتنا تو فرمائیں کہ جب ائ
صادقین اپنے شیعوں کو ہمیشہ کوئی سچی بات بتانا کفر اور بے دینی (معاذ اللہ) یقین فرما۔

marfat.com

تھے جیسا کہ مفصل بیان ہو چکا ہے اور تقیہ کو ایک لمحہ کے لئے بھی ترک فرمانا جائز نہ سمجھتے تھے۔ جیسا کہ مفصل بیان ہو چکا ہے تو پھر یہ تقیہ کے متعلق روایت بھی انہی ائمہ دین کی طرف منسوب ہیں تو پھر ان پر بھی ایمان لانے سے پہلے مسئلہ تقیہ کو ذہن سے خارج نہیں کرنا چاہئے۔ یا پھر تسلسل فی التقیہ پر ایمان رکھنا چاہئے کم از کم اپنے مذہب کو بچانے کے لئے اتنا تو کہتے کہ ائمہ معصومین سے جو روایتیں اپنے شیعوں کے سامنے بیان کی ہیں وہ سچی تھیں اور ناصبیوں یعنی اہل سنت والجماعت کے سامنے تقیہ اختیار فرماتے تھے مگر اس صورت میں بھی مذہب تشیع کی بنیاد کھوکھلی معلوم ہوتی ہے کیونکہ جتنے حوالے میں نے اس رسالے میں پیش کئے ہیں وہ تمام تر اہل تشیع کی معتبر کتابوں سے دیئے ہیں۔ وہ کتابیں جو بجز کافی کلینی کے تمام تر ایران یا نجف اشرف کی چھپی ہوئی ہیں اور کافی مطبوعہ ایرانی بھی مل گئی ہے۔ اس میں سے بھی کافی کے حوالے دکھانے کا ذمہ دار ہوں۔ اور جتنے حوالے دیئے ہیں وہ ائمہ معصومین طاہرین کی روایت سے ہیں تو پھر خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی خلافت کا انکار ان کی صدیقیت کا انکار کیوں؟ مولا علی المرتضیٰ کا ان کے ساتھ بیعت کرنے، ان کو امام الہدیٰ مقتداء و پیشوا تسلیم فرمانے، ان کے حق میں سَبّ بکنے والوں کو سزا دینے اور امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ کو رشتہ دینے کا انکار کیوں؟ ان کی اطاعت کرنے ان کے مشیروں میں شامل ہونے کا انکار کیوں؟ امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس صریح ارشاد کا انکار کیوں؟ جو حضور نے ایک غالی شیعہ کے سامنے پانچ دفعہ فرمایا۔ کہ ابو بکر "صدیق" ہیں۔ اور جو ابو بکر کو صدیق نہیں کہتا اللہ تعالیٰ اس کو دونوں جہانوں میں جھوٹا کرے اور امام عالی مقام زین العابدین رضی اللہ عنہ کا خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے حق میں سَبّ بکنے والوں کو بے ایمان فرمانا اور ان کو مجلس سے نکال دینا اور یہ فرمانا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں ہلاک کرے اس کا انکار کیوں؟ تمام حوالے عرض کر چکا ہوں۔ فرمایئے کوئی ایک بھی روایت کسی اہل السنۃ والجماعت کی کتاب سے پیش کی

marfat.com

ہے؟ کتابیں بھی اہل تشیع کی اور راوی بھی ائمہ معصومین۔ پھر ان کی روایات پر وہ لوگ ایمان نہ لائیں۔ جو دعویٰ تشیع کرتے ہیں تو اس کا صاف مطلب یہی ہے کہ اہل تشیع کے مذہب اور ائمہ طاہرین کے مذہب میں بہت بڑا تخالف اور تناقص ہے۔

## قرآن کا انکار

آج کل کے اہل تشیع حضرات یا تو اپنی مذہبی کتابوں سے مکمل ناواقفی کی وجہ سے یا کسی ماحول کے باعث بطور تقیہ قرآن کریم کو خدا کی کلام کہتے ہیں مگر بانیانِ مذہب تشیع اور رازداران مذہب تشیع کا ایمان قرآن کریم پر نہیں۔ اس قرآن کریم کو اسی وجہ سے ہر صریح جھوٹ بولتے وقت پھٹ سے سر پر رکھ دیتے ہیں اور ایسی حالت میں جھوٹ بولنے میں ذرہ برابر تامل نہیں کرتے۔ جیسے کوئی مسلمان جھوٹ بولتے ہوئے ہندوؤں کی پوتھی وغیرہ سر پر رکھ لے۔

شیعوں کے مذہبی پیشوا مطلقاً قرآن کا انکار ظاہر کرتے ہیں بلکہ جو قرآن کریم حضرت امیر المؤمنین سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تمام حفاظ صحابہ کو طلب فرما کر جمع فرمایا جو آج ہمارے سینوں میں ہے اور مسلمانوں کی ہر مسجد میں جس کو بچے سے لے کر بوڑھے تک پڑھتے ہیں اور جو مسلمانوں کے سات سات سال عمر کے بچوں کو یاد ہے جس کو رمضان المبارک میں نماز تراویح میں ختم کیا جاتا ہے جس کے تیس پارے ہیں جو سورۂ فاتحہ سے شروع ہوتا اور سورۂ ناس پر ختم ہوتا ہے۔ بانیان مذہب شیعہ نے اس کا انکار کیا اور جب بھی اپنا ایمان قرآن پر ثابت کرتے ہیں تو اپنا موہوم قرآن (ستر گز والا جس نے قیامت سے پہلے لوگوں کو ہدایت کیلئے منہ نہیں دکھانا، حلال و حرام کی تعلیم صرف قیامت کو دے گا) ہی مراد لیتے ہیں تو پھر جس قرآن پر ان کا ایمان نہیں اس کو ہزار دفعہ جھوٹ بولتے وقت سر پر رکھیں۔ ان کے مذہب کو کیا نقصان ہو سکتا ہے؟ قرآن کریم پر مدعیان تولی کے ایمان کا نمونہ اصل عبارت میں پیش کرتا ہوں۔ تا کہ اہل علم لوگ تصدیق کر سکیں۔

marfat.com

اصول کافی صفحہ نمبر ۱۷۶

فَقَالَ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ عَليه السّلام (اِلٰى اَنْ قَالَ) اَخْرَجَهُ عَلِيٌّ عليه السّلام اِلَى النَّاسِ حِيْنَ فَرَغَ مِنْهُ وَكَتَبَهُ فَقَالَ لَهُمْ هٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ كَمَا اَنْزَلَهُ اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ (صلى الله عليه وسلّم) مِنَ اللَّوْحَيْنِ فَقَالُوْا هُوَذَا عِنْدَنَا مُصْحَفٌ جَامِعٌ فِيْهِ الْقُرْآنُ لَاحَاجَةَ لَنَا فِيْهِ فَقَالَ اَمَا وَاللّٰهِ مَاتَرَوْنَهُ بَعْدَ يَوْمِكُمْ هٰذَا اَبَدًا اِنَّمَا كَانَ عَلَيَّ اَنْ اُخْبِرَكُمْ حِيْنَ جَمَعْتُهُ لِتَقْرَءُوْهُ

یعنی حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (کی طرف منسوب کر کے) کہتے ہیں کہ جب حضرت علی قرآن کریم کے جمع کرنے اور اس کی کتابت سے فارغ ہوئے تو لوگوں سے کہا کہ یہ اللہ عزوجل کی کتاب ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے (حضرت) محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کو نازل فرمایا ہے اور میں نے دو لوحوں سے اس کو اکٹھا کیا ہے۔ جس پر لوگوں نے کہا کہ یہ ملاحظہ فرمالو کہ ہمارے پاس مصحف مبارک جامع موجود ہے جس میں قرآن ہی ہے۔ ہمیں آپ کے لائے ہوئے قرآن کی ضرورت نہیں اس پر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی قسم آج کے بعد تم اس کو کبھی نہ دیکھو گے میرے لئے ضروری تھا کہ جب میں نے اس کو جمع کیا ہے تو تمہیں اس کی خبر دوں تاکہ تم اس کو پڑھتے۔

اب حسب روایت اصول کافی امام عالی مقام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب حدیث اور امام عالی مقام سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الشریف کا قسم اٹھانا کہ آج کے دن کے بعد کبھی تم اس کو نہ دیکھو گے۔ تو اس کے باوجود جو قرآن اہل تشیع دیکھتے ہیں اور اہل سنت سے سنتے ہیں جس کو اہل سنت یاد کرتے ہیں۔ تراویح میں ختم کرتے ہیں جس کو امیر المومنین عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جمع کیا ہے۔

marfat.com

یہ تو بہر صورت وہ قرآن نہیں ہو سکتا جو قیامت سے پہلے آ ہی نہیں سکتا۔ اسی اصول کافی صفحہ ۶۷۰ پر امام عالی مقام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ کے ایک شیعہ صاحب بنام "احمد بن محمد" کہتے ہیں کہ مجھے امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ نے مصحف مبارک عطا فرمایا اور فرمایا کہ اس کو کھول کر مت دیکھنا۔ میں نے کھولا اور دیکھا اور سورۃ لم یکن الذین الخ پڑھی تو میں نے اس سورت میں قریش کے ستر آدمیوں کے نام بمعہ ان کے آباء کے نام لکھے ہوئے موجود پائے تو امام صاحب نے میری یہ شان تعمیل حکم دیکھ کر میری طرف آدمی بھیجا کہ میرا قرآن مجھے واپس کر دو۔ یہ واپسی کا قصہ تو اس ضرورت کے ماتحت گھڑنا پڑا کہ کوئی کہہ دے کہ امام صاحب کا لکھا ہوا قرآن ہمیں بھی دکھاؤ تو فصاحت و بلاغت قرآن سے ملتی جلتی عبارت کہاں سے پیدا کی جاتی بہر حال وہ قرآن جس کی سورۃ لم یکن الذین میں قریش کے ستر آدمیوں کے نام ہوں اور ان کے آباء کے نام ہوں وہ کوئی اور ہی ہے جس پر اہل تشیع کا ایمان ہے۔ یہ قرآن نہیں۔ اہل تشیع کے مجتہد اعظم نے اپنی کتاب فصل الخطاب میں تو ایمان بالقرآن کا قصہ ہی ختم کر دیا ہے۔

اصول کافی صفحہ ۶۷۱ کی ایک اور روایت بھی ملاحظہ کریں جس کے لفظ بلفظ ترجمہ پر اکتفا کرتا ہوں۔

اہل علم حضرات منطبق فرمالیں "امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو قرآن حضور اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف جبریل علیہ السلام لائے تھے۔ اس کی سترہ ہزار آیتیں تھیں۔" اور اہل سنت والجماعت غریبوں کے پاس تو صرف ۶۶۶۶ آیات پر مشتمل قرآن حکیم ہے اگر کسی قدر تفصیل کے ساتھ اہل تشیع کا قرآن کریم سے انکار دیکھنا چاہیں تو اصول کافی صفحہ ۲۶۱ تا صفحہ ۲۶۸ و صفحہ ۶۷۰،۶۷۱ کا مطالعہ فرمادیں اور ایمان بالقرآن کی داد دیں کہ ایک سے دوسری روایت بڑھ چڑھ کر انکار قرآن میں وارد ہے اور کتاب ناسخ التواریخ جلد ۲ صفحہ ۴۹۳ و ۴۹۴ پر تو اس

marfat.com

قرآن کریم کے انکار پر شیعوں کا اجماع ثابت ہے اور اس قرآن کریم میں ردوبدل اور اس کی تنقیص میں تو ایک سے بڑھ کر ایک روایتوں کے انبار لگائے گئے ہیں تفسیر صافی جلد اول صفحہ ۱۴ میں قرآن کی تحریف اور اس میں ردوبدل ثابت کرنے کے کمال دکھائے گئے ہیں اور مصنف کافی یعقوب کلینی اور ان کے استاد علی بن ابراہیم قمی کا اس بارے میں غلو ثابت کیا گیا۔ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

یہ چند روایتیں بطور نمونہ ہیں ورنہ اہل علم شاہد ہیں کہ اہل تشیع کی معتبر کتابوں میں جس کثرت کے ساتھ قرآن کریم کے انکار پر مشتمل روایات ہیں ان کا نصف بھی یکجا (جمع) کیا جائے۔ تو شرح کبیر لابن میثم کے لگ بھگ ایک مستقل کتاب ہو گی۔ مگر اندک دلیل بسیار و مشت نمونہ از خروار ہوتا ہے جو پیش ہے یہ بات نظر انداز کرنے کے قابل نہیں کہ جب ان لوگوں کو قرآن بھی قیامت سے پہلے دیکھنا نصیب نہیں اور ائمہ طاہرین معصومین کے متعلق قطعی یقین حاصل ہے کہ وہ تقیہ نہ کرنا بے ایمانی اور بے دینی یقین فرماتے تھے۔ ان کے بغیر باقی تمام لوگ ان کے نزدیک اس قابل ہی نہیں کہ ان سے کوئی حدیث بھی قابل تسلیم مانی جا سکے تو پھر یہ مذہب اہل تشیع اور اس کی سچائی اور اس کے عقیدے اور اس کے حلال و حرام کس صداقت پر مبنی اور کس بنا پر قائم ہیں؟ بھائی جب ائمہ کرام خود فرمادیں **مَنْ اَذَاعَ عَلَيْنَا حَدِيْثًا اَذَلَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ كَتَمَهٗ اَعَزَّهُ اللّٰهُ**۔ یعنی جو شخص ہماری کسی بات کو ظاہر کرے گا تو اس کو اللہ تعالیٰ ذلیل کرے گا اور جس نے ہماری حدیثیں چھپائیں اور ظاہر نہ کیں اس کو اللہ تعالیٰ عزت دے گا اور جو تقیہ نہیں کرتا وہ بے دین ہے (حوالے گذر چکے ہیں) تو اماموں سے کسی حدیث کو ظاہر کرنا یا ان کی کسی بات یا کسی تعلیم کو صحیح طور پر بیان کرنا صراحتاً بے ایمانی، بے دینی، دارین میں ذلت اور قطعی طور پر جہنمی ہونا ہے (دیکھو کافی باب التقیہ)

## اپنوں کی مخالفت کیوں

تو اب اہل تشیع کی تمام کتابیں جو ائمہ صادقین سے روایتوں پر مشتمل نظر آرہی

marfat.com

ہیں۔ خلافت بلا فصل کا عقیدہ سَب و شتم کا عقیدہ، باقی متعہ ہو یا تقیہ، وضو کی ترکیب، نماز کے انداز، باقی کھانے پینے کے حلال و حرام اگر فی الواقع ائمہ طاہرین کی حدیثیں ہیں اور ان کو چھپانے کی بجائے ان کو شائع کیا گیا جلسوں میں لاؤڈ سپیکروں کے ذریعہ لوگوں کو سنائی گئیں تو حسب فرمان امام عالی مقام یہ لوگ سخت بے ایمان بے دین اور دنیا و آخرت میں ائمہ کی نظر میں ذلیل اور جہنمی ہیں۔ اور اگر ائمہ کے تاکیدی ارشادات اور حکم کی تعمیل میں اصل حدیثیں اور اصل احکام نہیں لکھے گئے۔ نہ ہی ان کو شائع کیا گیا اور نہ ہی وہ لوگوں کو سنائے جاتے ہیں۔ بلکہ وہ تو بہر صورت چھپائے ہی جاتے ہیں۔ یہ تمام تر کتابیں اور تقریریں ان کے اصل احکام کے خلاف اور مغائر ہیں۔ یہ تمام اعمال، نماز ہو یا روزہ، وضو ہو یا نماز کی ترکیب اور خاصانِ بارگاہ خدا رسول (ﷺ) کے حق میں سَب و شتم۔ من گھڑت اور خود ساختہ روایات کی بنا پر ہیں تو اس صورت پر اہل تشیع حق بجانب معلوم ہوتے ہیں اور عقل سلیم بھی اسی صورت کو صحیح سمجھتی ہے۔ کیونکہ ائمہ طاہرین کی ایک حدیث اور ایک روایت بھی کوئی مخلص محب شیعہ تو ظاہر کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا ہو گا۔ تو ان محبوں نے اصل کو چھپانے کیلئے غلط اور غیر صحیح بیان کرنے پر اکتفا کیا۔

## مذہب شیعہ کا بانی

انہوں نے اپنی طرف سے کچھ سے کچھ جوڑ کر ایک مذہب بنا ڈالا۔ اسی صورت کا کھوج بھی ملتا ہے اور ذی عقل آدمی تو چور بھی پکڑ سکتے ہیں۔ ملاحظہ ہو اہل تشیع کی نہایت معتبر کتاب ناسخ التواریخ جلد ۲ حصہ ۳ صفحہ ۵۲۴ سطر ۶ مطبوعہ ایران (اصفہان) ۱۳۹۵ھ مطالعہ کی سفارش کرتا ہوں تاکہ آپ کو حق الیقین ہو جائے کہ میں جو کچھ عرض کر رہا ہوں مذہبی تعصب کی بنا پر نہیں بلکہ واقعات کی روشنی میں اور حق و صداقت پر مبنی یہ معروضات ہیں سب سے پہلے جس شخص نے خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے متعلق غصب خلافت کا قول کیا ہے اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ

عنہ کو خلیفہ بلا فصل ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ وہ ایک یہودی تھا جس کا نام عبداللہ بن سبا ہے جو امیر المومنین سیدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں تقیہ کر کے مدینہ انور میں آیا۔ اور اسلام ظاہر کیا اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین علی الخصوص خلفائے راشدین سابقین کے خلاف خفیہ طور پر سَبّ بکنا شروع کیا۔ پھر مدینہ اقدس سے نکالا گیا تو مصر میں جا کر ایک گروہ بنالیا اور سیدنا عثمان کے خلاف لوگوں کو بھڑکایا اور آخر ایسا فتنہ برپا کیا جس میں امیر المومنین شہید ہوئے۔ الخ

میں چاہتا ہوں کہ صاحب ناسخ التواریخ کی بعینہٖ عبارت پیش کروں۔

## ذکر پدید آمدن مذہب رجعت در سال سی و پنجم ہجری

عبداللہ بن سبا مردی جہود بود در زمان عثمان ابن عفان سلماخا گرفت و اواز کتب پیشین و مصاحف سابقین نیک دانا بود چوں مسلمان شد خلافت عثمان در خاطر او پسندیدہ نیفتاد، پس در مجالس و محافل بنشستے و قبائح اعمال و مثالب عثمان را ہرچہ توانستی باز گفتی، ایں خبر بہ عثمان بردند گفت باری ایں جہود کیست و فرمان کرد تا اور ااز مدینہ اخراج نمودند۔ عبداللہ بمصر آمد وچوں مردی عالم و دانا بود مردم بروی گرد آمدند و کلمات اور اباور داشتند۔ گفت! ہاں اے مردم مگر نشنیدہ اید کہ نصاریٰ گویند عیسیٰ علیہ السلام بدیں جہاں رجعت کند و باز آید۔ چنانچہ در شریعت ما نیز ایں سخن استوار است۔ چوں عیسےٰ رجعت تواند کرد محمد کہ بیگماں فاضل تراز وست چگونہ رجعت نہ کند و خداوند نیز در قرآن کریم میفر مائید اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْآنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ ط چوں ایں سخن رادر خاطرہا جائے گیر ساخت گفت خداوند صد و بیست و چہار پیغمبر بدیں زمین فرستاد و ہر پیغمبر یر ااوزیرے و خلیفتی بود چگونہ میشود پیغمبرے از جہاں برود خاصہ وقتے کہ صاحب شریعت باشدہ نا بے و خلیفتے بخلق نگمارد و کارامت را مہمل بگزارد ہمانا محمد

را علی علیہ السلام وصی و خلیفہ بود چنانکہ خود فرمود اَنْتَ مِنِّیْ بمنزلۃ هٰرُوْنَ مِنْ مُوْسیٰ ازیں میتواں دانست کہ علی خلیفہ محمد است و عثمان ایں منصب را غصب کردہ و باخود بستہ عمر نیز بناحق ایں کار بشوری افگند و عبدالرحمان بن عوف بہوائی نفس دست بردست عثمان زد دست علی را کہ گرفتہ بود باو بیعت کند رہادا اکنوں برما کہ در شریعت محمد یم واجب میکند کہ از امر بمعروف و نہی از منکر خویشتن داری نکنیم چنانچہ خدائی فرماید کنتم خیر امة اخرجت للناس تأمرون بالمعروف وتنهون عن المنکر پس بامردم خویش گفت مارا ہنوز آں نیرو نیست کہ بتوانیم عثمان را دفع داد واجب میکند کہ چنداں کہ بتوانیم عمال عثمان را کہ آتش جور و ستم را دامن میزنند ضعیف داریم و قبائح اعمال ایشاں را بر عالمیان روشن سازیم و دلہائے مردم را از عثمان و اعمال او بگردانیم پس نامہا نوشتند و از عبداللہ بن ابی سرح کہ امارت مصر داشت باطراف جہاں شکایت فرستادند و مردم را یک دل و یکجہت کردند کہ در مدینہ گرد آیند و بر عثمان امر بمعروف کنند و او را از خلیفتی خلع فرمایند عثمان ایں معنی را تفرس ہمی کرد و مروان بن الحکم جاسوساں بہ شہر فرستاد تا خبر باز آورند کہ بزرگان ہر بلد در خلع عثمان ہمداستانند لاجرم عثمان ضعیف و بر کار خود فروماند محصور شدن عثمان در خانہ خود در سال سی و پنجم ہجری۔

## ۳۵ھ میں رجعی مذہب پیدا ہونے کا ذکر

ترجمہ :۔ عبداللہ بن سباء ایک یہودی تھا۔ جس نے حضرت امیر عثمان (رضی اللہ عنہ) کے زمانہ میں اسلام ظاہر کیا اور وہ پہلی کتابوں اور صحیفوں کا اچھا عالم تھا۔ جب مسلمان ہوا تو امیر عثمان (رضی اللہ عنہ) کی خلافت اس کے دل کو پسند نہ آئی تو مجلسوں اور محفلوں میں بیٹھ کر حضرت امیر

marfat.com

عثمان (رضی اللہ عنہ) کے متعلق بدگوئیاں شروع کرنے لگا اور برے اعمال وغیرہ جو کچھ بھی اس کے امکان میں تھا حضرت امیر عثمان کی طرف منسوب کرنے لگا۔ امیر عثمان کی خدمت میں یہ خبر پہنچائی گئی۔ تو آپ نے فرمایا کہ یہ یہودی ہے کون؟ اور حکم دیا (گیا) تو اس یہودی (عبداللہ بن سبا) کو مدینہ شریف سے نکال دیا گیا۔ عبداللہ مصر پہنچا اور چونکہ آدمی عالم اور دانا تھا۔ تو لوگوں کا اس پر جمگھٹا ہونے لگا اور لوگوں نے اس کی تقریروں پر یقین کرنا شروع کر دیا۔ تو ایک دن اس نے کہا۔ ہاں اے لوگو! تم لوگوں نے شاید سنا ہو گا کہ عیسائی لوگ کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس جہان میں رجعت کریں گے (دوبارہ آئیں گے) جیسا کہ ہماری شریعت میں یہ بات محقق ہے۔ جب عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ آ سکتے ہیں تو حضرت محمد ﷺ جو ان سے مرتبہ میں بہت زیادہ ہیں کس طرح دوبارہ تشریف نہ لائیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ بھی قرآن میں فرماتا ہے کہ جس ذات نے آپ پر قرآن فرض کیا ہے۔ یقیناً آپ کو آپ کے اصلی وطن سے لوٹائے گا۔ جب اس عقیدہ کو لوگوں کے دلوں میں پختہ کر چکا تو کہنے لگا کہ اللہ تعالیٰ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر دنیا میں بھیجے ہیں اور ہر ایک پیغمبر کا ایک وزیر اور ایک خلیفہ تھا۔ یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ ایک پیغمبر دنیا سے رحلت فرمائے علی الخصوص جبکہ وہ صاحب شریعت بھی ہو اور کوئی اپنا نائب اور خلیفہ مقرر نہ فرماوے اور امت کا معاملہ یونہی چھوڑ دے تو اسی بنا پر حضور ﷺ کے وصی اور خلیفہ حضرت علی ہیں۔ چنانچہ حضور ﷺ نے خود فرمایا ہے۔ اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ ھَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی۔ یعنی تو میرے نزدیک ایسا ہے جیسے ہارون موسیٰ (علیہما السلام) کے نزدیک تھے۔ اس سے سمجھا جا سکتا ہے کہ حضرت علی (حضور) محمد (ﷺ) کے خلیفہ

marfat.com

ہیں اور (حضرت) عثمان نے اس منصب کو غصب کر لیا ہے اور اپنی ذات کے ساتھ لگا لیا ہے عمر (رضی اللہ عنہ) نے بھی ناحق منصب خلافت کو مجلس شوریٰ کے سپرد کر دیا الخ)

یہ عبارت نقل کرنے سے چند گزارشات مقصود ہیں:۔

(۱) رجعی مذہب دنیا میں سب سے پہلے جس شخص نے پیدا کیا وہ عبداللہ ابن سبا ہے۔ (۲) خلفائے راشدین (رضوان اللہ علیہم اجمعین) کے متعلق غاصب کہنا اور ان کی خلافت کو ناحق بیان کرنے کی ابتدا۔ اسی عبداللہ بن سبا سے ہوئی۔ (۳) خلافت بلا فصل علی (رضی اللہ عنہ) کا سب سے پہلے علمبردار بھی عبداللہ بن سبا ہے۔ عبداللہ بن سبا کے متعلق ائمہ ہدیٰ کی تصریحات سے آئندہ سطور میں کسی قدر تبصرہ ہوگا۔ (۴) سردست اتنا عرض کرنا ہے کہ شیعوں کے مذہب کی بنا اسی عبداللہ بن سباء نے رکھی شیعوں کے مجتہد اعظم ملا باقر مجلسی نے اپنی کتاب حق الیقین (صفحہ ۱۵۰ مطبوعہ ایران) میں مقصد نہم کو اسی مسئلہ رجعت کے ثبوت میں انتہائی زور و شور کے ساتھ لکھا ہے۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے کہ "بدانکہ از جملہ اجماعیات شیعہ بلکہ ضروریات مذہب حق فریقہ محقہ حقیقت رجعت است" یعنی جاننا چاہئے کہ من جملہ ان اعتقادات کے جن پر تمام شیعوں کا اجماع ہے بلکہ ان کے مذہب کی ضروریات میں سے ہے۔ وہ رجعت کے مسئلہ کو حق جاننا ہے۔

اب اہل دانش و بینش کے نزدیک یہ بات روز روشن سے بھی زیادہ واضح ہو گئی کہ مسئلہ رجعت کو ظاہر کرنے والا اور خلافت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کو بلا فصل کہنے والا اور خلفائے راشدین (رضوان اللہ علیہم اجمعین) کے متعلق غصب اور ظلم منسوب کرنے والا سب سے پہلے عبداللہ ابن سبا ہے اور باقر مجلسی کی تصریح سے یہ ثابت ہوا کہ یہی عبداللہ ابن سبا کے عقیدے، شیعوں کے ضروریات دین میں سے ہیں اور شیعوں کے مجمع علیہ عقائد میں سے ہیں۔ اور کتاب "من لایحضرہ الفقیہ" میں ہے

marfat.com

کہ "ہر کہ ایمان برجعت ندارد از مانیست" جو شخص رجعت کا عقیدہ نہیں رکھتا۔ وہ ہم (شیعہ فرقہ) سے نہیں بھی مد نظر رکھیں ۱۲۔

بہت بڑا افتراء پرداز

اہل تشیع کی معتبر ترین کتاب رجاء الکشی صفحہ ۱۴۱ پر بھی عبد اللہ بن سبا کا بیان ہے چونکہ روایت امام عالی مقام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی ہے لہٰذا لفظ بلفظ مطالعہ کے لئے پیش کرتا ہوں۔

وَیْلٌ لِمَنْ کَذَبَ عَلَیْنَا وَاِنَّ قَوْمًا یَقُوْلُوْنَ فِیْنَا مَالَا نَقُوْلُہٗ فِیْ اَنْفُسِنَا نَبْرَأُ اِلَی اللّٰہِ مِنْھُمْ نَبْرَأُ اِلَی اللّٰہِ مِنْھُمْ مَرَّتَیْنِ (ثم قال) قَالَ عَلِیُّ ابْنُ الْحُسَیْنِ (رضی اللہ عنہما) لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ کَذَّبَ عَلِیًّا علیہ السّلام اِنِّیْ ذَکَرْتُ عَبْدَاللّٰہِ ابْنَ سَبَا فَقَامَتْ کُلُّ شَعْرٍ فِیْ جَسَدِہٖ (وَقَالَ) لَقَدِ ادَّعٰی اَمْرًا عَظِیْمًا لَعَنَہُ اللّٰہُ کَانَ عَلِیٌّ علیہ السلام واللّٰہِ عَبْدُاللّٰہِ وَاَخُوْ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَا نَالَ الْکَرَامَۃَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا بِطَاعَتِہٖ لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) وَمَا نَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللّٰہُ علیہ وسلّم الْکَرَامَۃَ اِلَّا بِطَاعَتِہٖ (ثُمَّ قَالَ) وَکَانَ الَّذِیْ یَکْذِبُ عَلَیْہِ فَیَعْمَلُ تَکْذِیْبَ صِدْقِہٖ وَیَفْتَرِیْ عَلَی اللّٰہِ الْکِذْبَ عَبْدُاللّٰہِ ابْنُ سَبَا (ثُمَّ قَالَ) ذَکَرَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ اَنَّ عَبْدَاللّٰہِ بْنَ سَبَاءٍ کَانَ یَھُوْدِیًّا فَاَسْلَمَ وَوَالَ عَلِیًّا علیہ السّلام وَکَانَ یَقُوْلُ وَھُوَ عَلٰی یَھُوْدِیَّتِہٖ فِیْ یُوْشَعَ ابْنِ نُوْنٍ وَصِیُّ مُوْسٰی بِالْغُلُوِّ فَقَالَ فِیْ اِسْلَامِہٖ بَعْدَ وَفَاتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلّم فِیْ عَلِیٍّ مِثْلَ ذٰلِکَ وَکَانَ اَوَّلَ مَنْ اَشْھَرَ بِالْقَوْلِ بِرَفْضِ اِمَامَۃِ عَلِیٍّ علیہ السّلام (اِلٰی اَنْ قَالَ) وَمِنْ ھٰھُنَا قَالَ مَنْ خَالَفَ الشِّیْعَۃَ اَصْلُ الشِّیْعِ وَالرِّفْضِ مَاخُوْذٌ مِنَ الْیَھُوْدِیَّۃِ

marfat.com

یعنی امام عالی مقام فرماتے ہیں کہ اس شخص کے لئے جہنم ہے جس نے ہم پر جھوٹے بہتان باندھے ہیں اور ایک قوم ہمارے متعلق ایسی ایسی باتیں گھڑتی ہے جو ہم نہیں کہتے ہم ان سے بری ہیں اور اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ ہم ان سے بری ہیں امام عالی مقام نے دو دفعہ فرمایا (اس کے بعد) فرمایا کہ حضرت امام زین العابدین نے فرمایا ہے کہ جس شخص نے حضرت علی کو جھٹلایا اس پر اللہ کی لعنت ہے۔ میں نے ان کی خدمت میں عبداللہ بن سبا کا ذکر کیا تو اس کا نام سن کر آپ کے رونگٹے کھڑے ہو گئے اور فرمایا کہ اللہ کی لعنت ہو اس پر اس نے بڑی بات کا دعویٰ کیا تھا اور خدا کی قسم علی علیہ السلام اللہ کے بندے ہیں اور اس کے رسول کے بھائی ہیں (ﷺ) آپ نے جو بھی کرامت حاصل کی فقط اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کی فرمانبرداری کی وجہ سے حاصل کی ہے۔ اور رسول اللہ (ﷺ) نے اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری سے کرامت حاصل کی ہے۔ (پھر فرمایا) اور جو شخص حضرت علی پر جھوٹے بہتان باندھتا تھا اور آپ کی سچی باتوں کو جھوٹ کے ساتھ تعبیر کرتا تھا اور اللہ تعالیٰ پر افتراء باندھتا تھا وہ عبداللہ بن سبا تھا (اس کے بعد کہا) بعض علماء نے کہا ہے کہ عبداللہ بن سبا یہودی تھا۔ اسلام ظاہر کیا اور حضرت علی کا تولی اور ان کی محبت کا دم بھرنے لگا۔ جب یہودی تھا تو حضرت یوشع بن نون کو حضرت موسیٰ کا وصی (خلیفہ بلا فصل) کہنے میں غلو کرتا تھا اور اپنے اسلام کی حالت میں کہتا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد حضرت علی وصی (خلیفہ بلا فصل) ہیں اور سب سے پہلے جس شخص نے رفض کے ساتھ حضرت علی کی امامت بلا فصل کا قول کیا ہے۔ وہ عبداللہ بن سبا تھا (پھر کہا) اسی وجہ سے جو شخص بھی شیعہ کا مخالف ہے وہ یہی کہتا ہے کہ تشیع و رفض کی جڑ یہودیت ہے الخ۔

marfat.com

## شیعہ منافق ہیں

چونکہ اس تحریر سے میرا مقصد صرف مخلصانہ مشورہ ہے اور اہل بصیرت حضرات کی خدمت میں غور و فکر کرنے کی درخواست ہے۔ اگر اہل تشیع حضرات برانہ منائیں تو ان کو ائمہ معصومین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے چند ملفوظات اور بھی سناؤں۔ اور یہ مشورہ دوں کہ ائمہ معصومین چونکہ کذب اور جھوٹ سے مبرا اور منزہ ہیں۔ اس لئے ان کے کلام کو سچا جان کر اس پر ایمان لائیں۔

رجاء الکشی صفحہ ۱۹۳

قَالَ اَبُو الْحَسَنِ علیه السّلام مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ آيَةً فِي الْمُنَافِقِيْنَ اِلَّا وَهِيَ فِيْ مَنْ يَنْتَحِلُ الشِّيْعَةَ الخ

یعنی امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ سبحانہ نے جو آیات بھی منافقین کے بارے میں نازل فرمائی ہیں۔ تو ان منافقین سے مراد صرف وہی لوگ ہیں جو اپنے آپ کو شیعہ بیان کرتے ہیں۔ ۱۲

درحقیقت تقیہ سے زیادہ وجہ تشبیہ اور ہو ہی کیا سکتی ہے۔

اسی طرح کافی کتاب الروضہ صفحہ ۱۰۷ میں ہے۔ امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر میں اپنے شیعوں کو باقی لوگوں سے جدا کروں تو صرف زبانی وصف کرنے والے ہی پاؤں گا۔ اور اگر میں ان کے ایمان کا امتحان لوں تو تمام کے تمام مرتد دیکھوں گا اور اگر میں اچھی طرح چھان بین کروں تو ہزار میں سے ایک بھی نہ ملے گا۔ اس کے بعد فرمایا کہ یہ لوگ کہتے ہیں ہم علی کے شیعہ ہیں۔ حقیقتاً علی کا شیعہ وہی ہے جو ان کے قول و فعل کو سچا جانتا ہے اور رجاء الکشی صفحہ ۱۹۴ میں ہے کہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ ایسی قوم ہے جو گمان کرتی ہے کہ میں ان کا امام ہوں خدا کی قسم میں ان کا کوئی امام نہیں کیونکہ وہ لوگ اللہ کے ملعون ہیں۔ جتنی دفعہ بھی میں نے عزت کا سامان مہیا کیا۔ تو ان لوگوں نے اس کو خراب کیا ہے۔ اللہ ان کی

marfat.com

عزت کو خراب کرے۔ میں کچھ کہتا ہوں تو یہ لوگوں سے کہتے ہیں کہ میری مراد ظاہری الفاظ سے ہے۔ میں صرف انہی لوگوں کا امام ہوں جن لوگوں نے میری صحیح معنی میں تابعداری کی ہے اور اسی کتاب کے صفحہ ۱۹۸ میں ہے کہ امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ رات کو جب میں سوچتا ہوں تو سب سے زیادہ دشمن انہی لوگوں کو پاتا ہوں۔ جو ہماری محبت و تولی کا دم بھرتے ہیں۔

## قاتلین امام حسین

اب تھوڑا سا غور اس بات پر بھی کرلیں کہ امام عالی مقام سیدنا حسین ابن علی رضی اللہ عنہما کو کن لوگوں نے شہید کیا۔ اور وہ کون لوگ تھے۔ جنہوں نے مکرو فریب کے ساتھ لاتعداد دعوت نامے لکھے تھے۔

احتجاج طبرسی صفحہ ۱۵۷ حضرت سیدنا امام زین العابدین کوفیوں کو خطاب کر کے فرماتے ہیں کہ تم نہیں جانتے کہ تم ہی لوگوں نے میرے والد ماجد کی طرف خط لکھے اور تم ہی نے ان سے دھوکا کیا اور تم ہی لوگوں نے اپنی طرف سے عہد و پیمان باندھے، بیعت کی اور تم ہی لوگوں نے ان کو شہید کیا اور ان کو تکلیفیں دیں۔ پس جو ظلم تم نے کمائے ان کی وجہ سے ہلاکت ہے تمہارے لئے اور تمہارے برے ارادوں کے لئے۔ تم نے میری آل کو قتل کیا اور میرے خاندان کو تکلیفیں پہنچائیں۔ پس تم میری امت سے نہیں ہو۔ اور کتاب کشف الغمہ صفحہ ۱۸۷ پر اہل کوفہ کے دعوت ناموں کی بعینہ عبارت کی نقل موجود ہے۔ ملاحظہ فرماویں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم لِلْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ شِيْعَتِهٖ وَ شِيْعَةِ اَبِيْهِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْكَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ النَّاسَ مُنْتَظِرُوْكَ وَلَا أَرٰى لَهُمْ غَيْرَكَ فَالْعَجَلَ الْعَجَلَ يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

یعنی حضرت حسین ابن علی امیر المومنین کی طرف ان کے شیعوں کی

marfat.com

جانب سے یہ دعوت نامے ہیں۔ آپ پر اللہ تعالیٰ کا سلام ہو۔اس کے بعد گذارش ہے کہ لوگ آپ کے انتظار میں ہیں اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بغیر ان کی نگاہ کسی پر نہیں پڑ رہی۔ اے اللہ کے رسول (ﷺ) کا خانوادہ جلد از جلد تشریف لائیے (تاکہ یہ انتظار بھی ختم ہو)

کتاب مجالس المومنین صفحہ ۲۵۰ کی عبارت بھی ملاحظہ ہو کہ کوفہ میں کون لوگ تھے؟ جنہوں نے دعوت نامے بھیجے۔

باالجملہ تشیع اہل کوفہ حاجت بہ اقامت دلیل ندارد و سنی بودن کوفی الاصل خلاف ...ل و محتاج بدلیل است

...نی اہل کوفہ کا شیعہ ہونا محتاج دلیل نہیں بلکہ بدیہی امر ہے اور اہل کوفہ کا سنی ہونا ...ل و نقل کے خلاف ہے۔

اب ذرا ان کوفیوں کے متعلق اور محبت و تولی کے علمبرداروں کے متعلق امام عالی ...نام سیدنا زین العابدین رضی اللہ عنہ کا دوسرا ارشاد بھی سن لیں۔ کتاب مناقب ...عصومین صفحہ ۵۲ مطبوعہ ایران "اے شیعان، اے محبان لعنت خدا و لعنت رسول (ﷺ) بر تمامی اہل کوفہ و شام باد" یعنی اے شیعو! اے محبو! اللہ کی لعنت اور اللہ کے ...سول (ﷺ) کی لعنت تم تمام اہل کوفہ و شام پر ہو۔

غالباً ائمہ کرام کی جن روایات کو ظاہر کرنا ذلت کا موجب تھا اور جن کے چھپانے ...ے متعلق بانیان مذہب شیعہ نے تاکیدیں کی تھیں اور اس بارے میں روایتیں گھڑی ...یں۔ وہ یہی ائمہ کرام کی حدیثیں ہیں جن کا نمونہ پیش کر چکا ہوں۔ واقعی اگر ائمہ کرام ...ے یہ ارشادات لوگوں کو سنائے جائیں تو کون بے وقوف شیعہ مذہب اختیار کرے گا۔

تفسیر قمی صفحہ ۴۳، مطبوعہ ایران میں آیت کریمہ "اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِیْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ ...ذِیْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَ وُاالْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ☆ وَقَالَ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْا ...نْ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرَاتٍ

marfat.com

عَلَیْهِمْ وَمَاهُمْ بِخَارِجِیْنَ مِنَ النَّارِ (حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اس ک
تفسیر میں فرماتے ہیں اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَةِ تَبَرَّا کُلُّ اِمَامٍ مِّنْ شِیْعَتِهٖ وَتَبَرَّأَتْ کُل
شِیْعَةٍ مِنْ اِمَامِهَا۔ جب قیامت کا دن ہوگا تو ہر امام اپنے شیعہ سے بری ہوگا اور
شیعہ اپنے امام سے بری ہوگا، اور ان پر تبرا کرے گا۔

اسی طرح یہی روایت حضرت امام جعفر صادق سے اصول کافی صفحہ ۲۳۷
موجود ہے۔ وغیر ذلك مالا تحاط بالحد ولا تنتهی بالعد

## تقیہ کی ضرورت

ظاہر ہے کہ ائمہ صادقین کے یہ ارشادات اور یہ حدیثیں اہل تشیع کے لئے ظا
کرنا موت کا پیغام تھا تو ان کو چھپانے کے لئے کیوں نہ تقیہ کے باب باندھے جاتے۔

حضرات! ان روایات کا نمونہ جو میں نے پیش کیا ہے اس سے اہل تشیع کے مذہ
کی ایک جہت سے تائید بھی ہوتی ہے کہ انہوں نے اپنے اماموں کے ارشادات کو خو
چھپایا اور خوب ان پر پردہ ڈالا کہ ائمہ صادقین پر اتہام تقیہ لگا کر ان کے کسی قول ا
فعل کو یقین کے قابل نہ چھوڑا اور ان کے ارشاد و اعمال کے خلاف ایک مذہب گھڑ
ان پر پردہ ڈال دیا۔ مگر جس طرح اہل تشیع کے مذہب میں صحیح اور سچی بات کو چھ
فرض ہے۔ اسی طرح اہل السنۃ کے مذہب میں صحیح اور سچی بات کو ظاہر کرنا فرض۔
اس لئے مجبوراً اظاہر کی ہیں اور وہ بھی بہت کم تاکہ اہل تشیع حضرات برا نہ منائیں۔ ور
سخن بسیار است۔

صاحب کشف الغمہ نے اہل السنت غریبوں کو تو اس اتہام سے کوسا کہ وہ ا
طاہرین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے روایتیں نہیں لیتے بلکہ ان کی روایات
پھینک دیتے ہیں۔ (نقل کفر کفر نباشد) اس لئے ائمہ طاہرین کی روایات شیعان و محبا
کی مستند و معتبر کتابوں سے ہی لینا پڑیں تاکہ شیعان اور محبان سیاہ پوشان تو کم از کم ا
کرام کے ارشادات اور ان کے فرامین کو سچا مانیں اور ان پر ایمان لا کر صحیح نصب العی

marfat.com

مقرر فرماویں۔ اور ائمہ طاہرین، معصومین، صادقین کی تصریحات کے خلاف خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہ اجمعین کے حق میں من گھڑت قصے کہانیوں کی بنا پر غاصب یا ظالم کہنا چھوڑ دیں۔

خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے متعلق قطعی اور یقینی علم ہر لحاظ سے ائمہ صادقین ہی کو ہو سکتا ہے۔ ان کے ارشادات کو دیکھیں جو خلفائے راشدین کے مناقب میں خود اہل تشیع کی مستند و معتبر کتابوں میں حد و حساب سے باہر ہیں جن کا نمونہ عرض کر چکا ہوں۔ جن کے اعمال ناموں کے ساتھ مولا علی رشک فرماویں۔ جن کو حضرت علی امام الہدیٰ اور شیخ الاسلام فرماویں جن کے متبعین کو صراط مستقیم پر پکا یقین فرماویں۔ جن کی اتباع کو سراسر ہدایت یقین فرماویں۔ ان تمام ارشادات کے برعکس ان کو ظالم اور غاصب کہنا سراسر حضرت علی المرتضیٰ اور باقی ائمہ کی تکذیب ہی ہے اس کے سوا انصاف سے بتائیے اور کیا ہے؟

## باغ فدک

جہلا اور ان پڑھ و ناواقف لوگوں کو باغ فدک کے قصے گھڑ کر سنانا اور ان کو ائمہ صادقین کے صریح غیر مبہم اور واضح ارشادات سے منحرف کرنا چھوڑ دو۔

غور سے سنئے فدک کے متعلق اصول کافی صفحہ ۳۵۱

وَكَانَتْ فِدَكُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى اللّٰهُ عليه وسلم خَاصَّةً لِاَنَّهٗ فَتَحَهَا وَاَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ لَمْ يَكُنْ مَعَهُمَا اَحَدٌ فَزَالَ عَنْهُ اسْمُ الْفَيْءِ وَلَزِمَهَا اسْمُ الْاَنْفَالِ

یعنی فدک صرف رسول اللہ ﷺ کا تھا کیونکہ اس کو صرف رسول اللہ ﷺ ہی نے فتح کیا تھا اور امیر المومنین نے جن کے ساتھ اور کوئی نہیں تھا۔ تو اس کا نام فئی نہیں ہو سکتا بلکہ اس کا نام انفال ہے۔

اب یہ تحقیق کہ اس غزوہ میں حضور اقدس ﷺ کے ساتھ بجز حضرت علی کے

marfat.com

اور کوئی صحابی نہ تھا۔ واقف حال حضرات پر چھوڑتے ہیں۔ سر دست صرف اتنی گزارش کرتے ہیں کہ کافی کی تصریح سے اتنا تو واضح ہو گیا کہ فدک فئی نہیں تھا۔ بلکہ انفال تھا۔ تو اب انفال کے متعلق حضرت امام عالی مقام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کا واضح اور کھلا فیصلہ ملاحظہ فرمالیں۔

اصولی کافی صفحہ نمبر ۳۵۲

قَالَ الْاَنْفَالُ مَالَمْ یُوْجَفْ عَلَیْهِ بِخَیْلٍ وَّلَا رِکَابٍ اَوْقَوْمٌ صَالَحُوْا اَوْ قَوْمٌ اَعْطَوْا بِاَیْدِیْهِمْ وَکُلُّ اَرْضٍ خَرِبَةٍ اَوْبُطُوْنِ اَوْدِیَةٍ فَهُوَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وسلم وَهُوَ لِلْاِمَامِ بَعْدَهٗ یَضَعُهٗ حَیْثُ یَشَآءُ

امام عالی مقام انفال کی تعریف اور اس کا حکم بیان فرماتے ہیں کہ انفال وہ ہوتا ہے جس کا حصول فوج کشی کے ساتھ نہ ہو یا دشمن جنگ کی مصالحت پر پیش کرے یا ویسے کوئی قوم کسی حکومت اسلامیہ کو اپنے اختیار سے دے یا وہ زمین جو لاوارث غیر آباد چلی آتی ہو یا دریاؤں اور پہاڑی نالوں کا پیٹ ہو تو یہ سب انفال ہیں حضور ﷺ کے زمانہ اقدس میں انفال کے واحد مالک رسول اللہ ﷺ تھے۔ آپ کے بعد جو امام اور خلیفہ ہوگا وہی مالک ہوگا۔ جس طرح چاہے اس کو خرچ کرے۔

اسی طرح فروع کافی صفحہ ۶۲۶ ملاحظہ فرمائیں اور اصول کافی صفحہ ۳۵۱ پر بھی فدک کو انفال ثابت کیا گیا ہے۔ تو فدک کا انفال ہونا جب تسلیم کر لیا گیا اور انفال کے متعلق یہ تسلیم کر لیا گیا کہ امام اور خلیفہ اس کے تصرف میں مختار عام ہے اور خلفائے راشدین کی امامت بحوالہ شافی و تلخیص الشافی و نہج البلاغۃ وابن میثم وغیرہ ثابت اور محقق ہو چکی ہے اور بحوالہ کشف الغمہ ان کی صدیقیت اظہر من الشمس ہے اور بحوالہ ابن میثم و نہجہ البلاغۃ و کافی وغیرہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا ان کے ہاتھ پر بیعت کرنا ثابت ہو چکا ہے اور حضرت امام عالی مقام سیدنا حسین رضی اللہ عنہ نے غیر مستحق

marfat.com

خلیفہ کے ہاتھ پر بیعت نہ کرنے کا فتویٰ قیامت تک نہ مٹنے والے نقوش کے ساتھ دے دیا ہے۔ تو پھر ان ائمہ ہدیٰ نے اگر فرض بھی کر لیں کہ حسب ادعاء شیعہ فدک کو تقسیم نہیں فرمایا۔ تو اللہ اور اس کے رسول ﷺ اور ائمہ صادقین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے عین مذہب و عین دین کے مطابق عمل فرمایا۔ پھر ظلم اور غصب کے اتہامات کس قدر لغو اور بے معنی ہیں۔ آخر حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اور امام عالی مقام سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے اور امام عالی مقام سیدنا حسن رضی اللہ عنہ اور امام سیدنا زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اور امام سیدنا محمد باقر رضی اللہ عنہ اور امام عالی مقام سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے بھی تو یہی سنت اختیار فرمائی اور فدک کا تقسیم کرنا جائز نہ سمجھا۔ اسی طریقے پر عمل در آمد فرمایا جس طریقے پر کہ خلفائے راشدین نے فرمایا تھا۔

یقین نہ آئے تو اہل تشیع کی معتبر ترین کتاب کشف الغمہ صفحہ ۱۴۷ سطر ۲۳ ملاحظہ فرماویں کہ سب سے پہلے عمر بن عبدالعزیز خلیفہ بنو امیہ کا فدک کو تقسیم کرنا مرقوم ہے۔

## راویوں کا تجزیہ

اہل السنّت والجماعت پر اعتراض کرنے سے پہلے اہل السنّت والجماعت کے مذہب کے متعلق واقفیت ضروری ہے۔ ذاکرین اہل تشیع جب اپنے اصول مذہب سے ناواقف ہیں تو اہل السنّت والجماعت کے اصول کیونکر سمجھ سکتے ہیں۔ میاں!! اہل السنّت والجماعت کے مذہب کا اصل الاصول یہ ہے کہ حدیث کی صحت یا ضعف، راوی کی صحت یا ضعف پر موقوف ہے۔ اگر حدیث کا راوی صحیح العقیدہ، سچا صحیح حافظہ والا ہے تو اس کی روایت کو صحیح مانا جائے گا۔ ورنہ روایت ضعیف کہلائے گی۔ فدک والی روایت میں ایک شخص محمد بن مسلم ہے جس کو ابن شہاب زہری بھی کہتے ہیں۔ صرف یہی راوی یہ روایت کرتا ہے۔ اس کے ساتھ دوسرا کوئی شاہد نہیں اور یہ ابن شہاب زہری اہل تشیع کی اصول کافی میں بیسیوں جگہ روایتیں کرتا نظر آتا ہے۔ اور اہل تشیع کی فروع

marfat.com

کافی نے تو اس کی روایتوں کے بل بوتے پر کتاب کی شکل اختیار کی ہے تو بھائیو! اہل تشیع کے اس قدر مشہور اور معروف کثیر الروایت آدمی کی روایت سے اہل السنت پر الزام قائم کرنا اور ائمہ صادقین کو جھٹلانا عجیب نظر و فکر ہے۔ اگر اہل تشیع کے راویوں کی روایات اہل السنت کے لئے قابل توجہ ہوتیں۔ تو پھر بخاری ہو یا کافی کلینی اس میں کیا فرق تھا۔ آپ کی مزید تسلی کے لئے اسی محمد بن مسلم بن شہاب زہری صاحب کو کتاب منتہی المقال یا رجال بو علی میں شیعوں کی صف میں بے نقاب بیٹھا ہوا دکھاتے ہیں۔ دیکھو کتاب رجال بو علی جہاں صاف لکھا ہوا ہے کہ محمد بن مسلم بن شہاب زہری شیعہ ہے تو فدک کا جھگڑا اب تو ختم کرو۔ ہم ابن شہاب زہری کو اچھا سمجھتے۔ اگر گھر کے بھیدی یہ بھید نہ کھولتے۔ اس کے باوجود بھی اس کی روایت پر غور کرتے۔ اگر کوئی ایک دوسرا بھی اس کے ساتھ مل کر شہادت دیتا۔ اہل السنت والجماعت غریب اس قدر مظلوم ہیں کہ ان کے مذہب کے خلاف۔ اگر کوئی شیعہ اور وہ بھی اکیلا روایت کرے تو اس کو اہل سنت پر بطور الزام پیش کیا جاتا ہے۔ اور اہل تشیع اس قدر با اختیار ہیں کہ ان کی اپنی کتابوں میں ائمہ معصومین کی سند سے کوئی حدیث بیان کی جائے تو ان کو یہ کہنے میں کچھ تامل نہیں ہوتا کہ یہ امام اکیلے روایت کرتے ہیں۔ ان کے ساتھ کوئی دوسرا شاہد نہیں لہٰذا یہ خبر آحاد ہے اور قابل اعتبار نہیں (دیکھو تلخیص الشافی جلد ۱ صفحہ ۴۲۸ مطبوعہ نجف اشرف یہ عبارت گزر چکی ہے)۔

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

اب رہا یہ سوال کہ اہل سنت کی کتاب میں شیعہ صاحب نے روایت کو کیسے لکھ دیا تو اس کے جواب میں ہمارا صرف یہ کہنا کہ ہمیں پتہ نہیں چلنے دیا۔ کافی ہو سکتا ہے میاں! جب پہلے زمانہ میں نہ چھاپہ خانے تھے۔ نہ کاپی رائٹس محفوظ کرائے جاتے تھے۔ قلمی کتابیں تھیں۔ ہر شخص نقل کر سکتا تھا۔ علی الخصوص وہ لوگ جن کا مذہب و دین

marfat.com

ہی تقیہ و کتمان ہو۔ نہایت آسانی کے ساتھ تشریف لا سکتے تھے اور علمائے اسلام کے نہایت محبّ بن کر ان کی کتابوں میں حسب ضرورت کارستانیاں کر سکتے تھے اس پر بھی ثبوت کی ضرورت ہو تو قاضی نور اللہ شوستری کی مشہور ترین کتاب مجالس المومنین صفحہ ۲ مطالعہ فرمالیں۔ کہ ہم لوگ شروع شروع میں سنی، حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی بن کر اہل سنت کے استاذ اور ان کے شاگرد بنے رہے۔ ان سے روایتیں لیتے تھے۔ ان کو حدیثیں سناتے تھے اور تقیہ کی آڑ میں اپنا کام کرتے رہے۔ کتاب ایران کی چھپی ہوئی ہے۔ فارسی زبان میں ہے ہر شخص مطالعہ کر سکتا ہے۔ تو یہ کیا مشکل تھا۔ کہ اسی آڑ میں کسی غریب سنی کی کتاب میں یہ کار فرمائی بھی کر لی ہو۔

## حدیث کو پرکھنے کی کسوٹی

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کے حوالہ سے کہنا کہ انہوں نے بخاری شریف کی تمام روایات کو برحق اور صحیح ہی تسلیم فرمایا ہے۔ غلط اور جھوٹ ہے۔ شاہ صاحب مرحوم فقط مرفوع حدیث کے متعلق صحت کا دعویٰ کرتے ہیں اور باغ فدک کی تقسیم نہ کرنے کی روایت مرفوع نہیں۔ (مرفوع حدیث صرف وہی ہوتی ہے جو رسول کریم ﷺ کا ارشاد ہو یا حضور ﷺ کا عمل ہو یا حضور ﷺ نے اپنے زمانہ اقدس میں کوئی عمل ملاحظہ فرمانے کے بعد اس کو جائز اور برقرار رکھا ہو۔ دیکھو فن حدیث شریف کے متعلق علمائے حدیث کی تصریحات) اور فدک کے متعلق روایات بعد کے واقعات پر مشتمل ہو سکتی ہیں۔ اگر ہم اہل تشیع کے اس راوی کو سچا بھی مان لیں اور غیر مذہب ہونے کے باوجود اس کی روایت کو اپنی کتاب میں لکھ بھی لیں۔ اور یہ بھی تسلیم کریں کہ خود ہم نے اس کی روایت کو اپنی کتاب میں لکھا ہے۔ تو پھر بھی ہمارے اصول کے مطابق بلکہ اہل تشیع کے اصول کے مطابق یہ روایت قابل حجت نہیں۔ کیونکہ صرف ایک راوی ہے لہٰذا خبر آحاد ہے اور خبر آحاد حجت نہیں ہوتی۔ اہل سنت کے اصول کو نظر انداز کر کے خود اہل تشیع کے امام الطائفہ ابو جعفر طوسی کی

marfat.com

کتاب تلخیص الشافی جلد ۲ صفحہ ۴۲۸ کا مطالعہ کریں جہاں صاف لکھا ہے کہ خبر آحاد نا قابل حجت ہوتی ہے۔ جیسا کہ بیان ہو چکا ہے اور غریب اہل السنّت والجماعت ائمہ کرام کی روایات کو تو سر آنکھوں پر تسلیم کرتے ہیں۔ اور اگر کسی غیر مذہب کی منفرد روایت کو بھی اس طرح تسلیم کریں کہ جس کے تسلیم کرنے سے تمام آئمہ طاہرین کی بھی تکذیب لازم آتی ہو۔ شان رسالتمآب ﷺ کے متعلق بھی برا عقیدہ لازم آتا ہو تو بھائی ہمیں اس کجروی سے معاف رکھئے۔ ہم سے یہ توقع رکھ کر ہم پر الزام قائم نہ کریں۔ ہمارا اتنا حوصلہ نہیں۔ ہم تو اس قصے کو الف لیلیٰ سے زیادہ وقعت نہیں دے سکتے۔ فدک کے متعلق مزید تحقیق دیکھنا چاہیں تو کتاب "بنیات" مولفہ جناب سید محمد مہدی علی خانصاحب تحصیلدار مرزاپور جلد دوم مطالعہ فرماویں۔ یہ حقیقت ہے کہ تحصیلدار صاحب موصوف کے دلائل اور بحث نہایت محققانہ اور فاضلانہ ہے جن دلائل کو اور جس بحث کو صاحب موصوف نے قلمبند فرمایا ہے۔ انہی کا حصہ ہے۔

تحصیلدار صاحب کی وسعت نظر اور ان کی مبصرانہ بحث قابل تحسین ہے۔ میں گزارش کر رہا تھا کہ ائمہ معصومین کی تصریحات کے بالمقابل اس قسم کی روایات گھڑنا اور ان کے صریح ارشادات کے معانی و مطالب میں غلط تصرفات اور نامعقول تبدیلیاں کرنا اور بعید از قیاس مفہومات بیان کر کے اللہ کے مقدس گروہ کی شان میں سبّ وشتم کے لئے منہ کھولنا حد درجہ جسارت اور (گستاخی معاف)۔ حد درجہ بے ایمانی ہے۔ اہل السنّت والجماعت کے مذہب کے خلاف اعتراض کرنے اور ان پر کوئی بھی الزام لگانے سے پیشتر یہ ضرور مد نظر رکھا جائے کہ ان کے مذہبی اصول کیا ہیں۔ اہل السنّت والجماعت کے سامنے کوئی بھی روایت پیش کی جائے تو سب سے پہلے ان کی نگاہیں سند کو تلاش کرتی ہیں۔ سند کے تمام اشخاص ان کی کتب اسمائے رجال کی تصریح کے مطابق اگر اہل سنت سچے، راستباز، صحیح حافظہ والے ثابت ہو جائیں تو پھر بے دھڑک ان پر ایسی روایات کو بطور الزام پیش کیا جا سکتا ہے۔ اور اگر سند میں ایک راوی

marfat.com

بھی بدمذہب جھوٹا، سئی الحفظ، دھوکا دینے والا ثابت ہو جائے۔ تو اس روایت کو الزام دینے والے کے گلے میں لٹکا دیتے ہیں کیونکہ ان کا مذہب اس قسم کی روایات پر مبنی نہیں۔ فرض بھی کرلیں کہ اس قسم کی روایات اہل سنت کی کتابوں میں کسی تقیہ باز کی کرم فرمائی کی وجہ سے درج ہوں۔ مگر ان کی نگاہ امتیاز سے ہر وقت بچنا چاہئے۔ اِتَّقُوْا مِنْ فِرَاسَةِ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ (مومن کی فراست سے بچو کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے) بلکہ اہل سنت کے ہاں روایت کی جانچ پڑتال کے لئے علم الاسناد کے علاوہ حدیث متواترہ اور قرآن کریم بھی ہے۔ کہ جو روایت قرآن حکیم اور احادیث متواترہ کے برخلاف ہوگی۔ اس کو ناقابل عمل و ناقابل تسلیم کا درجہ دیتے ہیں۔ خواہ ایسی روایت کی سند کے متعلق کسی قسم کا تبصرہ نہ بھی کیا گیا ہو۔ غرضیکہ صداقت وسچائی وراست بازی کا پورا پورا خیال رکھتے ہیں۔ اور اسی کو ہر روایت ودرایت کا مبنی علیہ یقین کرتے ہیں۔ اور اسی پر ان کے مذہب کی بنا ہے۔

کاش اہل تشیع بھی کم از کم ایسے لوگوں کی روایت پر عمل نہ کرتے۔ جن کو ائمہ صادقین نے ان کی اپنی کتابوں میں کذاب (بڑا جھوٹا) وضاع (من گھڑت) روایتیں گھڑنے کا بہت زیادہ عادی و لعنتی وغیرہ کلمات کے ساتھ سرفراز فرمایا۔ تو مجھے یقین کامل ہے کہ شیعہ سنی نزاع دیکھنے میں نہ آتا۔ مثلاً اہل تشیع کی مخصوص روایتوں کے راویوں کو رجاء الکشی وغیرہ میں دیکھئے اور میری اس گزارش کی تصدیق کیجئے اور جن راویوں کے متعلق ائمہ معصومین نے مذکورہ بالا کلمات نہیں فرمائے۔ تو ان کی روایتیں کلیتہً نہیں تو بالاکثریت اہل السنت والجماعت سے ملتی جلتی ہیں جن کو بغرض خیر خواہی اہل تشیع کی خدمت میں پیش کیا گیا ہے اور باقی علماء حضرات بھی پیش کرتے رہتے ہیں۔

## نماز جنازہ میں تکبیریں

عقائد کے متعلق تو نمونہ کے طور پر بعض روایتیں پیش کی گئی ہیں۔ اعمال کے متعلق بھی ایک روایت مثال کے طور پر پیش کی جاتی ہے جو نماز جنازہ میں تکبیروں کی

marfat.com

تعداد کے بارے میں فروع کافی جلد ا صفحہ ۹۵ پر درج ہے۔

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ اُمِّهٖ اُمِّ سَلْمَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِاللّٰهِ علیه السلام يَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا صَلّٰى عَلٰى مَيِّتٍ كَبَّرَ وَتَشَهَّدَ ثُمَّ كَبَّرَ ثُمَّ صَلّٰى عَلَى الْاَنْبِيَاءِ وَدَعَا ثُمَّ كَبَّرَ الرَّابِعَةَ وَدَعَا لِلْمَيِّتِ ثُمَّ كَبَّرُوْا نصرف فَلَمَّا نَهَى اللّٰهُ عزوجل عَنِ الصَّلٰوةِ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ كَبَّرَ وَتَشَهَّدَ ثُمَّ كَبَّرَ وَ صَلّٰى عَلَى النَّبِيِّيْنَ صلی اللّٰه علیهم وسلم ثُمَّ كَبَّرَ فَدَعَا لِلْمُؤْمِنِيْنَ ثُمَّ كَبَّرَ وَانْصَرَفَ وَلَمْ يَدْعُ لِلْمَيِّتِ

یعنی حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے بھانجے حضرت محمد ابن مہاجر، اپنی والدہ ماجدہ سے روایت فرماتے ہیں کہ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ "شروع میں" جب میت پر نماز جنازہ پڑھتے تھے تو تکبیر کہتے تھے۔ پھر شہادت پڑھتے تھے پھر تکبیر کے بعد انبیاء علیہم السلام پر درود شریف پڑھتے تھے اور دعا مانگتے تھے۔ پھر چوتھی تکبیر کے بعد میت پر دعا مانگتے تھے۔ پھر پانچویں تکبیر کے بعد سلام پھیرتے تھے۔ پھر جب اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو منافقوں پر نماز جنازہ پڑھنے سے منع فرمایا تو اس کے بعد ہمیشہ جنازہ میں چار تکبیریں پڑھتے تھے اس ترکیب کے ساتھ کہ پہلی تکبیر کے بعد شہادت دوسری تکبیر کے بعد درود شریف تیسری تکبیر کے بعد مومنین (احیاء و اموات) کیلئے دعا فرماتے تھے۔ پھر چوتھی تکبیر کہہ کر سلام پھیرتے تھے۔ ۱۲

اب منافقوں پر پانچ تکبیریں اور مومنین پر چار تکبیریں پڑھا جانا ائمہ معصومین کی روایت سے کس طرح واضح ہے اور امام عالی مقام کی روایت سے روز روشن سے بھی زیادہ واضح ہو گیا کہ جب منافقین پر نماز جنازہ پڑھنے سے منع فرمایا گیا تو اس کے بعد ہمیشہ چار تکبیریں ہی پڑھی جاتی تھیں۔ منافقوں پر نماز جنازہ پڑھنے سے اس آیت

marfat.com

کریمہ کے ذریعہ منع فرمایا گیا۔ **ولا تُصَلِّ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا** (کہ اے اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول (ﷺ) آپ کبھی کسی منافق پر نماز جنازہ نہ پڑھیں) اب اہل تشیع نے جو پانچ تکبیریں اپنے مذہب میں رائج کر رکھی ہیں اس کی یہی وجہ سمجھ میں آسکتی ہے کہ اہل تشیع کے اسلاف نے اپنے میتوں پر جو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔ تو اسی کو اپنالیا اور جب منافقین پر نماز جنازہ ممنوع ہوئی تو اہل تشیع کے اسلاف حسب ارشاد باری عزاسمہ **ولتعرفنهم بسیماهم** تقیہ کے پردے میں نہ چھپ سکنے کی وجہ سے غالباً غیر حاضر رہتے ہوں گے۔ اسی لئے جو انہوں نے آنکھوں سے نہیں دیکھی۔ اس کو جائز نہ سمجھا تاہم ائمہ صادقین کے ارشاد پر ان کو اور نہیں تو تقیۃً ایمان لانا چاہیے تھا اور بظاہر اس پر عمل کرتے ہوئے چار تکبیریں ہی نماز جنازہ میں پڑھتے مگر منشی قضاء و قدر نے ان دو قسموں کی نماز جنازہ کو دونوں فرقوں کی قسمت میں الگ الگ لکھ دیا ہے۔ ورنہ مومنین پر چار تکبیر والی نماز جنازہ خود اہل تشیع کی معتبر ترین کتاب کافی میں ائمہ معصومین سے مروی ہے اور اسی پر ہمیشہ کا معمول رہنا فرمایا گیا ہے جیسا کہ امام جعفر صادق کی حدیث میں واضح طور پر موجود ہے جو ابھی بیان ہو چکی ہے اب تقدیر کو تدبیر کیسے بدل سکتی ہے۔

## ائمہ معصومین کے صاحبزادوں کے اسماء گرامی

یہ بات بھی غور طلب ہے کہ ائمہ معصومین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے اپنے فرزندوں دلبندوں کے نام مبارک ابو بکر، عمر، عثمان رکھے ہیں۔ اور اہل تشیع کی تقریباً ہر کتاب میں جہاں بھی ائمہ معصومین کی اولاد معصومین کا بیان اور ان کے اسمائے گرامی کا ذکر آتا ہے۔ یہ حقیقت واضح ہے۔

جلاء العیون مصنفہ باقر مجلسی میں بالتصریح موجود ہے۔ اور کشف الغمہ صفحہ ۱۳۲، ۲۲۴ پر حضرت سیدنا امام عالی مقام علی کرم اللہ وجہہ کے ایک صاحبزادے صاحب کا نام مبارک ابو بکر دوسرے کا نام مبارک عمر، تیسرے کا نام مبارک عثمان، موجود ہے

marfat.com

اور یہ بھی تصریح ہے کہ یہ تینوں حضرات اپنے بھائی کے ساتھ میدان کربلا میں شہید ہوئے۔ جلاء العیون میں ہے کہ امام عالی مقام شہید کربلا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایک فرزند کا نام عمر ہے جو علی اکبر کے نام سے مشہور تھے۔ کشف الغمہ صفحہ ۱۷۱ میں ہے کہ امام عالی مقام سیدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے ایک صاحبزادہ صاحب کا نام مبارک ابو بکر دوسرے کا نام مبارک عمر ہے۔ کشف الغمہ صفحہ ۲۰۰ میں ہے کہ امام عالی مقام سیدنا علی بن الحسین زین العابدین رضی اللہ عنہم کے ایک صاحبزادے صاحب کا نام مبارک عمر ہے کشف الغمہ صفحہ ۲۴۳ میں امام عالی مقام ابو الحسن موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کے ایک صاحبزادے صاحب کا نام مبارک ابو بکر ہے۔ دوسرے کا نام عمر ہے۔

وقت تحریر چونکہ میرے پاس جلاء العیون موجود نہیں ورنہ اس کے صفحات بھی درج کرتا۔ صفحات یاد نہیں ہیں۔ علماء حضرات کتاب دیکھ کر صفحات لگالیں۔

کتاب ناسخ التواریخ میں ہر ایک امام کے فرزندوں کے نام اور ان کے فرزندوں کے فرزندوں کے نام حتی کہ کئی پشتوں تک ابو بکر، عمر، عثمان ہیں۔

اب جن مقدس ہستیوں نے اپنے دلبندوں کے نام ابو بکر، عمر، عثمان رکھے تھے۔ بہر صورت وہی ہستیاں ان کے مراتب اور فضائل سے زیادہ واقف ہو سکتی ہیں نہ کہ ساڑھے تیرہ سو سال کے بعد آنے والے لوگ (اور اگر گستاخی نہ ہو) تو ایسے لوگ جو قرآنِ کریم کی کسی آیت کا صحیح ترجمہ کرنا تو کجا خود صحیح تلاوت کرنے سے بھی نابلد ہیں۔ علوم عربیہ پر مہارت تو بڑی دور کی چیز ہے۔ نام کے واقف بھی نہیں تو ایسے لوگوں کو یہ حق کہاں سے پہنچتا ہے؟ کہ ائمہ دین کے واضح طرز عمل کے خلاف ان تصریحات کے مناقض و برعکس خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی اعلیٰ وارفع شان کے متعلق کوئی نظریہ قائم کریں اور اسی من گھڑت عقیدے کے تحت اللہ کے مقبولوں کے نام لے کر ان کے حق میں سب بکنا عبادت تصور کریں اتنا تو ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ اپنی اولاد کا نام بہتر سے بہتر رکھا جاتا ہے۔ آئندہ اولاد کی

marfat.com

ت--نام رکھنے میں تو ایک غریب سے غریب آدمی بھی بچے کا نام شاہجہان رکھنا
پسند کرتا ہے مگر یہ کبھی نہیں دیکھا کہ کسی نے بھی اپنے فرزند دلبند کا نام ایسار کھا ہو
ں کو وہ برا مانتا ہے۔ مثال کے طور پر کوئی بڑے سے بڑا محب اپنے لڑکے کا نام ابن
یا شمر، یزید وغیرہ نہیں رکھ سکتا۔ تو تمام ائمہ کرام اپنے فرزندوں، امام زادوں کے
یسے کیوں رکھ سکتے تھے جن کو وہ اچھا نہ جانتے ہوں۔ معلوم ہوا کہ ان کے نزدیک
بکر، عمر، عثمان انتہا درجہ فضل وکمال، تقدس اور رفعت شان پر فائض ہستیاں تھیں
ا کہ پہلے اوراق میں ائمہ معصومین کی تصریحات کو بطور نمونہ پیش بھی کر چکا ہوں۔

ے نام سے اجتناب

اگرچہ اہل عقل کے نزدیک ائمہ معصومین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا اپنے
ندوں کا نام ان مقدس ہستیوں کے نام پہ رکھنا ان کے علو مرتبت و رفعت شان
بڑی زبردست دلیل ہو سکتی ہے۔ مگر ہم یہ بھی بتائے دیتے ہیں کہ اہل تشیع کی
رترین کتابوں میں یہ تصریح بھی موجود ہے کہ ائمہ طاہرین کے نزدیک کسی ایسے
ں کا نام اپنی اولاد کیلئے تجویز کرنا جس پر اللہ تعالیٰ خوش نہ ہو یہ ہرگز جائز نہیں۔ مثال
طور پر کشف الغمہ صفحہ ۲۴۴ جہاں حضرت امام ابو الحسن موسیٰ رضا اور امام جعفر
ق صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہما دونوں اپنے ایک شیعہ یعقوب سراج کو حکم دے
ے ہیں۔ کہ کل جو تو نے اپنی لڑکی کا نام رکھا ہے۔ جلد اس کو بدل لو کیونکہ یہ ایسے
ں کا نام ہے جس پر خدا خوش نہیں۔ تو جو دوسروں کی اولاد کا نام بدلنے کا حکم دے
ے ہیں وہ اپنے فرزندوں کے نام ایسے کیوں تجویز کرتے جو اللہ کے پیارے نہیں تھے
جن کو وہ بہتر نہیں جانتے تھے۔

ب لطیفہ

کئی دوستوں نے ایک عجیب لطیفہ سنایا کہ شہر سرگودھا میں ایک آنکھوں کے ڈاکٹر
جن کے پاس جب کوئی ایسا مریض جاتا ہے جس کا نام صدیق یا عمر یا عثمان ہو تو پہلے

marfat.com

تواس کو زیر علاج رکھنے سے ہی انکار کر دیتے ہیں۔ اور اگر کوئی نا قابل رد سفارش
جاتا ہے تو پھر اس غریب کو ہمیشہ کیلئے آنکھ کے مرض سے بے نیاز کر دیتے ہیں۔
تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس قسم کے آئی سپیشلسٹ محب ائمہ معصومین کے ز
میں علاج کی خدمات پیش نہ کر سکے ورنہ ان کا نور دیدہ ائمہ کے ساتھ بھی یہی سلو
ناگزیر تھا جو نہی وہ مقدس ہستیاں اپنا نام ابو بکر یا عمر یا عثمان بتاتیں ادھر دستِ محبت ش
محبت کا مظاہرہ کر گزرتا۔ ایسے ڈاکٹر صاحب کا یہ نظریہ بھی خارج از حکمت نہیں کیو
ابو بکر و عمر، عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو آنکھ کے ساتھ نسبت بھی تو ہے۔ دیکھئے
تشیع کی معتبر ترین کتاب معانی الاخبار مطبوعہ ایران صفحہ ۱۱۰ جہاں امام عالی مقام
حسن رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ابو بکر میری آ
ہے عمر میرے گوش مبارک ہیں عثمان میرا دل منور ہے اور تفسیر امام حسن عسکری
السلام مطبوعہ ایران صفحہ ۱۶۴ و ۱۶۵ کہ جہاں حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ ابو بکر بمنز
میری آنکھ کے ہے تو ایسی صورت میں محبت و تولی کا سارا مظاہرہ آنکھ ہی کے مت
پیش کرنا زیادہ مناسبت رکھتا ہے۔

## وائے افسوس!

حضرت انتہائی تعجب ہوتا ہے کہ جو لوگ اپنے روزمرہ مشغلہ کے متعلق
تاریخ سے اس قدر بے خبر ہیں کہ ان کو ائمہ معصومین کے نام تک معلوم نہیں ان
واضح ترین طرز حیات و تصریحات اور لائحہ عمل تو در کنار محض جہالت پر مبنی ایک
ساختہ دھرم پر کیوں اتر آتے ہیں چونکہ صاحب کشف الغمہ نے اہل السنت والجما
کے متعلق بڑے شدومد کے ساتھ اتہام باندھا تھا۔ کہ وہ ائمہ معصومین کی روایا
نہیں مانتے۔ اسی خوف سے میں نے اہل تشیع ہی کی معتبر ترین کتابوں کو حاصل کر
ان سے صرف وہی روایتیں جو ائمہ طاہرین معصومین سے ہیں اور جن کے متعلق
کامل ہے کہ محبت و تولی کا دم بھرنے والے ایسی روایتوں کو سر آنکھوں پر رکھیں گے

marfat.com

ھتے ہی ایمان لائیں گے۔ اہل عقل وانصاف کی خدمت میں پیش کی ہیں۔
یہ رسالہ گویا کلمۃ باقیہ ہے اللہ تعالیٰ منظور فرمائے اور اپنے مقبولین کے طفیل اہل
اف و دانش کو اس سے ہدایت بخشے اور مجھ غریب کو جزائے خیر سے سر فراز فرما
ے۔ آمین ثم آمین۔

وَمَا تَوْفِيْقِیْ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

فقیر محمد قمرالدین سیالوی غفراللہ لہ
سجادہ نشین آستانہ اقدس سیال شریف (ضلع سرگودھا)
بتاریخ ۱۸۔ ربیع الآخر ۱۳۷۷ھ یوم الاثنین

marfat.com

# خوشخبری

مشہور و معروف محدث و مفسر حضرت علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی ؒ کا عظیم شاہ

## تفسیر مظہری

جس کا جدید اور مکمل اردو ترجمہ ضیاء المصنفین بھیرہ شریف نے اپنے
نامور فضلاء سے اپنی نگرانی میں کروایا ہے۔

---

مشہور و معروف محدث و مفسر حافظ عماد الدین ابو الفداء ابن کثیر ؒ کا عظیم شاہ

## تفسیر ابن کثیر

جس کا جدید اور مکمل اردو ترجمہ ادارہ ضیاء المصنفین بھیرہ شریف نے
اپنے نامور فضلاء علامہ محمد اکرم الازہری، علامہ محمد سعید الازہری،
علامہ محمد الطاف حسین الازہری سے اپنی نگرانی میں کروایا ہے۔

ان شاء اللہ

# ضیاء القرآن پبلی کیشنز

جلد اس علمی کارنامے کو منصۂ شہود پر لانے کا شرف حاصل کرے گا۔

marfat.com

صاحبانِ ذوق و محبت اور اربابِ فکر و نظر

# مژدۂ جانفزا

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر

حضرت ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ کے

بہار آفریں قلم سے نکلا ہوا لازوال شاہکار

درد و سوز اور تحقیق و آگہی سے معمور تصنیف

# ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مکمل سیٹ سات جلدیں

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور، کراچی۔ پاکستان


marfat.com

قرآن کتاب ہدایت ہے۔
مکمل ضابطہ حیات ہے۔

قرآن ہماری دنیوی اور اخروی کامیابی کا ضامن ہے۔

قرآن کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔

## پیر محمد کرم شاہ صاحب ازہری کی معرکہ آرا تفسیر

خوبصورت ترجمہ ● بہترین تفسیر

# ضیاء القرآن

فہمِ قرآن کا بہترین ذریعہ ہے

ترجمہ: جس کے ہر لفظ سے اعجازِ قرآن کا حسن نظر آتا ہے

تفسیر: اہلِ دل کے لیے درد و سوز کا ارمغان

ضیاء القرآن پبلی کیشنز گنج بخش روڈ لاہور

marfat.com

# تنویر الابصار

# بتقبیل المزار

تصنیف

حضرت شیخ الاسلام علامہ محمد قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور۔ کراچی ۔ پاکستان